پس وہ ہوجاتا ہے ﴿۱۱۷﴾ اور کہتے ہیں وہ لوگ جو کچھ نہیں جانتے

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَاۤ اٰيَةٌ ؕ

کیوں نہیں بات کرتا ہم سے اللہ یا کیوں نہیں آتی ہمارے پاس کوئی آیت

كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اسی طرح کہہ چکے ہیں وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے

مِّثْلَ قَوْلِهِمْؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ

انہی کی سی بات ایک سے ہیں دل ان کے

قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

بیشک ہم نے بیان کردیں نشانیاں ان لوگوں کے واسطے جو یقین لاتے ہیں ﴿۱۱۸﴾

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ

بیشک ہم نے تجھ کو بھیجا ہے سچا دین دے کر خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا

وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾

اور تجھ سے پوچھ نہیں دوزخ میں رہنے والوں کی ﴿۱۱۹﴾

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى

اور ہرگز راضی نہ ہوں گے تجھ سے یہود اور نہ نصاریٰ

حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ۭ قُلْ اِنَّ هُدَى

جب تک تو تابع نہ ہو ان کے دین کا تو کہہ دے جو راہ

اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ

اللہ بتلا دے وہی راہ سیدھی ہے اور اگر بالفرض تو تابع داری کرے

اَھْوَاۗءَھُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَاۗءَكَ مِنَ

ان کی خواہشوں کی بعد اس علم کے جو تجھ کو پہنچا

الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

تو تیرا کوئی نہیں اللہ کے ہاتھ سے حمایت کرنے والا

وَقف منزل

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

اور نہ مددگار ﴿۱۲۰﴾ وہ لوگ جن کو دی ہم نے

الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

کتاب وہ اس کو پڑھتے ہیں جو حق ہے اس کے پڑھنے کا

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَ مَنْ يَّكْفُرْ

وہی اس پر یقین لاتے ہیں اور جو کوئی منکر ہوگا

ع ١٤ ٩

بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع

اس سے تو وہی لوگ نقصان پانے والے ہیں ﴿۱۲۱﴾

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ

اے بنی اسرائیل یاد کرو احسان ہمارے

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ

جو ہم نے تم پر کیے اور اس کو کہ ہم نے تم کو بڑائی دی

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا

اہل عالم پر ﴿۱۲۲﴾ اور ڈرو اس دن سے کہ

لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا

نہ کام آوے کوئی شخص کسی کی طرف سے ذرا بھی

وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا

اور نہ قبول کیا جاوے گا اس کی طرف سے بدلہ اور نہ کام آوے اس کو

شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿١٢٣﴾

سفارش اور نہ ان کو مدد پہنچے ﴿١٢٣﴾

وَاِذِ ابْتَلٰۤی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ

احتیاط

اور جب آزمایا ابراہیم کو اس کے رب نے کئی باتوں میں

فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّیْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ

پھر اسنے وہ پوری کیں تب فرمایا میں تجھ کو کروں گا سب لوگوں کا

اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ قَالَ

پیشوا بولا اور میری اولاد میں سے بھی فرمایا

لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ﴿١٢٤﴾ وَاِذْ

نہیں پہنچے گا میرا قرار ظالموں کو ﴿١٢٤﴾ اور جب

جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ

مقرر کیا ہم نے خانہ کعبہ کو اجتماع کی جگہ لوگوں کے واسطے اور جگہ امن کی

وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّی ؕ

اور بناؤ ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو نماز کی جگہ

وَعَهِدْنَآ اِلٰٓی اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ

اور حکم کیا ہم نے ابراہیم اور اسماعیل کو کہ

طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ

پاک کر رکھو میرے گھر کو واسطے طواف کرنے والوں کے اور اعتکاف کرنے والوں کے

وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ

اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے ﴿۱۲۵﴾ اور جب کہا

اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا

ابراہیم نے اے میرے رب بنا اس کو شہر امن کا

وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ

اور روزی دے اسکے رہنے والوں کو میوے جو کوئی ان میں سے ایمان لاوے

مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ

اللہ پر اور قیامت کے دن پر فرمایا

وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ

اور جو کفر کریں اس کو بھی نفع پہنچاؤں گا تھوڑے دنوں پھر

اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ

اس کو جبرا بلاؤں گا دوزخ کے عذاب میں اور وہ بری

الْمَصِيْرُ ﴿١٢٦﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ

جگہ ہے رہنے کی ﴿١٢٦﴾ اور یاد کر جب اٹھاتے تھے ابراہیم

الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ

بنیادیں خانہ کعبہ کی اور اسماعیل (اور دعا کرتے تھے)

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

اے پروردگار ہمارے قبول کر ہم سے بیشک تو ہی ہے سننے والا

الْعَلِيْمُ ﴿١٢٧﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ

جاننے والا ﴿١٢٧﴾ اے پروردگار ہمارے اور کر ہم کو حکم بردار

لَكَ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِنَاۤ اُمَّةً مُّسۡلِمَةً

اپنا اور ہماری اولاد میں بھی کر ایک جماعت فرمانبردار

لَّكَ ۖ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبۡ عَلَيۡنَا ۚ

اپنی اور بتلا ہم کو قاعدے حج کرنے کے اور ہم کو معاف کر

اِنَّكَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا

بیشک تو ہی ہے توبہ قبول کرنے والا مہربان ﴿۱۲۸﴾ اے پروردگار ہمارے

وَابۡعَثۡ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ يَتۡلُوۡا

اور بھیج ان میں ایک رسول انہی میں کا کہ پڑھے

عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ

ان پر تیری آیتیں اور سکھلاوے ان کو کتاب

وَالۡحِكۡمَةَ وَيُزَكِّيۡهِمۡ ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ

اور تہ کی باتیں اور پاک کرے ان کو بےشک تو ہی ہے

۱۵ ع ۸ ۱۵ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۱۲۹﴾ ع وَمَنۡ يَّرۡغَبُ

بہت زبردست بڑی حکمت والا ﴿۱۲۹﴾ اور کون ہے جو پھرے

عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ

ابراہیم کے مذہب سے مگر وہی کہ جس نے احمق بنایا

نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ

اپنے آپ کو اور بے شک ہم نے ان کو منتخب کیا دنیا میں

وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٣٠﴾

اور وہ آخرت میں نیکوں میں ہیں ﴿١٣٠﴾

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ

یاد کرو جب اسکو کہا اسکے رب نے کہ حکم برداری کر تو بولا کہ میں حکم بردار ہوں

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٣١﴾ وَوَصّٰى بِهَاۤ اِبْرٰهٖمُ

تمام عالم کے پروردگار کا ﴿١٣١﴾ اور یہی وصیت کر گیا ابراہیم

بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ

اپنے بیٹوں کو اور یعقوب بھی کہ اے بیٹو بے شک اللہ نے

اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ

چن کردیا ہے تم کو دین سو تم ہرگز نہ مرنا

اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿١٣٢﴾ اَمْ كُنْتُمْ

مگر مسلمان ﴿١٣٢﴾ کیا تم موجود

شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ

تھے جس وقت قریب آئی یعقوب کے موت

اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ

جب کہا اپنے بیٹوں کو تم کس کی عبادت کرو گے

مِنْۢ بَعْدِىْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ

میرے بعد بولے ہم بندگی کریں گے تیرے رب کی

وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

اور تیرے باپ دادوں کے رب کی جو کہ ابراہیم اور اسماعیل

وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهٗ

اور اسحاق ہیں وہی ایک معبود ہے اور ہم سب اسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٣﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ

فرمانبردار ہیں ﴿١٣٣﴾ وہ ایک جماعت تھی جو گزر چکی

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ

انکے واسطے ہے جو انہوں نے کیا اور تمہارے واسطے ہے جو تم نے کیا

وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٤﴾

اور تم سے پوچھ نہیں ان کے کاموں کی ﴿١٣٤﴾

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى

اور کہتے ہیں کہ ہوجاؤ یہودی یا نصرانی تو

تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ

تم پالو گے راہ راست کہہ دے کہ ہرگز نہیں بلکہ ہم نے اختیار کی راہ ابراہیم کی

حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٣٥﴾

جو ایک ہی طرف کا تھا اور نہ تھا شرک کرنے والوں میں ﴿١٣٥﴾

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا

تم کہہ دو کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو اترا ہم پر

وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ

اور جو اترا ابراہیم اور اسماعیل

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ

اور اسحاق اور یعقوب اور اس کی اولاد پر

اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ

اور جو ملا موسیٰ کو اور عیسیٰ کو اور جو ملا

النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ

دوسرے پیغمبروں کو ان کے رب کی طرف سے ہم فرق نہیں کرتے

اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۙ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿١٣٦﴾

ان سب میں سے ایک میں بھی اور ہم اسی پروردگار کے فرمانبردار ہیں ﴿١٣٦﴾

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ

سو اگر وہ بھی ایمان لاویں جس طرح پر تم ایمان لائے

فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ

ہدایت پائی انہوں نے بھی اور اگر پھر جاویں تو پھر وہی ہیں

فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ

ضد پر سو اب کافی ہے تیری طرف سے ان کو اللہ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣٧﴾ؕ صِبْغَةَ

اور وہی ہے سننے والا جاننے والا ﴿١٣٧﴾ ہم نے قبول کرلیا رنگ اللہ کا

اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۫

اور کس کا رنگ بہتر ہے اللہ کے رنگ سے

وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿١٣٨﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا

اور ہم اسی کی بندگی کرتے ہیں ﴿١٣٨﴾ کہہ دے کیا تم جھگڑا کرتے ہو

فِي اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ

ہم سے اللہ کی نسبت حالانکہ وہی ہے رب ہمارا اور رب تمھارا اور ہمارے لیے ہیں

اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ

عمل ہمارے اور تمھارے لیے ہیں عمل تمھارے اور ہم تو

لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿١٣٩﴾ۙ اَمْ تَقُوْلُوْنَ

خالص اسی کے ہیں ﴿١٣٩﴾ کیا تم کہتے ہو

اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ

کہ ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق

وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ

اور یعقوب اور اس کی اولاد تو یہودی تھے یا

نَصٰرٰی ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ

نصرانی کہہ دے کہ تم کو زیادہ خبر ہے یا اللہ کو

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً

اور اس سے بڑا ظالم کون جس نے چھپائی وہ گواہی

عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

جو ثابت ہوچکی اس کو اللہ کی طرف سے اور اللہ بے خبر نہیں

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ

تمھارے کاموں سے ﴿۱۴۰﴾ وہ ایک جماعت تھی جو گزر چکی

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ

ان کے واسطے ہے جو انہوں نے کیا اور تمھارے واسطے ہے جو تم نے کیا

وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ ع ١٦/١٦ ١٢

اور تم سے کچھ پوچھ نہیں ان کے کاموں کی ﴿۱۴۱﴾

سَیَقُوۡلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ

اب کہیں گے بے وقوف لوگ

مَا وَلّٰىهُمۡ عَنۡ قِبۡلَتِهِمُ الَّتِىۡ كَانُوۡا

کہ کس چیز نے پھیر دیا مسلمانوں کو ان کے قبلہ سے جس

عَلَيۡهَا ‌ؕ قُل لِّلّٰهِ الۡمَشۡرِقُ وَالۡمَغۡرِبُ‌ ؕ

پر وہ تھے تو کہہ اللہ ہی کا ہے مشرق اور مغرب

يَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۱۴۲﴾

چلائے جس کو چاہے سیدھی راہ پر ﴿۱۴۲﴾

وَكَذٰلِكَ جَعَلۡنٰكُمۡ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوۡنُوۡا

اور اسی طرح کیا ہم نے تم کو امت معتدل تاکہ تم ہو

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوۡنَ الرَّسُوۡلُ

گواہ لوگوں پر اور ہو رسول

عَلَيۡكُمۡ شَهِيۡدًا ‌ؕ وَمَا جَعَلۡنَا الۡقِبۡلَةَ

تم پر گواہی دینے والا اور نہیں مقرر کیا تھا ہم نے وہ قبلہ

الَّتِیْ کُنْتَ عَلَیْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ

کہ جس پر تو پہلے تھا مگر اس واسطے کہ معلوم کریں کون تابع رہے گا

الرَّسُوْلَ مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ عَلٰی عَقِبَیْهِ ؕ

رسول کا اور کون پھر جائے گا الٹے پاؤں

وَاِنْ کَانَتْ لَکَبِیْرَةً اِلَّا عَلَی الَّذِیْنَ

اور بے شک یہ بات بھاری ہوئی مگر ان پر جن کو

هَدَی اللّٰهُ ؕ وَمَا کَانَ اللّٰهُ لِیُضِیْعَ

راہ دکھائی اللہ نے اور اللہ ایسا نہیں کہ ضائع کرے

اِیْمَانَکُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ

تمھارا ایمان بے شک اللہ لوگوں پر بہت شفیق

رَّحِیْمٌ ﴿۱۴۳﴾ قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ

نہایت مہربان ہے ﴿۱۴۳﴾ بے شک ہم دیکھتے ہیں بار بار اٹھنا تیرے منہ کا

فِی السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ۠

آسمان کی طرف، سو البتہ پھیریں گے ہم تجھ کو جس قبلہ کی طرف تو راضی ہو

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

اب پھیر منہ اپنا طرف مسجد الحرام کے

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ

اور جس جگہ تم ہوا کرو پھیرو منہ

شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اسی طرف اور جن کو ملی ہے کتاب

لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ

البتہ جانتے ہیں کہ یہ ہی ٹھیک ہے ان کے رب کی طرف سے

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٤﴾ وَلَئِنْ

اور اللہ بے خبر نہیں ان کاموں سے جو وہ کرتے ہیں ﴿١٤٤﴾ اور اگر

اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ

تو لائے اہل کتاب کے پاس ساری نشانیاں

مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا اَنْتَ بِتَابِعٍ

تو بھی نہ مانیں گے تیرے قبلہ کو اور نہ تو مانے

قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ

ان کا قبلہ اور نہ ان میں ایک مانتا ہے دوسرے کا قبلہ

بَعْضٍ ۗ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْۢ

اور اگر تو چلا ان کی خواہشوں پر

بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا

بعد اس علم کے جو تجھ کو پہنچا تو بیشک تو بھی

لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ وقف لازم

ہوا بے انصافوں میں ﴿۱۴۵﴾ جن کو ہم نے دی ہے

الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۗ

کتاب پہچانتے ہیں اس کو جیسے پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو

وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ

اور بے شک ایک فرقہ ان میں سے البتہ چھپاتے ہیں حق کو

وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وقف منزل

جان کر ﴿۱۴۶﴾ حق وہی ہے جو تیرا رب کہے

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع وَلِكُلٍّ

پھر تو نہ ہو شک لانے والا ﴿۱۴۷﴾ اور ہر کسی کے واسطے

وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّیْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرٰتِ ؕ۟

ایک جانب ہے یعنی قبلہ کہ وہ منہ کرتا ہے اس طرف سو تم سبقت کرو نیکیوں میں

اَیْنَ مَا تَكُوْنُوْا یَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا ؕ

جہاں کہیں تم ہو گے کر لائے گا تم کو اللہ اکٹھا

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۴۸﴾ وَمِنْ

بے شک اللہ ہر چیز کر سکتا ہے ﴿۱۴۸﴾ اور

حَیْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ

جس جگہ سے تو نکلے سو منہ کر اپنا

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ

مسجد الحرام کی طرف اور بے شک یہی حق ہے

رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾

تیرے رب کی طرف سے اور اللہ بے خبر نہیں تمہارے کاموں سے ﴿۱۴۹﴾

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ع ۱۷

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ
اور جہاں سے تو نکلے منہ کر اپنا
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ
مسجد الحرام کی طرف اور جس جگہ تم ہوا کرو
فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ
منہ کرو اسی کی طرف تاکہ نہ رہے
لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۤ اِلَّا الَّذِيْنَ
لوگوں کو تم سے جھگڑنے کا موقع مگر جو
ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۤ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۤ
ان میں بے انصاف ہیں سو ان سے (یعنی ان کے اعتراضوں سے) نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو
وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ
اور اس واسطے کہ کامل کروں تم پر فضل اپنا تاکہ تم
تَهْتَدُوْنَ ۝۱۵۰ۙ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا
پاؤ راہ سیدھی ۝۱۵۰ جیسا کہ بھیجا ہم نے تم میں رسول

مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ

تم ہی میں کا پڑھتا ہے تمہارے آگے آیتیں ہماری اور پاک کرتا ہے تم کو

وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ

اور سکھلاتا ہے تم کو کتاب اور اس کے اسرار اور سکھاتا ہے تم کو

مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿١٥١﴾ؕ فَاذْكُرُوْنِيْٓ

جو تم نہ جانتے تھے ﴿١٥١﴾ سو تم یاد رکھو مجھ کو

اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿١٥٢﴾ع

میں یاد رکھوں تم کو اور احسان مانو میرا اور ناشکری مت کرو ﴿١٥٢﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ

اے مسلمانو! مدد لو صبر

وَالصَّلٰوةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٣﴾

اور نماز سے بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿١٥٣﴾

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور نہ کہو ان کو جو مارے گئے خدا کی راہ میں

معانقة ٣

ع ١٨ ٥ ٢

اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

کہ مردے ہیں بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم کو خبر نہیں ﴿۱۵۴﴾

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَیْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ

اور البتہ ہم آزمائیں گے تم کو تھوڑے سے ڈر سے اور تھوڑی سی بھوک سے

وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ

اور نقصان سے مالوں کے اور جانوں کے اور میووں کے

وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ لا الَّذِيْنَ اِذَآ

اور خوش خبری دے ان صبر کرنے والوں کو ﴿۱۵۵﴾ کہ جب

اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ

پہنچے ان کو کچھ مصیبت تو کہیں ہم تو اللہ ہی کا مال ہیں

وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ ؕ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ

اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانیوالے ہیں ﴿۱۵۶﴾ ایسے ہی لوگوں پر

صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ قف وَاُولٰٓئِكَ

عنایتیں ہیں اپنے رب کی اور مہربانی اور وہی

هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿١٥٧﴾ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

ہیں سیدھی راہ پر ﴿١٥٧﴾ بے شک صفا اور مروہ

مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ

نشانیوں میں سے ہیں اللہ کی سو جو کوئی حج کرے بیت اللہ کا

اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ

یا عمرہ تو کچھ گناہ نہیں اس کو کہ طواف کرے

بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ

ان دونوں میں اور جو کوئی اپنی خوشی سے کرے کچھ نیکی تو اللہ

شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿١٥٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

قدرداں ہے سب کچھ جاننے والا ﴿١٥٨﴾ بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں

مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ

جو کچھ ہم نے اتارے صاف حکم اور ہدایت کی باتیں

بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ

بعد اس کے کہ ہم ان کو کھول چکے لوگوں کے واسطے کتاب میں ان

يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۙ ﴿۱۵۹﴾

پر لعنت کرتا ہے اللہ اور لعنت کرتے ہیں ان پر لعنت کرنے والے ﴿۱۵۹﴾

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا

مگر جنہوں نے توبہ کی اور درست کیا اپنے کام کو اور بیان کر دیا حق بات کو

فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ

تو ان کو معاف کرتا ہوں اور میں ہوں بڑا معاف کرنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا

نہایت مہربان ﴿۱۶۰﴾ بے شک جو لوگ کافر ہوئے اور مر گئے

وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ

کافر ہی انہی پر ہے لعنت اللہ کی

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۙ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ

اور فرشتوں اور لوگوں کی سب کی ﴿۱۶۱﴾ ہمیشہ رہیں گے

فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

اسی لعنت میں نہ ہلکا ہو گا ان پر سے عذاب اور نہ ان کو

يُنْظَرُوْنَ ﴿١٦٢﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

مہلت ملے گی ﴿١٦٢﴾ اور معبود تم سب کا ایک ہی معبود ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿١٦٣﴾ ع

ع ١٩ ١١ ٣

کوئی معبود نہیں اس کے سوا بڑا مہربان ہے نہایت رحم والا ﴿١٦٣﴾

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بے شک آسمان اور زمین کے پیدا کرنے میں

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ

اور رات اور دن کے بدلتے رہنے میں اور کشتیوں میں جو کہ

تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ

لے کر چلتی ہیں دریا میں لوگوں کے کام کی چیزیں اور

اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا

پانی میں جس کو کہ اتارا اللہ نے آسمان سے پھر جلایا

بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ

اس سے زمین کو اس کے مرگئے پیچھے اور پھیلائے اس میں

كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ

سب قسم کے جانور اور ہواؤں کے بدلنے میں اور بادل میں

الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ

جو کہ تابعدار ہے اسکے حکم کا درمیان آسمان وزمین کے بیشک ان سب چیزوں میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿١٦٤﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

عقل مندوں کے لیے ﴿١٦٤﴾ اور بعضے لوگ وہ ہیں جو

يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ

بناتے ہیں اللہ کے برابر اوروں کو دوست ان کی محبت ایسی رکھتے ہیں

كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا

جیسی محبت اللہ کی اور ایمان والوں کو اس سے زیادہ تر ہے محبت

لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ

اللہ کی اور اگر دیکھ لیں یہ ظالم اس وقت کو جب کہ دیکھیں گے

الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ

عذاب کہ قوت ساری اللہ ہی کے لیے ہے اور یہ کہ

اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذۡ تَبَرَّاَ الَّذِيۡنَ

اللہ کا عذاب سخت ہے ﴿۱۶۵﴾ جبکہ بیزار ہوجاویں گے وہ کہ جن

اتُّبِعُوۡا مِنَ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡا وَرَاَوُا الۡعَذَابَ

کی پیروی کی تھی ان سے کہ جو ان کے پیرو ہوئے تھے اور دیکھیں گے عذاب

وَتَقَطَّعَتۡ بِهِمُ الۡاَسۡبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ

اور منقطع ہوجائیں گے ان کے سب علاقے ﴿۱۶۶﴾ اور کہیں گے

الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡا لَوۡ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ

پیرو کیا اچھا ہوتا جو ہم کو دنیا کی طرف لوٹ جانا مل جاتا تو پھر ہم بھی بیزار ہوجاتے

مِنۡهُمۡ كَمَا تَبَرَّءُوۡا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيۡهِمُ

ان سے جیسے یہ ہم سے بے زار ہوگئے اسی طرح پر دکھلائے گا

اللّٰهُ اَعۡمَالَهُمۡ حَسَرٰتٍ عَلَيۡهِمۡ ؕ

اللہ ان کو ان کے کام حسرت دلانے کو

وَمَا هُمۡ بِخٰرِجِيۡنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ ع يٰۤاَيُّهَا ع ۲۰

اور وہ ہرگز نکلنے والے نہیں نار سے ﴿۱۶۷﴾ اے

النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖز

لوگو! کھاؤ زمین کی چیزوں میں سے حلال پاکیزہ

وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ

اور پیروی نہ کرو شیطان کی بے شک وہ تمھارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ

دشمن ہے صریح ﴿۱۶۸﴾ وہ تو یہی حکم کرے گا تم کو کہ برے کام

وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا

اور بے حیائی کرو اور جھوٹ لگاؤ اللہ پر وہ

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا

باتیں جن کو تم نہیں جانتے ﴿۱۶۹﴾ اور جب کوئی ان سے کہے کہ تابعداری کرو

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا

اس حکم کی جو کہ نازل فرمایا اللہ نے تو کہتے ہیں ہرگز نہیں ہم تو تابعداری کریں گے اسکی جس پر دیکھا ہم نے

عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ

اپنے باپ دادوں کو بھلا اگرچہ ان کے باپ دادے

لَا یَعۡقِلُوۡنَ شَیۡـًٔا وَّلَا یَهۡتَدُوۡنَ ﴿۱۷۰﴾ وَمَثَلُ

نہ سمجھتے ہوں کچھ بھی اور نہ جانتے ہوں سیدھی راہ ﴿۱۷۰﴾ اور مثال

الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا کَمَثَلِ الَّذِیۡ یَنۡعِقُ بِمَا

ان کافروں کی ایسی ہے جیسے پکارے کوئی شخص ایک چیز کو جو

لَا یَسۡمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ

کچھ نہ سنے سوا پکارنے اور چلانے کے بہرے

بُکۡمٌ عُمۡیٌ فَهُمۡ لَا یَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۷۱﴾ یٰۤاَیُّهَا

گونگے اندھے ہیں سو وہ کچھ نہیں سمجھتے ﴿۱۷۱﴾ اے

الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا کُلُوۡا مِنۡ طَیِّبٰتِ مَا

ایمان والو کھاؤ پاکیزہ چیزیں جو

رَزَقۡنٰکُمۡ وَاشۡکُرُوۡا لِلّٰهِ اِنۡ کُنۡتُمۡ

روزی دی ہم نے تم کو اور شکر کرو اللہ کا اگر تم

اِیَّاهُ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۱۷۲﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیۡکُمُ

اسی کے بندے ہو ﴿۱۷۲﴾ اس نے تو تم پر یہی حرام کیا ہے

الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَآ

مردہ جانور اور لہو اور گوشت سور کا اور جس جانور

أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ

پر نام پکارا جائے اللہ کے سوا کسی اور کا پھر جو کوئی بے اختیار ہو جائے نہ تو

بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

نافرمانی کرے اور نہ زیادتی تو اس پر کچھ گناہ نہیں بے شک اللہ ہے

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٧٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ﴿١٧٣﴾ بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ

جو کچھ نازل کی اللہ نے کتاب اور لیتے ہیں

بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ

اس پر تھوڑا سا مول وہ نہیں بھرتے اپنے

بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ

پیٹ میں مگر آگ اور نہ بات کرے گا ان سے اللہ

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۚۖ وَلَهُمْ

قیامت کے دن اور نہ پاک کرے گا ان کو اور ان کے لیے ہے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

عذاب دردناک ﴿۱۷۴﴾ یہی ہیں جنہوں نے خریدا

الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ

گمراہی کو بدلے ہدایت کے اور عذاب بدلے بخشش کے

فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ

سو کس قدر صبر کرنے والے ہیں وہ دوزخ پر ﴿۱۷۵﴾ یہ اس واسطے کہ

اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ۗ وَاِنَّ الَّذِيْنَ

اللہ نے نازل فرمائی کتاب سچی اور جنہوں نے

۲۱ ع ۹ ۵ اخْتَلَفُوْا فِى الْكِتٰبِ لَفِىْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ ع

اختلاف ڈالا کتاب میں وہ بے شک ضد میں دور جا پڑے ﴿۱۷۶﴾

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ

نیکی کچھ یہی نہیں کہ منہ کرو اپنا

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ

مشرق کی طرف یا مغرب کی لیکن بڑی نیکی تو یہ ہے جو کوئی

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

ایمان لائے اللہ پر اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر

وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى

اور سب کتابوں پر اور پیغمبروں پر اور دے مال

حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

اس کی محبت پر رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو

وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ

اور مسافروں کو اور مانگنے والوں کو اور گردنیں چھڑانے میں

وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ

اور قائم رکھے نماز اور دیا کرے زکوٰۃ اور پورا کرنے والے

بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ

اپنے اقرار کو جب عہد کریں اور صبر کرنے والے

فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِیْنَ الْبَاْسِ ؕ

سختی میں اور تکلیف میں اور لڑائی کے وقت

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

یہی لوگ ہیں سچے اور یہی ہیں

الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

پرہیزگار ﴿۱۷۷﴾ اے ایمان والو

كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰی ؕ

فرض ہوا تم پر (قصاص) برابری کرنا مقتولوں میں

اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰی

آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت

بِالْاُنْثٰی ؕ فَمَنْ عُفِیَ لَهٗ مِنْ اَخِیْهِ

پھر جس کو معاف کیا جائے اس کے بھائی کی طرف سے

شَیْءٌ فَاتِّبَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَیْهِ

کچھ بھی تو تابع داری کرنی چاہیے موافق دستور کے اور ادا کرنا چاہیے اس کو

بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

خوبی کے ساتھ یہ آسانی ہوئی تمھارے رب کی طرف سے

وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

اور مہربانی پھر جو زیادتی کرے اس فیصلہ کے بعد تو اس کے لیے ہے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ

عذاب دردناک ﴿۱۷۸﴾ اور تمھارے واسطے قصاص میں

حَيٰوةٌ يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

بڑی زندگی ہے اے عقلمندو تاکہ تم بچتے رہو ﴿۱۷۹﴾

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

فرض کردیا گیا تم پر جب حاضر ہو کسی کو تم میں موت

اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖۚ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ

بشرطیکہ چھوڑے کچھ مال وصیت کرنا ماں باپ کے واسطے

وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى

اور رشتہ داروں کے لیے انصاف کے ساتھ یہ حکم لازم ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ

پرہیزگاروں پر ﴿۱۸۰﴾ پھر جو کوئی بدل ڈالے وصیت کو بعد اس کے جو سن چکا

فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ

تو اس کا گناہ انہی پر ہے جنہوں نے اس کو بدلا بے شک

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ ؕ فَمَنْ خَافَ مِنْ

اللہ سننے والا جاننے والا ہے ﴿۱۸۱﴾ پھر جو کوئی خوف کرے

مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ

وصیت کرنے والے سے طرف داری کا یا گناہ کا پھر صلح کرادے ان میں باہم

۲۲ ع ۶ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾ ع

تو اس پر کچھ گناہ نہیں بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے ﴿۱۸۲﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

اے ایمان والو فرض کیا گیا تم پر

الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ

روزہ جیسے فرض کیا گیا تھا تم سے

قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ لا اَيَّامًا

اگلوں پر تاکہ تم پرہیزگار ہوجاؤ ﴿۱۸۳﴾ چند روز ہیں

مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا

گنتی کے پھر جو کوئی تم میں سے بیمار ہو

اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ

یا مسافر تو اس پر ان کی گنتی ہے اور دنوں سے

وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ

اور جن کو طاقت ہے روزہ کی ان کے ذمہ بدلا ہے

مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ

ایک فقیر کا کھانا پھر جو کوئی خوشی سے کرے نیکی تو

خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ

اچھا ہے اس کے واسطے اور روزہ رکھو تو بہتر ہے تمہارے لیے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾ شَهْرُ رَمَضَانَ

اگر تم سمجھ رکھتے ہو ﴿۱۸۴﴾ مہینہ رمضان کا ہے

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ

جس میں نازل ہوا قرآن ہدایت ہے واسطے لوگوں کے

وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ

اور دلیلیں روشن راہ پانے کی اور حق کو باطل سے جدا کرنے کی سو جو کوئی

شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ

پائے تم میں سے اس مہینہ کو تو ضرور روزے رکھے اس کے اور جو کوئی

كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ

ہو بیمار یا مسافر تو اس کو گنتی پوری کرنی چاہیے اور

اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ

دنوں سے اللہ چاہتا ہے تم پر آسانی

وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۡ وَلِتُكْمِلُوا

اور نہیں چاہتا تم پر دشواری اور اس واسطے کہ تم پوری کرو

الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ

گنتی اور تاکہ بڑائی کرو اللہ کی اس بات پر کہ تم کو ہدایت کی

وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿١٨٥﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ

اور تاکہ تم احسان مانو ﴿١٨٥﴾ اور جب تجھ سے پوچھیں

عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ

میرے بندے مجھ کو سو میں تو قریب ہوں قبول کرتا ہوں

دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا

دعا مانگنے والے کی دعا کو جب مجھ سے دعا مانگے تو چاہیے کہ وہ حکم مانیں

لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ ﴿١٨٦﴾

میرا اور یقین لائیں مجھ پر تاکہ نیک راہ پر آئیں ﴿١٨٦﴾

اُحِلَّ لَكُمْ لَیْلَةَ الصِّیَامِ الرَّفَثُ اِلٰی

حلال ہوا تم کو روزہ کی رات میں بے حجاب ہونا

نِسَآىِٕكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ

اپنی عورتوں سے وہ پوشاک ہیں تمہاری اور تم

لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ

پوشاک ہو ان کی اللہ کو معلوم ہے کہ تم

تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ

خیانت کرتے تھے اپنی جانوں سے سو معاف کیا تم کو

وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ

اور درگزر کی تم سے پھر ملو اپنی عورتوں سے

وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا

اور طلب کرو اس کو جو لکھ دیا ہے اللہ نے تمہارے لیے اور کھاؤ اور پیو

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ

جب تک کہ صاف نظر آئے تم کو دھاری سفید صبح کی جدا

الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۠ ثُمَّ اَتِمُّوا

دھاری سیاہ سے پھر پورا کرو

الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ

روزہ کو رات تک اور نہ ملو عورتوں سے

وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِى الْمَسٰجِدِ ۭ تِلْكَ

جب تک کہ تم اعتکاف کرو مسجدوں میں یہ

حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

حدیں باندھی ہوئی ہیں اللہ کی سو ان کے نزدیک نہ جاؤ اسی طرح بیان فرماتا ہے

اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿١٨٧﴾

اللہ اپنی آیتیں لوگوں کے واسطے تاکہ وہ بچتے رہیں ﴿١٨٧﴾

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ

اور نہ کھاؤ مال ایک دوسرے کا آپس میں ناحق

وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ

اور نہ پہنچاؤ ان کو حاکموں تک کہ کھا جاؤ کوئی حصہ

اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١٨٨﴾ ع ع ٢٣ ٦ ٧

لوگوں کے مال میں سے ظلم کر کے (ناحق) تم کو معلوم ہے ﴿١٨٨﴾

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ

تجھ سے پوچھتے ہیں حال نئے چاند کا کہہ دے کہ یہ اوقات مقررہ ہیں

لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا

لوگوں کے واسطے اور حج کے واسطے اور نیکی یہ نہیں کہ آؤ

الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ
گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے اور لیکن نیکی یہ ہے کہ جو کوئی
اتَّقٰی ۚ وَاْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۖ
ڈرے اللہ سے اور آؤ گھروں میں دروازوں سے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿١٨٩﴾ وَقَاتِلُوْا
اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم اپنی مراد کو پہنچو ﴿١٨٩﴾ اور لڑو
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ
اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے جو لڑتے ہیں تم سے
وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿١٩٠﴾
اور کسی پر زیادتی مت کر بیشک اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے زیادتی کرنے والوں کو ﴿١٩٠﴾
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ
اور مار ڈالو ان کو جس جگہ پاؤ اور نکال دو
مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ
ان کو جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا اور دین سے بچلانا

الۡقَتۡلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوۡهُمۡ عِنۡدَ الۡمَسۡجِدِ

مار ڈالنے سے بھی زیادہ سخت ہے اور نہ لڑو ان سے مسجد

الۡحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوۡكُمۡ فِيۡهِ ۚ فَاِنۡ

الحرام کے پاس جب تک کہ وہ نہ لڑیں تم سے اس جگہ پھر اگر

قٰتَلُوۡكُمۡ فَاقۡتُلُوۡهُمۡ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ

وہ خود ہی لڑیں تم سے تو ان کو مارو یہی ہے سزا

الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انۡتَهَوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ

کافروں کی ﴿۱۹۱﴾ پھر اگر وہ باز آئیں تو بے شک اللہ

غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوۡهُمۡ حَتّٰى لَا تَكُوۡنَ

بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے ﴿۱۹۲﴾ اور لڑو ان سے یہاں تک کہ نہ باقی رہے

فِتۡنَةٌ وَّيَكُوۡنَ الدِّيۡنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انۡتَهَوۡا

فساد اور حکم رہے خدا تعالیٰ ہی کا پھر اگر وہ باز آئیں

فَلَا عُدۡوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهۡرُ

تو کسی پر زیادتی نہیں مگر ظالموں پر ﴿۱۹۳﴾ حرمت والا

اَلْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ

مہینہ بدلا (مقابل) ہے حرمت والے مہینہ کا اور ادب رکھنے میں بدلہ ہے

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ

پھر جس نے تم پر زیادتی کی تم اس پر زیادتی کرو

بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا

جیسی اس نے زیادتی کی تم پر اور ڈرتے رہو

اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٩٤﴾

اللہ سے اور جان لو کہ اللہ ساتھ ہے پرہیزگاروں کے ﴿١٩٤﴾

وَاَنْفِقُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا

اور خرچ کر اللہ کی راہ میں اور نہ ڈالو

بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ ركوع

اپنی جان کو ہلاکت میں اور نیکی کرو

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٩٥﴾ وَاَتِمُّوا

بے شک اللہ دوست رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو ﴿١٩٥﴾ اور پورا کرو

الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ

حج اور عمرہ اللہ کے واسطے پھر اگر تم روک دیے جاؤ

فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا

تو تم پر ہے جو کچھ کہ میسر ہو قربانی سے اور حجامت نہ کرو

رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ

اپنے سروں کی جب تک پہنچ نہ چکے قربانی اپنے ٹھکانے پر

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ

پھر جو کوئی تم میں سے بیمار ہو یا اس کو تکلیف ہو

رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ

سر کی تو بدلا دیوے روزے یا خیرات

اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ وقفة فَمَنْ تَمَتَّعَ

یا قربانی پھر جب تمہاری خاطر جمع ہو تو جو کوئی فائدہ اٹھائے

بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ

عمرہ کو ملا کر حج کے ساتھ تو اس پر ہے جو کچھ میسر ہو

الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ

قربانی سے پھر جس کو قربانی نہ ملے تو روزے رکھے تین

اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ

حج کے دنوں میں اور سات روزے جب لوٹو

تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ

یہ دس روزے ہوئے پورے یہ حکم اس کے لیے ہے جس

لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

کے گھر والے نہ رہتے ہوں مسجد الحرام کے پاس

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان لو کہ بے شک اللہ کا عذاب

٢٤ ع ٨ ٨ الْعِقَابِ ﴿١٩٦﴾ ع اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ

سخت ہے ﴿١٩٦﴾ حج کے چند مہینے ہیں معلوم

فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ

پھر جس نے لازم کر لیا ان میں حج تو بے حجاب ہونا جائز نہیں عورت سے

وَقْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ ط وَمَا

اور نہ گناہ کرنا اور نہ جھگڑا کرنا حج کے زمانہ میں اور جو کچھ

تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ط وَتَزَوَّدُوْا

تم کرتے ہو نیکی اللہ اس کو جانتا ہے اور زادراہ لے لیا کرو

فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی ز وَاتَّقُوْنِ يٰۤاُولِی

کہ بے شک بہتر فائدہ زادِراہ کا بچنا ہے مجھ سے ڈرتے رہو اے

الْاَلْبَابِ ﴿١٩٧﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

عقل مندو ﴿١٩٧﴾ کچھ گناہ نہیں تم پر کہ

تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ط فَاِذَآ اَفَضْتُمْ

تلاش کرو فضل اپنے رب کا پھر جب طواف کے لیے لوٹو

مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ

عرفات سے تو یاد کرو اللہ کو نزدیک مشعر

الْحَرَامِ ص وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ج وَاِنْ

الحرام کے اور اس کو یاد کرو جس طرح تم کو سکھلایا اور بے شک

كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿١٩٨﴾

تم تھے اس سے پہلے ناواقف ﴿١٩٨﴾

ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ

پھر طواف کے لیے پھرو جہاں سے سب لوگ پھریں

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٩٩﴾

اور مغفرت چاہو اللہ سے بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہے مہربان ﴿١٩٩﴾

فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ

پھر جب پورے کر چکو اپنے حج کے کام کو تو یاد کرو اللہ کو

كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ

جیسے تم یاد کرتے تھے اپنے باپ دادوں کو بلکہ اس سے بھی زیادہ یاد کرو پھر کوئی

النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

آدمی تو کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو دنیا میں

وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿٢٠٠﴾

اور اس کے لیے آخرت میں کچھ حصہ نہیں ﴿٢٠٠﴾

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

اور کوئی ان میں کہتا ہے اے رب ہمارے دے ہم کو دنیا میں

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ

خوبی اور آخرت میں خوبی اور بچا ہم کو عذاب

النَّارِ ﴿٢٠١﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا

دوزخ سے ﴿٢٠١﴾ انہی لوگوں کے واسطے حصہ ہے

كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٢٠٢﴾

اپنی کمائی سے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے ﴿٢٠٢﴾

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ

اور یاد کرو اللہ کو گنتی کے چند دنوں میں پھر جو کوئی

تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ

جلدی چلا گیا دو ہی دن میں تو گناہ نہیں اس پر اور جو کوئی

تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ؕ وَاتَّقُوا

رہ گیا تو اس پر بھی کچھ گناہ نہیں جو کہ ڈرتا ہے اور ڈرتے رہو

النصف

اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾

اللہ سے اور جان لو بے شک تم سب اسی کے پاس جمع ہو گے ﴿٢٠٣﴾

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي

اور بعض آدمی وہ ہے کہ پسند آتی ہے تجھ کو اس کی بات

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا

دنیا کی زندگانی کے کاموں میں اور گواہ کرتا ہے اللہ کو

فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿٢٠٤﴾ وَاِذَا

اپنے دل کی بات پر اور وہ سخت جھگڑالو ہے ﴿٢٠٤﴾ اور جب

تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا

پھرے تیرے پاس سے تو دوڑتا پھرے ملک میں تاکہ اس میں خرابی ڈالے

وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ

اور تباہ کرے کھیتیاں اور جانیں اور اللہ

لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿٢٠٥﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ

ناپسند کرتا ہے فساد کو ﴿٢٠٥﴾ اور جب اس سے کہا جائے کہ

اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ

اللہ سے ڈر تو آمادہ کرے اس کو غرور گناہ پر سو کافی ہے اس کو

جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَمِنَ

دوزخ اور وہ بے شک برا ٹھکانا ہے ﴿۲۰۶﴾ اور

النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ

لوگوں میں ایک شخص وہ ہے کہ بیچتا ہے اپنی جان کو

مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾

اللہ کی رضا جوئی میں اور اللہ نہایت مہربان ہے اپنے بندوں پر ﴿۲۰۷﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ

اے ایمان والو داخل ہو جاؤ اسلام میں

كَآفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ

پورے اور مت چلو قدموں پر شیطان کے

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنْ زَلَلْتُمْ

بے شک وہ تمہارا صریح دشمن ہے ﴿۲۰۸﴾ پھر اگر تم پھسلنے لگو

مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَیِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا

بعد اس کے کہ پہنچ چکے تم کو صاف حکم تو جان رکھو

اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ یَنْظُرُوْنَ

کہ بیشک اللہ زبردست ہے حکمت والا ﴿۲۰۹﴾ کیا وہ اسی کی راہ دیکھتے ہیں

اِلَّآ اَنْ یَّاْتِیَهُمُ اللّٰهُ فِیْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ

کہ آوے ان پر اللہ ابر کے سائبانوں میں

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

اور فرشتے اور طے ہوجاوے قصہ اور اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ ع سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ع ۲۵/۱۴ ۹

لوٹیں گے سب کام ﴿۲۱۰﴾ پوچھ بنی اسرائیل سے

كَمْ اٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ اٰیَةٍۭ بَیِّنَةٍ ؕ وَمَنْ

کس قدر عنایت کیں ہم نے ان کو نشانیاں کھلی ہوئی اور جو کوئی

یُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ

بدل ڈالے اللہ کی نعمت بعد اس کے کہ پہنچ چکی ہو وہ نعمت اس کو

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُيِّنَ

تو اللہ کا عذاب سخت ہے ﴿۲۱۱﴾ فریفتہ کیا ہے

لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا وَيَسۡخَرُوۡنَ

کافروں کو دنیا کی زندگی پر اور ہنستے ہیں

مِنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا ۘ وَالَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا

ایمان والوں کو اور جو پرہیزگار ہیں

وقف لازم

فَوۡقَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَرۡزُقُ

وہ ان کافروں سے بالاتر ہوں گے قیامت کے دن اور اللہ روزی دیتا ہے

مَنۡ يَّشَآءُ بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ

جس کو چاہے بے شمار ﴿۲۱۲﴾ تھے

النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۚ فَبَعَثَ اللّٰهُ

سب لوگ ایک دین پر پھر بھیجے اللہ نے

النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيۡنَ وَمُنۡذِرِيۡنَ ۖ وَاَنۡزَلَ

پیغمبر خوش خبری سنانے والے اور ڈرانے والے اور اتاری

مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ

ان کے ساتھ کتاب سچی کہ فیصلہ کرے

النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ

لوگوں میں جس بات میں وہ جھگڑا کریں اور نہیں جھگڑا ڈالا

فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا

کتاب میں مگر انہی لوگوں نے جن کو کتاب ملی تھی اس کے بعد کہ

جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى

ان کو پہنچ چکے صاف حکم آپس کی ضد سے پھر اب ہدایت کی

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

اللہ نے ایمان والوں کو اس سچی بات کی جس میں وہ جھگڑ رہے تھے

مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ؕ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ

اپنے حکم سے اور اللہ بتلاتا ہے جس کو

يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ اَمْ

چاہے سیدھا راستہ ﴿۲۱۳﴾ کیا

حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ

تم کو یہ خیال ہے کہ جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ تم پر نہیں گزرے

مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ

حالات ان لوگوں جیسے جو ہو چکے تم سے پہلے کہ پہنچی ان کو

الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى

سختی اور تکلیف اور جھڑجھڑائے گئے یہاں تک کہ

يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

کہنے لگا رسول اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے

مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ

کب آوے گی اللہ کی مدد سن رکھو اللہ کی مدد

قَرِيْبٌ ﴿٢١٤﴾ يَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ

قریب ہے ﴿٢١٤﴾ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا چیز خرچ کریں

قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ

کہہ دو کہ جو کچھ تم خرچ کرو مال سو ماں باپ کے لیے

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ

اور قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور محتاجوں کے اور

السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ

مسافروں کے اور جو کچھ کرو گے تم بھلائی سو وہ بے شک

اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿٢١٥﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ

اللہ کو خوب معلوم ہے ﴿٢١٥﴾ فرض ہوئی تم پر لڑائی

وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا

اور وہ بری لگتی ہے تم کو اور شاید کہ تم کو بری لگے ایک چیز

وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا

اور وہ بہتر ہو تمہارے حق میں اور شاید تم کو بھلی لگے ایک چیز

وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

اور وہ بری ہو تمہارے حق میں اور اللہ جانتا ہے اور تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢١٦﴾ ع يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ ع ٢٦/١٠

نہیں جانتے ﴿٢١٦﴾ تجھ سے پوچھتے ہیں مہینہ

الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ

حرام کو کہ اس میں لڑنا کیسا کہہ دے لڑائی اس میں

كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌ ۢ

بڑا گناہ ہے اور روکنا اللہ کی راہ سے اور اس کو نہ ماننا

بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ

اور مسجد الحرام سے روکنا اور نکال دینا

اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ

اسکے لوگوں کو وہاں سے اس سے بھی زیادہ گناہ ہے اللہ کے نزدیک اور لوگوں کو دین سے بچلانا

اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ

قتل سے بھی بڑھ کر ہے اور کفار تو ہمیشہ تم سے لڑتے ہی رہیں گے

حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ

یہاں تک کہ تم کو پھیر دیں تمہارے دین سے اگر قابو پاویں

وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ

اور جو کوئی پھرے تم میں سے اپنے دین سے پھر مرجاوے

وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

حالت کفر ہی میں تو ایسوں کے ضائع ہوئے عمل

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

دنیا اور آخرت میں اور وہ لوگ رہنے والے ہیں

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢١٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

دوزخ میں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢١٧﴾ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ

ایمان لائے اور جنہوں نے ہجرت کی اور لڑے

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ

اللہ کی راہ میں وہ امیدوار ہیں اللہ کی

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢١٨﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

رحمت کے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿٢١٨﴾ تجھ سے پوچھتے ہیں

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ

حکم شراب کا اور جوئے کا کہہ دے ان دونوں میں

اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ز وَاِثْمُهُمَآ

بڑا گناہ ہے اور فائدے بھی ہیں لوگوں کو اور ان کا گناہ

اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ط وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا

بہت بڑا ہے ان کے فائدہ سے اور تجھ سے پوچھتے ہیں کہ کیا

يُنْفِقُوْنَ ۵ قُلِ الْعَفْوَ ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

خرچ کریں کہہ دے جو بچے اپنے خرچ سے اسی طرح بیان کرتا ہے

اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ لا ﴿۲۱۹﴾

اللہ تمھارے واسطے حکم تاکہ تم فکر کرو

فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ

دنیا و آخرت کی باتوں میں ﴿۲۱۹﴾ اور تجھ سے پوچھتے ہیں

الْيَتٰمٰى ط قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ط وَاِنْ

یتیموں کا حکم کہہ دے سنوارنا ان کے کام کا بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

ان کا خرچ ملا لو تو وہ تمھارے بھائی ہیں اور اللہ جانتا ہے

الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

خرابی کرنے والے اور سنوارنے والے کو اور اگر اللہ چاہتا

لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٢٠﴾

تو تم پر مشقت ڈالتا بے شک اللہ زبردست ہے تدبیر والا ﴿٢٢٠﴾

وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ

اور نکاح مت کرو مشرک عورتوں سے جب تک ایمان نہ لے آئیں

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ

اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہے مشرک بی بی سے اگرچہ

اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ

وہ تم کو بھلی لگے اور نکاح نہ کردو مشرکین سے

حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ

جب تک وہ ایمان نہ لے آویں اور البتہ غلام مسلمان بہتر ہے

مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ

مشرک سے اگرچہ وہ تم کو بھلا لگے وہ بلاتے ہیں

اِلَى النَّارِ ۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ

دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت کی

وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ

اور بخشش کی طرف اپنے حکم سے اور بتلاتا ہے اپنے حکم لوگوں کو

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٢١﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ ع ۲۷/۵ ۱۱

تاکہ وہ نصیحت قبول کریں ﴿٢٢١﴾ اور تجھ سے پوچھتے ہیں

عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا

حکم حیض کا کہہ دے وہ گندگی ہے سو تم الگ رہو

النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ

عورتوں سے حیض کے وقت اور نزدیک نہ ہو ان کے

حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ

جب تک پاک نہ ہوویں پھر جب خوب پاک ہوجاویں تو جاؤ ان کے پاس

مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

جہاں سے حکم دیا تم کو اللہ نے بے شک اللہ کو پسند آتے ہیں

التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿٢٢٢﴾

توبہ کرنے والے اور پسند آتے ہیں گندگی سے بچنے والے ﴿٢٢٢﴾

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ص فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ

تمھاری عورتیں تمھاری کھیتی ہیں سو جاؤ اپنی کھیتی میں

اَنّٰى شِئْتُمْ ز وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ط

جہاں سے چاہو اور آگے کی تدبیر کرو اپنے واسطے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ط

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ تم کو اس سے ملنا ہے

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٢٣﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ

اور خوش خبری سنا ایمان والوں کو ﴿٢٢٣﴾ اور مت بناؤ اللہ کے نام کو

عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا

نشانہ اپنی قسمیں کھانے کے لیے کہ سلوک کرنے سے اور پرہیزگاری سے

وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

اور لوگوں میں صلح کرانے سے بچ جاؤ اور اللہ سب کچھ سنتا

عَلِيْمٌ ﴿٢٢٤﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ

جانتا ہے ﴿٢٢٤﴾ نہیں پکڑتا تم کو اللہ بیہودہ

فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا

قسموں پر تمہاری لیکن پکڑتا ہے تم کو ان قسموں پر کہ جن کا

كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿٢٢٥﴾

قصد کیا تمہارے دلوں نے اور اللہ بخشنے والا تحمل کرنے والا ہے ﴿٢٢٥﴾

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ

جو لوگ قسم کھالیتے ہیں اپنی عورتوں کے پاس جانے سے ان کیلئے مہلت ہے

اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ

چار ماہ کی پھر اگر باہم مل گئے تو اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٢٦﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ

بخشنے والا مہربان ہے ﴿٢٢٦﴾ اور اگر ٹھہرا لیا چھوڑ دینے کو

فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٢٧﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ

تو بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے ﴿٢٢٧﴾ اور طلاق والی عورتیں

يَتَرَبَّصۡنَ بِاَنۡفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوۡٓءٍ ؕ

انتظار میں رکھیں اپنے آپ کو تین حیض تک

وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنۡ يَّكۡتُمۡنَ مَا خَلَقَ

اور ان کو حلال نہیں کہ چھپا رکھیں جو پیدا کیا

اللّٰهُ فِىۡٓ اَرۡحَامِهِنَّ اِنۡ كُنَّ يُؤۡمِنَّ

اللہ نے ان کے پیٹ میں اگر وہ ایمان رکھتی ہیں

بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ وَبُعُوۡلَتُهُنَّ

اللہ پر اور پچھلے دن پر اور ان کے خاوند

اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ اِنۡ اَرَادُوۡٓا

حق رکھتے ہیں ان کے لوٹا لینے کا اس مدت میں اگر چاہیں

اِصۡلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثۡلُ الَّذِىۡ عَلَيۡهِنَّ

سلوک سے رہنا اور عورتوں کا بھی حق ہے جیسا کہ مردوں کا ان پر حق ہے

بِالۡمَعۡرُوۡفِ ۖ وَلِلرِّجَالِ عَلَيۡهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ

دستور کے موافق اور مردوں کو عورتوں پر فضیلت ہے

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٢٨﴾ ع اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ص ٢٨ ع ٧ ١٢

اور اللہ زبردست ہے تدبیر والا ﴿٢٢٨﴾ طلاق رجعی ہے دو بار تک

فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ

اس کے بعد رکھ لینا موافق دستور کے یا چھوڑ دینا

بِاِحْسَانٍ ط وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا

بھلی طرح سے اور تم کو روا نہیں کہ لے لو

مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ

کچھ اپنا دیا ہوا عورتوں سے مگر جب کہ خاوند عورت دونوں ڈریں

اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ط فَاِنْ خِفْتُمْ

اس بات سے کہ قائم نہ رکھ سکیں گے حکم اللہ پھر اگر تم لوگ ڈرو

اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ لا فَلَا جُنَاحَ

اس بات سے کہ وہ دونوں قائم نہ رکھ سکیں گے اللہ کا حکم تو کچھ گناہ نہیں

عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ط تِلْكَ حُدُوْدُ

دونوں پر اس میں کہ عورت بدلہ دے کر چھوٹ جاوے یہ

اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ

اللہ کی باندھی ہوئی حدیں ہیں سو ان سے آگے مت بڑھو اور جو کوئی بڑھ چلے

اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٢٩﴾ فَاِنْ

اللہ کی باندھی ہوئی حدوں سے سو وہی لوگ ہیں ظالم ﴿٢٢٩﴾ پھر اگر

طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى

اس عورت کو طلاق دی یعنی تیسری بار تو اب حلال نہیں اس کو وہ عورت اس کے بعد جب تک

تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا

نکاح نہ کرے کسی خاوند سے اس کے سوا پھر اگر طلاق دیدے دوسرا خاوند

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ

تو کچھ گناہ نہیں ان دونوں پر کہ پھر باہم مل جاویں اگر خیال کریں

اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ

کہ قائم رکھیں گے اللہ کا حکم اور یہ حدیں باندھی ہوئی ہیں

اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٢٣٠﴾ وَاِذَا

اللہ کی بیان فرماتا ہے ان کو واسطے جاننے والوں کے ﴿٢٣٠﴾ اور جب

طَلَّقۡتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغۡنَ اَجَلَهُنَّ

طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پہنچیں اپنی عدت تک

فَاَمۡسِكُوۡهُنَّ بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ سَرِّحُوۡهُنَّ

تو رکھ لو ان کو موافق دستور کے یا چھوڑ دو ان کو

بِمَعۡرُوۡفٍ ۖ وَّلَا تُمۡسِكُوۡهُنَّ ضِرَارًا

بھلی طرح سے اور نہ روکے رکھو ان کو ستانے کے لیے

لِّتَعۡتَدُوۡا ۚ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ فَقَدۡ

تاکہ ان پر زیادتی کرو اور جو ایسا کرے گا وہ بے شک

ظَلَمَ نَفۡسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اٰيٰتِ اللّٰهِ

اپنا ہی نقصان کرے گا اور مت ٹھہراؤ اللہ کے احکام کو

هُزُوًا ۚ وَّاذۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ

ہنسی اور یاد کرو اللہ کا احسان جو تم پر ہے

وَمَآ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنَ الۡكِتٰبِ

اور اس کو کہ جو اتاری تم پر کتاب

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

اور علم کی باتیں کہ تم کو نصیحت کرتا ہے اسکے ساتھ اور ڈرتے رہو اللہ سے

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾ ع

۲۹ ع ۱۳ الثلثة

اور جان رکھو کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے ﴿۲۳۱﴾

وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اور جب طلاق دی تم نے عورتوں کو پھر پورا کر چکیں اپنی عدت کو

فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ

تو اب نہ روکو ان کو اس سے کہ نکاح کرلیں اپنے انہی خاوندوں سے

اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ

جب کہ راضی ہوجاویں آپس میں موافق دستور کے یہ

يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

نصیحت اس کو کی جاتی ہے جو کہ تم میں سے ایمان رکھتا ہے اللہ پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ

اور قیامت کے دن پر اس میں تمھارے واسطے بڑی ستھرائی ہے اور بہت پاکیزگی

وَاللّٰہُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾

اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ﴿۲۳۲﴾

وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَیْنِ

اور بچے والی عورتیں دودھ پلاویں اپنے بچوں کو دو برس

کَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَۃَ ؕ

پورے جو کوئی چاہیے کہ پوری کرے دودھ کی مدت

وَعَلَی الْمَوْلُوْدِ لَہٗ رِزْقُھُنَّ وَکِسْوَتُھُنَّ

اور لڑکے والے یعنی باپ پر ہے کھانا اور کپڑا ان عورتوں کا

بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُکَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَھَا ۚ

موافق دستور کے تکلیف نہیں دی جاتی کسی کو مگر اس کی گنجائش کے موافق

لَا تُضَآرَّ وَالِدَۃٌۢ بِوَلَدِھَا وَلَا مَوْلُوْدٌ

نہ نقصان دیا جاوے ماں کو اس کے بچہ کی وجہ سے اور نہ اس کو کہ جس کا وہ

لَّہٗ بِوَلَدِہٖ ۗ وَعَلَی الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِکَ ۚ

بچہ ہے یعنی باپ کو اس کے بچہ کی وجہ سے اور وارثوں پر بھی یہی لازم ہے

فَاِنۡ اَرَادَا فِصَالًا عَنۡ تَرَاضٍ مِّنۡهُمَا

پھر اگر ماں باپ چاہیں کہ دودھ چھڑالیں یعنی دو برس کے اندر ہی اپنی رضا

وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَا ؕ وَاِنۡ

اور مشورہ سے تو ان پر کچھ گناہ نہیں اور اگر

اَرَدۡتُّمۡ اَنۡ تَسۡتَرۡضِعُوۡۤا اَوۡلَادَكُمۡ

تم لوگ چاہو کہ دودھ پلواؤ کسی دایہ سے اپنی اولاد کو

فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ اِذَا سَلَّمۡتُمۡ مَّآ اٰتَيۡتُمۡ

بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۭ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ

اللہ کی کہ ہم نے نہیں کہا اور بے شک کہا ہے انہوں نے لفظ کفر کا

وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا

اور منکر ہوگئے مسلمان ہو کر اور قصد کیا تھا اس چیز کا

لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ

جو ان کو نہ ملی اور یہ سب کچھ اسی کا بدلہ تھا کہ

اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ

دولت مند کردیا ان کو اللہ نے اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے

فَاِنْ يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ

سو اگر توبہ کرلیں تو بھلا ہے ان کے حق میں اور اگر

يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا

نہ مانیں گے تو عذاب دے گا ان کو اللہ عذاب دردناک

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ

دنیا اور آخرت میں اور نہیں ان کا روئے زمین پر

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿٧٤﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

کوئی حمایتی اور نہ مددگار ﴿٧٤﴾ اور بعضے ان میں وہ ہیں کہ

عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ

عہد کیا تھا اللہ سے اگر دیوے ہم کو اپنے فضل سے

لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾

تو ہم ضرور خیرات کریں اور ہو رہیں ہم نیکی والوں میں ﴿٧٥﴾

فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ بَخِلُوۡا بِهٖ

پھر جب دیا ان کو اپنے فضل سے تو اس میں بخل کیا

وَتَوَلَّوْا وَّهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۷۶﴾ فَاَعۡقَبَهُمۡ

اور پھر گئے ٹلا کر ﴿۷۶﴾ پھر اس کا اثر رکھ دیا

نِفَاقًا فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ اِلٰى يَوۡمِ يَلۡقَوۡنَهٗ بِمَاۤ

نفاق ان کے دلوں میں جس دن تک کہ وہ اس سے ملیں گے اس وجہ سے

اَخۡلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوۡهُ وَبِمَا كَانُوۡا

کہ انہوں نے خلاف کیا اللہ سے جو وعدہ اس سے کیا تھا، اور اس وجہ سے

يَكۡذِبُوۡنَ ﴿۷۷﴾ اَلَمۡ يَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ

کہ بولتے تھے جھوٹ ﴿۷۷﴾ کیا وہ جان نہیں چکے کہ اللہ

يَعۡلَمُ سِرَّهُمۡ وَنَجۡوٰٮهُمۡ وَاَنَّ اللّٰهَ

جانتا ہے ان کا بھید اور ان کا مشورہ اور یہ کہ اللہ

عَلَّامُ الۡغُيُوۡبِ ﴿۷۸﴾ۚ اَلَّذِيۡنَ يَلۡمِزُوۡنَ

خوب جانتا ہے سب چھپی باتوں کو ﴿۷۸﴾ وہ لوگ جو طعن کرتے ہیں

الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ

ان مسلمانوں پر جو دل کھول کر خیرات کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ

اور ان پر جو نہیں رکھتے مگر اپنی محنت کا

فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ؗ

پھر ان پر ٹھٹھے کرتے ہیں اللہ نے ان سے ٹھٹھا کیا ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ

اور ان کے لیے عذاب دردناک ہے ﴿٧٩﴾ تو ان کے لیے بخشش مانگ

اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ

یا نہ مانگ اگر ان کے لیے

سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ

ستر بار بخشش مانگے تو بھی ہرگز نہ بخشے گا ان کو اللہ

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ

یہ اس واسطے کہ وہ منکر ہوئے اللہ سے اور اس کے رسول سے

ع ٨/١٦

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٨٠﴾ ع

اور اللہ راستہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو ﴿٨٠﴾

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ

خوش ہو گئے پیچھے رہنے والے اپنے بیٹھ رہنے سے جدا ہو کر

رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا

رسول اللہ سے اور گھبرائے اس سے کہ لڑیں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اپنے مال سے اور جان سے اللہ کی راہ میں

وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِی الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ

اور بولے کہ مت کوچ کرو گرمی میں تو کہہ دوزخ کی آگ

اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨١﴾

سخت گرم ہے اگر ان کو سمجھ ہوتی ﴿٨١﴾

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ

سو وہ ہنس لیویں تھوڑا اور رودیں بہت سا

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾

بدلہ اس کا جو وہ کماتے تھے ﴿٨٢﴾

فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَآئِفَةٍ

سو اگر پھر لے جائے تجھ کو اللہ کسی فرقہ کی طرف

مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ

ان میں سے پھر اجازت چاہیں تجھ سے نکلنے کی تو تو کہہ دینا

لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِىَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا

کہ تم ہرگز نہ نکلو گے میرے ساتھ کبھی اور نہ لڑو گے

مَعِىَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِيْتُمْ

میرے ساتھ ہو کر کسی دشمن سے تم کو پسند آیا

بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ

بیٹھ رہنا پہلی بار سو بیٹھے رہو

الْخٰلِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ

پیچھے رہنے والوں کے ساتھ ﴿٨٣﴾ اور نماز نہ پڑھ

مِّنۡهُمۡ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمۡ

ان میں سے کسی پر جو مرجائے اور کبھی نہ کھڑا ہو

عَلٰى قَبۡرِهٖ ؕ اِنَّهُمۡ كَفَرُوۡا بِاللّٰهِ

اس کی قبر پر وہ منکر ہوئے اللہ سے

وَرَسُوۡلِهٖ وَمَاتُوۡا وَهُمۡ فٰسِقُوۡنَ ﴿۸۴﴾

اور اس کے رسول سے اور وہ مرگئے نافرمان ﴿۸۴﴾

وَلَا تُعۡجِبۡكَ اَمۡوَالُهُمۡ وَاَوۡلَادُهُمۡ ؕ

اور تعجب نہ کر ان کے مال اور اولاد سے

اِنَّمَا يُرِيۡدُ اللّٰهُ اَنۡ يُّعَذِّبَهُمۡ بِهَا

اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ عذاب میں رکھے ان کو ان چیزوں کے باعث

فِى الدُّنۡيَا وَتَزۡهَقَ اَنۡفُسُهُمۡ وَهُمۡ

دنیا میں اور نکلے ان کی جان اور وہ اس وقت

كٰفِرُوۡنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَاۤ اُنۡزِلَتۡ سُوۡرَةٌ اَنۡ

تک کافر ہی رہیں ﴿۸۵﴾ اور جب نازل ہوتی ہے کوئی سورت کہ

اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ

ایمان لاؤ اللہ پر اور لڑائی کرو اس کے رسول کے ساتھ ہو کر

اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا

جو تجھ سے رخصت مانگتے ہیں مقدور والے ان کے اور کہتے ہیں

ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٨٦﴾ رَضُوْا

ہم کو چھوڑ دے کہ رہ جائیں ساتھ بیٹھنے والوں کے ﴿٨٦﴾ خوش ہوئے

بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ

کہ رہ جائیں پیچھے رہنے والی عورتوں کے ساتھ اور مہر کردی گئی

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨٧﴾

ان کے دل پر سو وہ نہیں سمجھتے ﴿٨٧﴾

لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

لیکن رسول اور جو لوگ ایمان لائے ہیں ساتھ اس کے

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ

وہ لڑے ہیں اپنے مال اور جان سے

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الۡخَيۡرٰتُ ۡ وَاُولٰٓئِكَ

اور انہی کے لیے ہیں خوبیاں اور وہی ہیں

هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۸۸﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمۡ

مراد کو پہنچنے والے ﴿۸۸﴾ تیار کر رکھے ہیں اللہ نے ان کے واسطے

جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ

باغ کہ بہتی ہیں نیچے ان کے نہریں

خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ‌ؕ ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ

رہا کریں ان میں یہی ہے بڑی

الۡعَظِيۡمُ ﴿۸۹﴾ ع وَجَآءَ الۡمُعَذِّرُوۡنَ ع ۱۱ ۹ ۱۷

کامیابی ﴿۸۹﴾ اور آئے بہانے کرنے والے

مِنَ الۡاَعۡرَابِ لِيُؤۡذَنَ لَهُمۡ وَقَعَدَ

گنوار تاکہ ان کو رخصت مل جائے اور بیٹھ رہے

الَّذِيۡنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ‌ؕ

جنہوں نے جھوٹ بولا تھا اللہ سے اور اس کے رسول سے

سَيُصِيبُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنۡهُمۡ

اب پہنچے گا ان کو جو کافر ہیں ان میں

عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿٩٠﴾ لَيۡسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ

عذاب دردناک ﴿٩٠﴾ نہیں ہے ضعیفوں پر

وَلَا عَلَى الۡمَرۡضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيۡنَ

اور نہ مریضوں پر اور نہ ان لوگوں پر

لَا يَجِدُوۡنَ مَا يُنۡفِقُوۡنَ حَرَجٌ اِذَا

جن کے پاس نہیں ہے خرچ کرنے کو کچھ گناہ جب کہ

نَصَحُوۡا لِلّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ؕ مَا عَلَى

دل سے صاف ہوں اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ نہیں ہے

الۡمُحۡسِنِيۡنَ مِنۡ سَبِيۡلٍ ؕ وَاللّٰهُ

نیکی والوں پر الزام کی کوئی راہ اور اللہ

غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿٩١﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيۡنَ اِذَا

بخشنے والا مہربان ہے ﴿٩١﴾ اور نہ ان لوگوں پر کہ جب

مَاۤ اَتَوۡكَ لِتَحۡمِلَهُمۡ قُلۡتَ لَاۤ اَجِدُ

تیرے پاس آئے تو ان کو تو سواری دے تو نے کہا میرے پاس کوئی چیز

مَاۤ اَحۡمِلُكُمۡ عَلَيۡهِ ص تَوَلَّوْا وَّاَعۡيُنُهُمۡ

نہیں کہ تم کو اس پر سوار کر دوں تو الٹے پھرے اور ان کی آنکھوں سے

تَفِيۡضُ مِنَ الدَّمۡعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوۡا

بہتے تھے آنسو اس غم میں کہ نہیں پاتے

مَا يُنۡفِقُوۡنَ ؕ ﴿۹۲﴾ اِنَّمَا السَّبِيۡلُ عَلَى

وہ چیز جو خرچ کریں ﴿۹۲﴾ راہ الزام کی تو ان پر ہے

الَّذِيۡنَ يَسۡتَاۡذِنُوۡنَكَ وَهُمۡ اَغۡنِيَآءُ ۚ

جو رخصت مانگتے ہیں تجھ سے، اور وہ مال دار ہیں

رَضُوۡا بِاَنۡ يَّكُوۡنُوۡا مَعَ الۡخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ

خوش ہوئے اس بات سے کہ رہ جائیں ساتھ پیچھے رہنے والیوں کے اور مہر کر دی

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ فَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۳﴾

اللہ نے ان کے دلوں پر سو وہ نہیں جانتے ﴿۹۳﴾

اَلۡجُزۡءُ (۱۱)

يَعۡتَذِرُوۡنَ اِلَيۡكُمۡ اِذَا رَجَعۡتُمۡ

بہانے لائیں گے تمھارے پاس جب تم پھر کر جاؤ گے

اِلَيۡهِمۡ ؕ قُلۡ لَّا تَعۡتَذِرُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ

ان کی طرف تو کہہ بہانے مت بناؤ ہم ہرگز نہ مانیں گے

لَكُمۡ قَدۡ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنۡ اَخۡبَارِكُمۡ ؕ

تمھاری بات ہم کو بتاچکا ہے اللہ تمھارے احوال

وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمۡ وَرَسُوۡلُهٗ ثُمَّ

اور ابھی دیکھے گا اللہ تمھارے کام اور اس کا رسول پھر

تُرَدُّوۡنَ اِلٰى عٰلِمِ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ

تم لوٹائے جاؤ گے طرف اس جاننے والے چھپے اور کھلے کی

فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۴﴾

سو وہ بتائے گا تم کو جو تم کر رہے تھے ﴿۹۴﴾

سَيَحۡلِفُوۡنَ بِاللّٰهِ لَكُمۡ اِذَا انۡقَلَبۡتُمۡ

اب قسمیں کھائیں گے اللہ کی تمھارے سامنے جب تم پھر کر جاؤ گے

اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا

ان کی طرف تاکہ تم ان سے درگزر کرو تو سو تم درگزر کرو

عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ز وَّمَاْوٰىهُمْ

ان سے بےشک وہ لوگ پلید ہیں اور ان کا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾

دوزخ ہے بدلہ ان کے کاموں کا ﴿٩٥﴾

يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ

وہ لوگ قسمیں کھائیں گے تمہارے سامنے تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو اگر

تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ

تم راضی ہو گئے ان سے تو اللہ راضی نہیں ہوتا

الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ

نافرمان لوگوں سے ﴿٩٦﴾ گنوار (دیہاتی) بہت سخت ہیں

كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا

کفر میں اور نفاق میں اور اسی لائق ہیں کہ نہ سیکھیں

حُدُوۡدَ مَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ ؕ

وہ قاعدے جو نازل کیے اللہ نے اپنے رسول پر

وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الۡاَعۡرَابِ

اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿۹۷﴾ اور بعضے گنوار

مَنۡ يَّتَّخِذُ مَا يُنۡفِقُ مَغۡرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ

ایسے ہیں کہ شمار کرتے ہیں اپنے خرچ کرنے کو تاوان اور انتظار کرتے ہیں

بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيۡهِمۡ دَآئِرَةُ السَّوۡءِ ؕ

تم پر زمانہ کی گردشوں کا ان ہی پر آئے گردش بری

وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ الۡاَعۡرَابِ

اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے ﴿۹۸﴾ اور بعضے گنوار

مَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ

وہ ہیں کہ ایمان لاتے ہیں اللہ پر اور قیامت کے دن پر اور شمار کرتے ہیں

مَا يُنۡفِقُ قُرُبٰتٍ عِنۡدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

اپنے خرچ کرنے کو نزدیک ہونا اللہ سے اور دعا لینی

الرَّسُوۡلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا قُرۡبَةٌ لَّهُمۡ ؕ

رسول کی سنتا ہے وہ ان کے حق میں نزدیکی ہے

سَيُدۡخِلُهُمُ اللّٰهُ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

داخل کرے گا ان کو اللہ اپنی رحمت میں بے شک اللہ

غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿٩٩﴾ وَالسّٰبِقُوۡنَ الۡاَوَّلُوۡنَ ع ١٢/١

بخشنے والا مہربان ہے ﴿٩٩﴾ اور جو لوگ قدیم ہیں سب سے پہلی

مِنَ الۡمُهٰجِرِيۡنَ وَالۡاَنۡصَارِ وَالَّذِيۡنَ

ہجرت کرنے والے اور مدد کرنے والے اور جو

اتَّبَعُوۡهُمۡ بِاِحۡسَانٍ ۙ رَّضِىَ اللّٰهُ

ان کے پیرو ہوئے نیکی کے ساتھ اللہ راضی ہوا

عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ وَاَعَدَّ لَهُمۡ جَنّٰتٍ

ان سے اور وہ راضی ہوئے اس سے اور تیار کر رکھے ہیں واسطے ان کے باغ

تَجۡرِىۡ تَحۡتَهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ

کہ بہتی ہیں نیچے ان کے نہریں رہا کریں انہی میں

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنۡ

ہمیشہ یہی ہے بڑی کامیابی ﴿١٠٠﴾ اور بعضے

حَوۡلَكُمۡ مِّنَ الۡاَعۡرَابِ مُنٰفِقُوۡنَ ؕ

مع

تمہارے گرد کے گنوار منافق ہیں

وَمِنۡ اَهۡلِ الۡمَدِيۡنَةِ ۛؔ مَرَدُوۡا عَلَى

وقف منزل

اور بعضے لوگ مدینہ والے اڑ رہے ہیں

النِّفَاقِ قف لَا تَعۡلَمُهُمۡ ؕ نَحۡنُ نَعۡلَمُهُمۡ ؕ

نفاق پر تو ان کو نہیں جانتا ہم کو وہ معلوم ہیں

سَنُعَذِّبُهُمۡ مَّرَّتَيۡنِ ثُمَّ يُرَدُّوۡنَ اِلٰى

ان کو ہم عذاب دیں گے دوبارہ پھر وہ لوٹائے جائیں گے

عَذَابٍ عَظِيۡمٍ ﴿١٠١﴾ ۚ وَاٰخَرُوۡنَ اعۡتَرَفُوۡا

بڑے عذاب کی طرف ﴿١٠١﴾ اور بعضے لوگ ہیں اقرار کیا انہوں نے

بِذُنُوۡبِهِمۡ خَلَطُوۡا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ

اپنے گناہوں کا ملایا انہوں نے ایک کام نیک اور دوسرا

سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

بد، قریب ہے کہ اللہ معاف کرے ان کو

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾ خُذْ مِنْ

بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿١٠٢﴾ لے

اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ

ان کے مال میں سے زکوٰۃ کہ پاک کرے توان کو اور بابرکت کرے توان کو

بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ

اس کی وجہ سے اور دعا دے ان کو بے شک تیری دعا

سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾

ان کے لیے تسکین ہے اور اللہ سب کچھ سنتا جانتا ہے ﴿١٠٣﴾

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ

کیا وہ جان نہیں چکے کہ اللہ آپ قبول کرتا ہے توبہ

عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ

اپنے بندوں سے اور لیتا ہے زکوٰتیں اور یہ کہ

اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿١٠٤﴾ وَقُلِ

اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ﴿١٠٤﴾ اور کہہ

اعۡمَلُوۡا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمۡ وَرَسُوۡلُهٗ

کہ عمل کیے جاؤ پھر آگے دیکھ لے گا اللہ تمھارے کام کو اور اس کا رسول

وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ وَسَتُرَدُّوۡنَ اِلٰى عٰلِمِ

اور مسلمان اور تم جلد لوٹائے جاؤ گے اس کے پاس جو

الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمۡ بِمَا

تمام چھپی اور کھلی چیزوں سے واقف ہے، پھر وہ جتادے گا تم کو جو کچھ

كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿١٠٥﴾ ج وَاٰخَرُوۡنَ مُرۡجَوۡنَ

تم کرتے تھے ﴿١٠٥﴾ اور بعضے اور لوگ ہیں کہ ان کا کام ڈھیل میں ہے

لِاَمۡرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمۡ وَاِمَّا يَتُوۡبُ

حکم پر اللہ کے یا وہ ان کو عذاب دے اور یا ان کو معاف کرے

عَلَيۡهِمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿١٠٦﴾

اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿١٠٦﴾

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا

اور جنہوں نے بنائی ہے ایک مسجد ضد پر

وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًاۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور کفر پر اور پھوٹ ڈالنے کو مسلمانوں میں

وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور گھات لگانے کو اس شخص کی جو لڑ رہا ہے اللہ سے اور اس کے رسول سے

مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ

پہلے سے اور وہ قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے تو

اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

بھلائی ہی چاہی تھی اور اللہ گواہ ہے کہ وہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ

جھوٹے ہیں ﴿١٠٧﴾ تو نہ کھڑا ہو اس میں کبھی

لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ

البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد دھری گئی پرہیزگاری پر

اَوَّلِ يَوۡمٍ اَحَقُّ اَنۡ تَقُوۡمَ فِيۡهِ ؕ

اول دن سے وہ لائق ہے کہ تو کھڑا ہو اس میں

فِيۡهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوۡنَ اَنۡ يَّتَطَهَّرُوۡا ؕ

اس میں ایسے لوگ ہیں جو دوست رکھتے ہیں پاک رہنے کو

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الۡمُطَّهِّرِيۡنَ ﴿١٠٨﴾ اَفَمَنۡ

اور اللہ دوست رکھتا ہے پاک رہنے والوں کو ﴿١٠٨﴾ بھلا جس نے

اَسَّسَ بُنۡيَانَهٗ عَلٰى تَقۡوٰى مِنَ اللّٰهِ

بنیاد رکھی اپنی عمارت کی اللہ سے ڈرنے پر

وَرِضۡوَانٍ خَيۡرٌ اَمۡ مَّنۡ اَسَّسَ بُنۡيَانَهٗ

اور اس کی رضامندی پر وہ بہتر یا جس نے بنیاد رکھی اپنی عمارت کی

عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانۡهَارَ بِهٖ فِىۡ نَارِ

کنارہ پر ایک کھائی کے جو گرنے کو ہے پھر اس کو لے کر ڈھے پڑا

جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ

دوزخ کی آگ میں اور اللہ راہ نہیں دیتا

الظّٰلِمِيۡنَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنۡيَانُهُمُ

ظالم لوگوں کو ﴿١٠٩﴾ ہمیشہ رہے گا اس عمارت سے

الَّذِىۡ بَنَوۡا رِيۡبَةً فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ اِلَّاۤ

جو انہوں نے بنائی تھی شبہ ان کے دلوں میں مگر

اَنۡ تَقَطَّعَ قُلُوۡبُهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ

جب ٹکڑے ہوجائیں ان کے دل کے اور اللہ سب کچھ جاننے والا

حَكِيۡمٌ ﴿١١٠﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ اشۡتَرٰى مِنَ ع ١٣ ١١ ٢

حکمت والا ہے ﴿١١٠﴾ اللہ نے خرید لی

الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اَنۡفُسَهُمۡ وَاَمۡوَالَهُمۡ

مسلمانوں سے ان کی جان اور ان کا مال

بِاَنَّ لَهُمُ الۡجَـنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوۡنَ فِىۡ

اس قیمت پر کہ ان کے لیے جنت ہے لڑتے ہیں

سَبِيۡلِ اللّٰهِ فَيَقۡتُلُوۡنَ وَيُقۡتَلُوۡنَ قف

اللہ کی راہ میں پھر مارتے ہیں اور مرتے ہیں

وَعۡدًا عَلَيۡهِ حَقًّا فِى التَّوۡرٰٮةِ وَالۡاِنۡجِيۡلِ

وعدہ ہوچکا اس کے ذمہ پر سچا تورات اور انجیل

وَالۡقُرۡاٰنِ ؕ وَمَنۡ اَوۡفٰى بِعَهۡدِهٖ مِنَ

اور قرآن میں اور کون ہے قول کا پورا

اللّٰهِ فَاسۡتَبۡشِرُوۡا بِبَيۡعِكُمُ الَّذِىۡ

اللہ سے زیادہ سو خوشیاں کرو اس معاملہ پر جو

بَايَعۡتُمۡ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ

تم نے کیا ہے اس سے اور یہی ہے

الۡعَظِيۡمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّآئِبُوۡنَ الۡعٰبِدُوۡنَ

بڑی کامیابی ﴿۱۱۱﴾ وہ توبہ کرنے والے ہیں بندگی کرنے والے

الۡحٰمِدُوۡنَ السَّآئِحُوۡنَ الرّٰكِعُوۡنَ

شکر کرنے والے بے تعلق رہنے والے رکوع کرنے والے

السّٰجِدُوۡنَ الۡاٰمِرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ

سجدہ کرنے والے حکم کرنے والے نیک بات کا

وَالنَّاهُوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ وَالۡحٰفِظُوۡنَ

اور منع کرنے والے بری بات سے اور حفاظت کرنے والے

لِحُدُوۡدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۱۲﴾

ان حدود کے جو باندھی اللہ نے اور خوش خبری سنادے ایمان والوں کو ﴿۱۱۲﴾

مَا كَانَ لِلنَّبِىِّ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنۡ

لائق نہیں نبی کو اور مسلمانوں کو کہ

يَّسۡتَغۡفِرُوۡا لِلۡمُشۡرِكِيۡنَ وَلَوۡ كَانُوۡۤا اُولِىۡ

بخشش چاہیں مشرکوں کی اور اگرچہ وہ ہوں

قُرۡبٰى مِنۡۢ بَعۡدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمۡ اَنَّهُمۡ

قرابت والے جب کہ کھل چکا ان پر کہ وہ ہیں

اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسۡتِغۡفَارُ

دوزخ والے ﴿۱۱۳﴾ اور بخشش مانگنا

اِبۡرٰهِيۡمَ لِاَبِيۡهِ اِلَّا عَنۡ مَّوۡعِدَةٍ وَّعَدَهَاۤ

ابراہیم کا اپنے باپ کے واسطے سو نہ تھا مگر وعدہ کے سبب کہ وعدہ کر چکا تھا

اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗۤ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ

اس سے پھر جب کھل گیا ابراہیم پر کہ وہ دشمن ہے اللہ کا

تَبَرَّاَ مِنۡهُ ؕ اِنَّ اِبۡرٰهِيۡمَ لَاَوَّاهٌ

تو اس سے بیزار ہوگیا بے شک ابراہیم بڑا نرم دل تھا

حَلِيۡمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوۡمًاۢ

تحمل کرنے والا ﴿١١٤﴾ اور اللہ ایسا نہیں کہ گمراہ کرے کسی قوم کو

بَعۡدَ اِذۡ هَدٰٮهُمۡ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمۡ

جب کہ ان کو راہ پر لا چکا جب تک کھول نہ دے ان پر

مَّا يَتَّقُوۡنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ

جس سے ان کو بچنا چاہیے بے شک اللہ ہر چیز سے

عَلِيۡمٌ ﴿١١٥﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

واقف ہے ﴿١١٥﴾ اللہ ہی کی سلطنت ہے آسمانوں

وَالۡاَرۡضِ ؕ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ ؕ وَمَا لَكُمۡ

اور زمین میں جِلاتا ہے اور مارتا ہے اور تمھارا کوئی نہیں

مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿۱۱۶﴾

اللہ کے سوا حمایتی اور نہ مددگار ﴿۱۱۶﴾

لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِىِّ وَالۡمُهٰجِرِيۡنَ

اللہ مہربان ہوا نبی پر اور مہاجرین

وَالۡاَنۡصَارِ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡهُ فِىۡ سَاعَةِ

اور انصار پر جو ساتھ رہے نبی کے

الۡعُسۡرَةِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا كَادَ يَزِيۡغُ

مشکل کی گھڑی میں بعد اس کے کہ قریب تھا کہ دل پھر جائیں

قُلُوۡبُ فَرِيۡقٍ مِّنۡهُمۡ ثُمَّ تَابَ

بعضوں کے ان میں سے پھر مہربان ہوا

عَلَيۡهِمۡ‌ ؕ اِنَّهٗ بِهِمۡ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ۙ ﴿۱۱۷﴾

ان پر بے شک وہ ان پر مہربان ہے رحم کرنے والا ﴿۱۱۷﴾

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيۡنَ خُلِّفُوۡا ؕ حَتّٰٓى

اور ان تین شخصوں پر جن کو پیچھے رکھا تھا یہاں تک کہ

اِذَا ضَاقَتۡ عَلَيۡهِمُ الۡاَرۡضُ بِمَا

جب تنگ ہوگئی ان پر زمین باوجود

رَحُبَتۡ وَضَاقَتۡ عَلَيۡهِمۡ اَنۡفُسُهُمۡ

کشادہ ہونے کے اور تنگ ہوگئیں ان پر ان کی جانیں

وَظَنُّوۡۤا اَنۡ لَّا مَلۡجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ

اور سمجھ گئے کہ کہیں پناہ نہیں اللہ سے مگر

اِلَيۡهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيۡهِمۡ لِيَتُوۡبُوۡا ؕ

اسی کی طرف پھر مہربان ہوا ان پر تاکہ وہ پھر آئیں

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿١١٨﴾ ع ١٤ ٨

بے شک اللہ ہی ہے مہربان رحم والا ﴿١١٨﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے

وَكُوۡنُوۡا مَعَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿١١٩﴾ مَا كَانَ

اور رہو ساتھ سچوں کے ﴿١١٩﴾ نہ چاہیے

لِاَهۡلِ الۡمَدِيۡنَةِ وَمَنۡ حَوۡلَهُمۡ مِّنَ

مدینہ والوں کو اور ان کے گرد کے

الۡاَعۡرَابِ اَنۡ يَّتَخَلَّفُوۡا عَنۡ رَّسُوۡلِ

گنواروں کو کہ پیچھے رہ جائیں رسول اللہ

اللّٰهِ وَلَا يَرۡغَبُوۡا بِاَنۡفُسِهِمۡ عَنۡ

کے ساتھ سے اور نہ یہ کہ اپنی جان کو چاہیں زیادہ

نَّفۡسِهٖ‌ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ لَا يُصِيۡبُهُمۡ ظَمَاٌ

رسول کی جان سے یہ اس واسطے کہ جہاد کرنے والے نہیں پہنچتی ان کو پیاس

وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخۡمَصَةٌ فِىۡ سَبِيۡلِ

اور نہ محنت اور نہ بھوک اللہ کی راہ میں

اللّٰهِ وَلَا يَطَئُوۡنَ مَوۡطِئًا يَّغِيۡظُ الۡكُفَّارَ

اور نہیں قدم رکھتے کہیں جس سے کہ خفا ہوں کافر

وَلَا يَنَالُوۡنَ مِنۡ عَدُوٍّ نَّيۡلًا اِلَّا كُتِبَ

اور نہ چھینتے ہیں دشمن سے کوئی چیز مگر لکھا جاتا ہے

لَهُمۡ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

ان کے بدلے نیک عمل بے شک اللہ

لَا يُضِيۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ۙ ﴿۱۲۰﴾

نہیں ضائع کرتا حق نیکی کرنے والوں کا ﴿۱۲۰﴾

وَلَا يُنۡفِقُوۡنَ نَفَقَةً صَغِيۡرَةً وَّلَا كَبِيۡرَةً

اور نہ خرچ کرتے ہیں کوئی خرچ چھوٹا اور نہ بڑا

وَّلَا يَقۡطَعُوۡنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمۡ

اور نہ طے کرتے ہیں کوئی میدان مگر لکھ لیا جاتا ہے ان کے واسطے

لِيَجۡزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحۡسَنَ مَا كَانُوۡا

تاکہ بدلا دے ان کو اللہ بہتر اس کام کا

يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۲۱﴾ وَمَا كَانَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ

جو کرتے تھے ﴿۱۲۱﴾ اور ایسے تو نہیں مسلمان

لِيَنۡفِرُوۡا كَآفَّةً ؕ فَلَوۡلَا نَفَرَ مِنۡ كُلِّ

کہ کوچ کریں سارے سو کیوں نہ نکلا ہر

فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآىِٕفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا

فرقہ میں سے ان کا ایک حصہ تاکہ سمجھ پیدا کریں

فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا

دین میں اور تاکہ خبر پہنچائیں اپنی قوم کو جب کہ

رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿١٢٢﴾ ع ١٥ ٤

لوٹ کر آئیں ان کی طرف تاکہ وہ بچتے رہیں ﴿١٢٢﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ

اے ایمان والو لڑتے جاؤ اپنے

يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا

نزدیک کے کافروں سے اور چاہیے کہ ان پر معلوم ہو

فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

تمہارے اندر سختی اور جانو کہ اللہ ساتھ ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿١٢٣﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ ع

ڈر والوں کے ﴿١٢٣﴾ اور جب نازل ہوتی ہے کوئی سورت

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖۤ

تو بعضے ان میں کہتے ہیں کس کا تم میں سے زیادہ کر دیا اس سورت نے

اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

ایمان، سو جو لوگ ایمان رکھتے ہیں ان کا زیادہ کر دیا اس سورت نے

اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿١٢٤﴾ وَاَمَّا

ایمان، اور وہ خوش وقت ہوتے ہیں ﴿١٢٤﴾ اور جن

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

کے دل میں مرض ہے سو ان کے لیے بڑھا دی

رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ

گندگی پر گندگی اور وہ مرنے تک

كٰفِرُوْنَ ﴿١٢٥﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ

کافر ہی رہے ﴿١٢٥﴾ کیا نہیں دیکھتے کہ وہ آزمائے جاتے ہیں

فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ

ہر برس میں ایک بار یا دو بار پھر بھی

لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ وَاِذَا

توبہ نہیں کرتے اور نہ وہ نصیحت پکڑتے ہیں ﴿۱۲۶﴾ اور جب

مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى

نازل ہوتی ہے کوئی سورت تو دیکھنے لگتا ہے ان میں ایک

بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ

دوسرے کی طرف، کہ کیا دیکھتا ہے تم کو کوئی مسلمان ؟ پھر

انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ

چل دیتے ہیں پھیر دیے ہیں اللہ نے دل ان کے اس واسطے کہ

قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿١٢٧﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ

وہ لوگ ہیں کہ سمجھ نہیں رکھتے ﴿۱۲۷﴾ آیا ہے تمھارے پاس

رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ

رسول تم میں سے بھاری ہے اس پر

مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

جو تم کو تکلیف پہنچے حریص ہے تمھاری بھلائی پر ایمان والوں پر

رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ

نہایت شفیق مہربان ہے ﴿۱۲۸﴾ پھر بھی اگر منہ پھیریں تو کہہ دے

حَسۡبِىَ اللّٰهُ ۖ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيۡهِ

کہ کافی ہے مجھ کو اللہ کسی کی بندگی نہیں اس کے سوا اسی پر

ع ۱۶/۷ ۵

تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ ﴿۱۲۹﴾ ع

میں نے بھروسہ کیا اور وہی مالک ہے عرش عظیم کا ﴿۱۲۹﴾

(سورۂ یونس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۴۰، ۹۴ تا ۹۶) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (۱۰۹) آیتیں اور (۱۱) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۰) نمبر پر ہے اور سورۂ اسراء کے بعد نازل ہوئی)

اس میں (۱۸۳۲) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۹۰۹۹) حروف ہیں

الٓرٰ ۚ تِلۡكَ اٰيٰتُ الۡكِتٰبِ الۡحَكِيۡمِ ﴿۱﴾

یہ آیتیں ہیں پکی کتاب کی ﴿۱﴾

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنۡ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى

کیا لوگوں کو تعجب ہوا کہ وحی بھیجی ہم نے

رَجُلٍ مِّنۡهُمۡ اَنۡ اَنۡذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ

ایک مرد پر ان میں سے یہ کہ ڈر سنا دے لوگوں کو اور خوش خبری سنا دے

المنزل الثالث (۳)

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ

ایمان والوں کو کہ ان کے لیے پایہ سچا ہے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ

اپنے رب کے یہاں کہنے لگے منکر بے شک

هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ

یہ تو جادوگر ہے صریح ﴿۲﴾ تحقیق تمھارا رب اللہ ہے

الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ

جس نے بنائے آسمان اور زمین

سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ

چھ دن میں پھر قائم ہوا عرش پر

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا

تدبیر کرتا ہے کام کی کوئی سفارش نہیں کرسکتا مگر

مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ

اس کی اجازت کے بعد وہ اللہ ہے رب تمھارا

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ۝۳ اِلَيۡهِ

سو اس کی بندگی کرو کیا تم دھیان نہیں کرتے ۝۳ اسی کی طرف

مَرۡجِعُكُمۡ جَمِيۡعًا ؕ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ

لوٹ کر جانا ہے تم سب کو وعدہ ہے اللہ کا سچا

اِنَّهٗ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ لِيَجۡزِىَ

وہی پیدا کرتا ہے اول بار پھر دوبارہ کرے گا اس کو تاکہ بدلہ دے

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

ان کو جو ایمان لائے تھے اور کیے تھے کام نیک

بِالۡقِسۡطِ ؕ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَهُمۡ شَرَابٌ

انصاف کے ساتھ اور جو کافر ہوئے ان کو پینا ہے

مِّنۡ حَمِيۡمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيۡمٌۢ بِمَا كَانُوۡا

کھولتا پانی اور عذاب ہے دردناک اس لیے کہ

يَكۡفُرُوۡنَ ۝۴ هُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ الشَّمۡسَ

کفر کرتے تھے ۝۴ وہی ہے جس نے بنایا سورج کو

ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ

چمک اور چاند کو چاندنا مقرر کیں اس کے لیے منزلیں

لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ

تاکہ پہچانو گنتی برسوں کی اور حساب

مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ

یوں ہی نہیں بنایا اللہ نے یہ سب کچھ مگر تدبیر سے ظاہر کرتا ہے

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝٥ اِنَّ فِي

نشانیاں ان لوگوں کے لیے جن کو سمجھ ہے ۝٥ البتہ

اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ

بدلنے میں رات اور دن کے اور جو کچھ پیدا کیا ہے اللہ نے

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

آسمانوں اور زمین میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے

يَّتَّقُوْنَ ۝٦ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ

جو ڈرتے ہیں ۝٦ البتہ جو لوگ امید نہیں رکھتے

لِقَآءَنَا وَرَضُوۡا بِالۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا

ہمارے ملنے کی اور خوش ہوئے دنیا کی زندگی پر

وَاطۡمَاَنُّوۡا بِهَا وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَنۡ اٰيٰتِنَا

اور اسی پر مطمئن ہوگئے اور جو لوگ ہماری نشانیوں سے

غٰفِلُوۡنَ ۝۷ اُولٰٓـئِكَ مَاۡوٰٮهُمُ النَّارُ بِمَا

بے خبر ہیں ۝۷ ایسوں کا ٹھکانا ہے آگ بدلہ اس کا

كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ۝۸ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

جو کماتے تھے ۝۸ البتہ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهۡدِيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ

اور کام کیے اچھے ہدایت کرے گا ان کو رب

بِاِيۡمَانِهِمۡ ۚ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهِمُ

ان کے ایمان سے بہتی ہیں ان کے نیچے

الۡاَنۡهٰرُ فِىۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ۝۹ دَعۡوٰٮهُمۡ

نہریں باغوں میں آرام کے ۝۹ ان کی دعا

فِيۡهَا سُبۡحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمۡ

اس جگہ یہ کہ پاک ذات ہے تیری یا اللہ اور ملاقات ان کی

فِيۡهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعۡوٰٮهُمۡ اَنِ

سلام اور خاتمہ ان کی دعا کا اس پر کہ

الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ؏ ‏⑩ وَلَوۡ ع ١ ‏٢

سب خوبی اللہ کو جو پروردگار سارے جہان کا ⑩ اور اگر

يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسۡتِعۡجَالَهُمۡ

جلدی پہنچا دے اللہ لوگوں کو برائی جیسے کہ جلدی مانگتے ہیں وہ

بِالۡخَيۡرِ لَقُضِىَ اِلَيۡهِمۡ اَجَلُهُمۡ ؕ فَنَذَرُ

بھلائی تو ختم کردی جائے ان کی عمر سو ہم چھوڑے رکھتے ہیں

الَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ لِقَآءَنَا فِىۡ طُغۡيَانِهِمۡ

ان کو جن کو امید نہیں ہماری ملاقات کی ان کی شرارت میں

يَعۡمَهُوۡنَ ⑪ وَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ

سرگرداں ⑪ اور جب پہنچے انسان کو

الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنۡۢبِهٖۤ اَوۡ قَاعِدًا اَوۡ قَآئِمًا ۚ

تکلیف پکارے ہم کو پڑا ہوا یا بیٹھا یا کھڑا

فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنۡ

پھر جب ہم کھول دیں اس سے وہ تکلیف چلا جائے گویا

لَّمۡ يَدۡعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ

کبھی نہ پکارا تھا ہم کو کسی تکلیف پہنچنے پر اسی طرح

زُيِّنَ لِلۡمُسۡرِفِيۡنَ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿١٢﴾

پسند آیا ہے بے باک لوگوں کو جو کچھ کر رہے ہیں ﴿١٢﴾

وَلَقَدۡ اَهۡلَكۡنَا الۡقُرُوۡنَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ

اور البتہ ہم ہلاک کر چکے ہیں جماعتوں کو تم سے پہلے

لَمَّا ظَلَمُوۡا ۙ وَجَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ

جب ظالم ہوگئے حالانکہ لائے تھے ان کے پاس رسول ان کے

بِالۡبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوۡا لِيُؤۡمِنُوۡا ؕ كَذٰلِكَ

کھلی نشانیاں اور ہرگز نہ تھے ایمان لانے والے یوں ہی

نَجْزِی الْقَوْمَ الْمُجْرِمِیْنَ ﴿١٣﴾ ثُمَّ

سزا دیتے ہیں ہم قوم گناہ گاروں کو ﴿١٣﴾ پھر

جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِی الْاَرْضِ مِنْۢ

تم کو ہم نے نائب کیا زمین میں

بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾

ان کے بعد تاکہ دیکھیں تم کیا کرتے ہو ﴿١٤﴾

وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیَاتُنَا بَیِّنٰتٍ ۙ

اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے آیتیں ہماری واضح

قَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ

کہتے ہیں وہ لوگ جن کو امید نہیں ہم سے ملاقات کی لے آ

بِقُرْاٰنٍ غَیْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ

کوئی قرآن اس کے سوا یا اس کو بدل ڈال تو کہہ دے

مَا یَكُوْنُ لِیْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ

میرا کام نہیں کہ اس کو بدل ڈالوں اپنی

نَفْسِیْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰٓی

طرف سے میں تابع داری کرتا ہوں اسی کی جو حکم آئے

اِلَیَّ ۚ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ

میری طرف میں ڈرتا ہوں اگر نافرمانی کروں اپنے رب کی

عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ

بڑے دن کے عذاب سے ﴿۱۵﴾ کہہ دے اگر

اللّٰہُ مَا تَلَوْتُہٗ عَلَیْکُمْ وَلَآ اَدْرٰىکُمْ

اللہ چاہتا تو میں نہ پڑھتا اس کو تمھارے سامنے اور نہ وہ تم کو خبر کرتا

بِہٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِیْکُمْ عُمُرًا

اس کی کیونکہ میں رہ چکا ہوں تم میں ایک عمر

مِّنْ قَبْلِہٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَمَنْ

اس سے پہلے کیا پھر تم نہیں سوچتے ﴿۱۶﴾ پھر

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا

اس سے بڑا ظالم کون جو باندھے اللہ پر بہتان

اَوۡ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ

یا جھٹلائے اس کی آیتوں کو بے شک بھلا نہیں ہوتا

الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿١٧﴾ وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ

گناہ گاروں کا ﴿١٧﴾ اور پرستش کرتے ہیں

اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمۡ وَلَا يَنۡفَعُهُمۡ

اللہ کے سوا اس چیز کی جو نہ نقصان پہنچا سکے ان کو نہ نفع

وَيَقُوۡلُوۡنَ هٰٓؤُلَۤاءِ شُفَعَآؤُنَا عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ

اور کہتے ہیں یہ تو ہمارے سفارشی ہیں اللہ کے پاس

قُلۡ اَتُنَبِّـُٔوۡنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعۡلَمُ فِى

تو کہہ کیا تم اللہ کو بتلاتے ہو جو اس کو معلوم نہیں

السَّمٰوٰتِ وَلَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ سُبۡحٰنَهٗ

آسمانوں میں اور نہ زمین میں وہ پاک ہے

وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿١٨﴾ وَمَا كَانَ

اور برتر ہے اس سے جس کو شریک کرتے ہیں ﴿١٨﴾ اور

النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ

لوگ جو ہیں سو ایک ہی امت ہیں پیچھے جدا جدا ہو گئے

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ

اور اگر نہ ایک بات پہلے ہو چکتی تیرے رب کی تو فیصلہ ہو جاتا

بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٩﴾

ان میں جس بات میں کہ اختلاف کر رہے ہیں ﴿١٩﴾

وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ

اور کہتے ہیں کیوں نہ اتری اس پر ایک نشانی

مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ

اس کے رب سے سو تو کہہ دے کہ غیب کی بات اللہ ہی جانے

ع ٧ ٢ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٢٠﴾ ع

سو منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں ﴿٢٠﴾

وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ

اور جب چکھائیں ہم لوگوں کو مزا اپنی رحمت کا بعد

ضَرَّآءَ مَسَّتۡهُمۡ اِذَا لَهُمۡ مَّكۡرٌ فِیۡۤ

ایک تکلیف کے جو ان کو پہنچی تھی اس وقت بنانے لگیں حیلے

اٰیَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ اَسۡرَعُ مَكۡرًا ؕ اِنَّ

ہماری قدرتوں میں، کہہ دے کہ اللہ سب سے جلد بنا سکتا ہے حیلے تحقیق

رُسُلَنَا یَكۡتُبُوۡنَ مَا تَمۡكُرُوۡنَ ﴿٢١﴾ هُوَ

ہمارے فرشتے لکھتے ہیں حیلہ بازی تمہاری ﴿٢١﴾ وہی

الَّذِیۡ یُسَیِّرُكُمۡ فِی الۡبَرِّ وَالۡبَحۡرِ ؕ

تم کو پھراتا ہے جنگل اور دریا میں

حَتّٰۤی اِذَا كُنۡتُمۡ فِی الۡفُلۡكِ ۚ وَجَرَیۡنَ

یہاں تک کہ جب تم بیٹھے کشتیوں میں اور لے کر چلیں وہ

بِهِمۡ بِرِیۡحٍ طَیِّبَةٍ وَّفَرِحُوۡا بِهَا

لوگوں کو اچھی ہوا سے اور خوش ہوئے اس سے

جَآءَتۡهَا رِیۡحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ

آئی کشتیوں پر ہوا تند اور آئی ان پر

الۡمَوۡجُ مِنۡ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ

موج ہر جگہ سے اور جان لیا انہوں نے کہ

اُحِيۡطَ بِهِمۡ‌ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخۡلِصِيۡنَ

وہ گھر گئے پکارنے لگے اللہ کو خالص ہو کر

لَهُ الدِّيۡنَ ۚ لَـئِنۡ اَنۡجَيۡتَنَا مِنۡ هٰذِهٖ

اس کی بندگی میں اگر تو نے بچا لیا ہم کو اس سے

لَنَكُوۡنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيۡنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّاۤ

تو بےشک ہم رہیں گے شکر گزار ﴿۲۲﴾ پھر جب

اَنۡجٰٮهُمۡ اِذَا هُمۡ يَبۡغُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ

بچا دیا ان کو اللہ نے لگے شرارت کرنے اسی وقت زمین میں

بِغَيۡرِ الۡحَـقِّ‌ ؕ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا

ناحق کی سنو لوگو! تمہاری

بَغۡيُكُمۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ‌ ۙ مَّتَاعَ الۡحَيٰوةِ

شرارت ہے تمھی پر، نفع اٹھالو دنیا کی زندگانی کا

الدُّنْيَا ز ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ

پھر ہمارے پاس ہے تم کو لوٹ کر آنا پھر ہم بتلا دیں گے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٣﴾ اِنَّمَا مَثَلُ

جو کچھ کہ تم کرتے تھے ﴿٢٣﴾ دنیا کی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ

زندگانی کی وہی مثل ہے جیسے ہم نے پانی اتارا

السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

آسمان سے پھر رلا ملا نکلا اس سے سبزہ زمین کا

مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ط حَتّٰٓى اِذَآ

جو کہ کھائیں آدمی اور جانور یہاں تک کہ جب

اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ

پکڑی زمین نے رونق اور مزین ہو گئی

وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ لا

اور خیال کیا زمین والوں نے کہ یہ ہمارے ہاتھ لگے گی

اَتٰىهَآ اَمۡرُنَا لَيۡلًا اَوۡ نَهَارًا فَجَعَلۡنٰهَا

ناگاہ پہنچا اس پر ہمارا حکم رات کو یا دن کو پھر کر ڈالا اس کو

حَصِيۡدًا كَاَنۡ لَّمۡ تَغۡنَ بِالۡاَمۡسِ‌ؕ كَذٰلِكَ

کاٹ کر ڈھیر گویا کل یہاں نہ تھی آبادی اسی طرح

نُفَصِّلُ الۡاٰيٰتِ لِقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿٢٤﴾

ہم کھول کر بیان کرتے ہیں نشانیوں کو ان لوگوں کے سامنے جو غور کرتے ہیں ﴿٢٤﴾

وَاللّٰهُ يَدۡعُوۡۤا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهۡدِىۡ

اور اللہ بلاتا ہے سلامتی کے گھر کی طرف اور دکھلاتا ہے

مَنۡ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿٢٥﴾

جس کو چاہے راستہ سیدھا ﴿٢٥﴾

لِلَّذِيۡنَ اَحۡسَنُوا الۡحُسۡنٰى وَزِيَادَةٌ ‌ؕ

جنہوں نے کی بھلائی ان کے لیے ہے بھلائی اور زیادتی

وَلَا يَرۡهَقُ وُجُوۡهَهُمۡ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ‌ؕ

اور نہ چڑھے گی ان کے منہ پر سیاہی اور نہ رسوائی

اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا

وہ ہیں جنت والے وہ اسی میں

خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيۡنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ

رہا کریں گے ﴿۲۶﴾ اور جنہوں نے کمائیں برائیاں

جَزَآءُ سَيِّئَةٍۢ بِمِثۡلِهَا ۙ وَتَرۡهَقُهُمۡ

بدلہ ملے برائی کا اس کے برابر اور ڈھانک لے گی ان کو

ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ مِنۡ عَاصِمٍ ۚ

رسوائی کوئی نہیں ان کو اللہ سے بچانے والا

كَاَنَّمَاۤ اُغۡشِيَتۡ وُجُوۡهُهُمۡ قِطَعًا مِّنَ

گویا کہ ڈھانک دیے گئے ان کے چہرے

الَّيۡلِ مُظۡلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ

اندھیری رات کے ٹکڑوں سے وہ ہیں دوزخ والے

هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۷﴾ وَيَوۡمَ نَحۡشُرُهُمۡ

وہ اسی میں رہا کریں گے ﴿۲۷﴾ اور جس دن جمع کریں گے ہم

جَمِيۡعًا ثُمَّ نَقُوۡلُ لِلَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا

ان سب کو پھر کہیں گے شرک کرنے والوں کو

مَكَانَكُمۡ اَنۡتُمۡ وَشُرَكَآؤُكُمۡ‌ۚ فَزَيَّلۡنَا

کھڑے ہو اپنی اپنی جگہ تم اور تمھارے شریک پھر تڑادیں گے ہم

بَيۡنَهُمۡ‌ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمۡ مَّا كُنۡتُمۡ

آپس میں ان کو اور کہیں گے ان کے شریک تم

اِيَّانَا تَعۡبُدُوۡنَ ﴿٢٨﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًاۢ

ہماری تو بندگی نہ کرتے تھے ﴿٢٨﴾ سو اللہ کافی ہے شاہد

بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمۡ اِنۡ كُنَّا عَنۡ عِبَادَتِكُمۡ

ہمارے اور تمھارے بیچ میں ہم کو تمھاری بندگی کی

لَغٰفِلِيۡنَ ﴿٢٩﴾ هُنَالِكَ تَبۡلُوۡا كُلُّ نَفۡسٍ

خبر نہ تھی ﴿٢٩﴾ وہاں جانچ لے گا ہر کوئی

مَّاۤ اَسۡلَفَتۡ وَرُدُّوۡۤا اِلَى اللّٰهِ مَوۡلٰٮهُمُ

جو اس نے پہلے کیا تھا اور رجوع کریں گے اللہ کی طرف جو سچا مالک

ع ۳/۱۰ ۸

الۡحَقِّ وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿۳۰﴾ ع

ہے ان کا اور جاتا رہے گا ان کے پاس سے جو جھوٹ باندھا کرتے تھے ﴿۳۰﴾

قُلۡ مَنۡ يَّرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ

تو پوچھ کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے

وَالۡاَرۡضِ اَمَّنۡ يَّمۡلِكُ السَّمۡعَ

اور زمین سے یا کون مالک ہے کان

وَالۡاَبۡصَارَ وَمَنۡ يُّخۡرِجُ الۡحَىَّ مِنَ

اور آنکھوں کا اور کون نکالتا ہے زندہ کو

الۡمَيِّتِ وَيُخۡرِجُ الۡمَيِّتَ مِنَ الۡحَىِّ

مردہ سے اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے

وَمَنۡ يُّدَبِّرُ الۡاَمۡرَ‌ؕ فَسَيَقُوۡلُوۡنَ اللّٰهُ‌ۚ

اور کون تدبیر کرتا ہے کاموں کی سو بول اٹھیں گے کہ اللہ

فَقُلۡ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ

تو تُو کہہ پھر ڈرتے نہیں ہو ﴿۳۱﴾ سو یہ اللہ ہے

رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ

رب تمھارا سچا پھر کیا رہ گیا سچ کے پیچھے

اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٣٢﴾

مگر بھٹکنا سو کہاں سے لوٹے جاتے ہو ﴿٣٢﴾

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

اسی طرح ٹھیک آئی بات تیرے رب کی

الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾

ان نافرمانوں پر کہ یہ ایمان نہ لائیں گے ﴿٣٣﴾

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا

پوچھ کوئی ہے تمھارے شریکوں میں جو پیدا کرے

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا

خلق کو پھر دوبارہ زندہ کرے تو کہہ اللہ پہلے

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٤﴾

پیدا کرتا ہے پھر اس کو دہرائے گا سو کہاں سے پلٹے جاتے ہو ﴿٣٤﴾

قُلۡ هَلۡ مِنۡ شُرَكَآٮِٕكُمۡ مَّنۡ يَّهۡدِىۡۤ

پوچھ کوئی ہے تمہارے شریکوں میں جو راہ بتلائے

اِلَى الۡحَـقِّ ‌ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهۡدِىۡ لِلۡحَـقِّ‌ ؕ

صحیح تو کہہ اللہ راہ بتلاتا ہے صحیح

اَفَمَنۡ يَّهۡدِىۡۤ اِلَى الۡحَـقِّ اَحَقُّ اَنۡ

تو اب جو کوئی راہ بتائے صحیح اس کی بات

يُّتَّبَعَ اَمَّنۡ لَّا يَهِدِّىۡۤ اِلَّاۤ اَنۡ يُّهۡدٰى‌ ۚ

مانی چاہیے یا اس کی جو آپ نہ پائے راہ مگر جب کوئی اور اس کو راہ بتلائے

فَمَا لَـكُمۡ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ‏ ﴿۳۵﴾ وَمَا يَتَّبِعُ

سو کیا ہو گیا تم کو کیسا انصاف کرتے ہو ﴿۳۵﴾ اور وہ

اَكۡثَرُهُمۡ اِلَّا ظَنًّا‌ ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغۡنِىۡ

اکثر چلتے ہیں محض اٹکل پر سو اٹکل کام نہیں دیتی

مِنَ الۡحَـقِّ شَيۡـــًٔا ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌ ۢ

حق بات میں کچھ بھی اللہ کو خوب معلوم ہے

بِمَا يَفۡعَلُوۡنَ ﴿٣٦﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا

جو کچھ وہ کرتے ہیں ﴿٣٦﴾ اور وہ نہیں یہ

الۡقُرۡاٰنُ اَنۡ يُّفۡتَرٰى مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

قرآن کہ کوئی بنا لے اللہ کے سوا

وَلٰـكِنۡ تَصۡدِيۡقَ الَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ

اور لیکن تصدیق کرتا ہے اگلے کلام کی

وَتَفۡصِيۡلَ الۡكِتٰبِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ مِنۡ

اور بیان کرتا ہے ان چیزوں کو جو تم پر لکھی گئیں جس میں کوئی شبہ نہیں

رَّبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿٣٧﴾ قف اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰٮهُ ؕ

پروردگار عالم کی طرف سے ﴿٣٧﴾ کیا لوگ کہتے ہیں کہ یہ بنا لایا ہے

قُلۡ فَاۡتُوۡا بِسُوۡرَةٍ مِّثۡلِهٖ وَادۡعُوۡا مَنِ

تو کہہ دے تم لے آؤ ایک ہی سورت ایسی اور بلا لو

اسۡتَطَعۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ

جس کو بلا سکو اللہ کے سوا اگر تم

صٰدِقِيۡنَ ﴿٣٨﴾ بَلۡ كَذَّبُوۡا بِمَا لَمۡ يُحِيۡطُوۡا

سچے ہو ﴿٣٨﴾ بات یہ ہے کہ جھٹلانے لگے جس کے

بِعِلۡمِهٖ وَلَمَّا يَاۡتِهِمۡ تَاۡوِيۡلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ

سمجھنے پر انہوں نے قابو نہ پایا اور ابھی آئی نہیں اس کی حقیقت اسی طرح

كَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَانۡظُرۡ

جھٹلاتے رہے ان سے اگلے سو دیکھ لے

كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿٣٩﴾ وَمِنۡهُمۡ

کیسا ہوا انجام گناہ گاروں کا ﴿٣٩﴾ اور بعضے ان میں

مَّنۡ يُّؤۡمِنُ بِهٖ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ لَّا يُؤۡمِنُ

یقین کریں گے قرآن کا اور بعضے یقین نہ کریں گے

بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعۡلَمُ بِالۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿٤٠﴾ ع ١٠/٩

اور تیرا رب خوب جانتا ہے شرارت والوں کو ﴿٤٠﴾

وَاِنۡ كَذَّبُوۡكَ فَقُلۡ لِّىۡ عَمَلِىۡ وَلَـكُمۡ

اور اگر تجھ کو جھٹلائیں تو کہہ میرے لیے میرا کام اور تمہارے لیے

عَمَلُكُمۡ‌ۚ اَنۡتُمۡ بَرِيۡٓـُٔوۡنَ مِمَّاۤ اَعۡمَلُ

تمھارا کام تم پر ذمہ نہیں میرے کام کا

وَاَنَا بَرِىۡٓءٌ مِّمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۴۱﴾ وَمِنۡهُمۡ

اور مجھ پر ذمہ نہیں جو تم کرتے ہو ﴿۴۱﴾ اور بعضے ان میں

مَّنۡ يَّسۡتَمِعُوۡنَ اِلَيۡكَ‌ؕ اَفَاَنۡتَ تُسۡمِعُ

کان رکھتے ہیں تیری طرف کیا تو سنائے گا

الصُّمَّ وَلَوۡ كَانُوۡا لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۴۲﴾

بہروں کو اگرچہ ان کو سمجھ نہ ہو ﴿۴۲﴾

وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ يَّنۡظُرُ اِلَيۡكَ‌ؕ اَفَاَنۡتَ

اور بعضے ان میں نگاہ کرتے ہیں تیری طرف کیا تو

تَهۡدِى الۡعُمۡىَ وَلَوۡ كَانُوۡا لَا يُبۡصِرُوۡنَ ﴿۴۳﴾

راہ دکھائے گا اندھوں کو اگرچہ وہ سوجھ نہ رکھتے ہوں ﴿۴۳﴾

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظۡلِمُ النَّاسَ شَيۡـًٔا وَّلٰـكِنَّ

اللہ ظلم نہیں کرتا لوگوں پر کچھ بھی لیکن

النَّاسَ اَنۡفُسَهُمۡ يَظۡلِمُوۡنَ ﴿۴۴﴾ وَيَوۡمَ

لوگ اپنے اوپر آپ ظلم کرتے ہیں ﴿۴۴﴾ اور جس دن

يَحۡشُرُهُمۡ كَاَنۡ لَّمۡ يَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا سَاعَةً

ان کو جمع کرے گا گویا وہ نہ رہے تھے مگر ایک گھڑی

مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوۡنَ بَيۡنَهُمۡ ط

دن ایک دوسرے کو پہچانیں گے

قَدۡ خَسِرَ الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِلِقَآءِ اللّٰهِ

بے شک خسارے میں پڑے جنہوں نے جھٹلایا اللہ سے ملنے کو

وَمَا كَانُوۡا مُهۡتَدِيۡنَ ﴿۴۵﴾ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ

اور نہ آئے وہ راہ پر ﴿۴۵﴾ اور اگر ہم دکھائیں گے تجھ کو

بَعۡضَ الَّذِىۡ نَعِدُهُمۡ اَوۡ نَتَوَفَّيَنَّكَ

کوئی چیز ان وعدوں میں سے جو کیے ہم نے ان سے یا وفات دیں تجھ کو

فَاِلَيۡنَا مَرۡجِعُهُمۡ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيۡدٌ عَلٰى

سو ہماری ہی طرف ہے ان کو لوٹنا، پھر اللہ شاہد ہے

مَا يَفۡعَلُوۡنَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوۡلٌ ۚ

ان کاموں پر جو کرتے ہیں ﴿٤٦﴾ اور ہر فرقے کا ایک رسول ہے

فَاِذَا جَآءَ رَسُوۡلُهُمۡ قُضِىَ بَيۡنَهُمۡ

پھر جب پہنچا ان کے پاس رسول ان کا فیصلہ ہوا ان میں

بِالۡقِسۡطِ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ

انصاف سے اور ان پر ظلم نہیں ہوتا ﴿٤٧﴾ اور کہتے ہیں

مَتٰى هٰذَا الۡوَعۡدُ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿٤٨﴾

کب ہے یہ وعدہ اگر تم سچے ہو ﴿٤٨﴾

قُلْ لَّاۤ اَمۡلِكُ لِنَفۡسِىۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا

تو کہہ میں مالک نہیں اپنے واسطے برے کا نہ بھلے کا

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ

مگر جو چاہے اللہ ہر فرقے کا ایک وعدہ ہے

اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمۡ فَلَا يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ

جب آپہنچے گا ان کا وعدہ پھر نہ پیچھے سرک سکیں گے

سَاعَةً وَّلَا يَسۡتَقۡدِمُوۡنَ ﴿۴۹﴾ قُلۡ

ایک گھڑی اور نہ آگے سرک سکیں گے ﴿۴۹﴾ تو کہہ

اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ اَتٰٮكُمۡ عَذَابُهٗ بَيَاتًا

بھلا دیکھو تو اگر آپہنچے تم پر عذاب اس کا راتوں رات

اَوۡ نَهَارًا مَّا ذَا يَسۡتَعۡجِلُ مِنۡهُ

یا دن کو تو کیا کرلیں گے اس سے پہلے

الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿۵۰﴾ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ

گناہ گار ﴿۵۰﴾ کیا پھر جب عذاب واقع ہوچکے گا

اٰمَنۡتُمۡ بِهٖ ؕ آٰلۡـٰٔنَ وَقَدۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ

تب اس پر یقین کرو گے اب قائل ہوئے اور تم اسی کا

تَسۡتَعۡجِلُوۡنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ قِيۡلَ لِلَّذِيۡنَ

تقاضا کرتے تھے ﴿۵۱﴾ پھر کہیں گے

ظَلَمُوۡا ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡخُلۡدِ ۚ هَلۡ

گنہگاروں کو چکھتے رہو عذاب ہمیشگی کا

تُجۡزَوۡنَ اِلَّا بِمَا كُنۡتُمۡ تَكۡسِبُوۡنَ ﴿۵۲﴾

وہی بدلہ ملتا ہے جو کچھ کماتے تھے ﴿۵۲﴾

وَيَسۡتَنۡۢبِـُٔوۡنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلۡ اِىۡ وَرَبِّىۡۤ

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اور تجھ سے خبر پوچھتے ہیں کیا سچ ہے یہ بات تو کہہ البتہ قسم میرے رب کی

اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ ﴿۵۳﴾ ع

ع ۵ ۱۰

یہ سچ ہے اور تم تھکا نہ سکو گے ﴿۵۳﴾

وَلَوۡ اَنَّ لِكُلِّ نَفۡسٍ ظَلَمَتۡ مَا فِى

اور اگر ہو ہر شخص گناہ گار کے پاس جتنا کچھ ہے

الۡاَرۡضِ لَافۡتَدَتۡ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا

زمین میں البتہ دے ڈالے اپنے بدلے میں اور چھپے چھپے

النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الۡعَذَابَ ۚ وَقُضِىَ

پچھتائیں گے جب دیکھیں گے عذاب اور ان میں فیصلہ ہوگا

بَيۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۵۴﴾

انصاف سے اور ان پر ظلم نہ ہوگا ﴿۵۴﴾

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

سن رکھو اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں

اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

سن رکھو وعدہ اللہ کا سچ ہے پر بہت لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ

نہیں جانتے ﴿۵۵﴾ وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

اور اسی کی طرف پھر جاؤ گے ﴿۵۶﴾ اے لوگو!

قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

تمھارے پاس آئی ہے نصیحت تمھارے رب سے

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ۬ وَهُدًى

اور شفاء دلوں کے روگ کی اور ہدایت

وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ

اور رحمت مسلمانوں کے واسطے ﴿۵۷﴾ کہہ

اللّٰهِ وَبِرَحۡمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلۡيَفۡرَحُوۡا ؕ

اللہ کے فضل سے اور اس کی مہربانی سے سو اسی پر ان کو خوش ہونا چاہیے

هُوَ خَيۡرٌ مِّمَّا يَجۡمَعُوۡنَ ﴿٥٨﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ

یہ بہتر ہے ان چیزوں سے جو جمع کرتے ہیں ﴿٥٨﴾ تو کہہ بھلا دیکھو تو

مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ لَكُمۡ مِّنۡ رِّزۡقٍ فَجَعَلۡتُمۡ

اللہ نے جو اتاری تمہارے واسطے روزی پھر تم نے ٹھہرائی

مِّنۡهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلۡ آٰللّٰهُ اَذِنَ

اس میں سے کوئی حرام اور کوئی حلال کہہ کیا اللہ نے حکم دیا

لَكُمۡ اَمۡ عَلَى اللّٰهِ تَفۡتَرُوۡنَ ﴿٥٩﴾ وَمَا

تم کو یا اللہ پر افتراء کرتے ہو ﴿٥٩﴾ اور کیا

ظَنُّ الَّذِيۡنَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ

خیال ہے جھوٹ باندھنے والوں کا اللہ پر

يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوۡ فَضۡلٍ عَلَى

قیامت کے دن اللہ تو فضل کرتا ہے

ع ۷ / ۱۱

النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَشۡكُرُوۡنَ ﴿٦٠﴾ ع

لوگوں پر اور لیکن بہت لوگ حق نہیں مانتے ﴿٦٠﴾

وَمَا تَكُوۡنُ فِىۡ شَاۡنٍ وَّمَا تَتۡلُوۡا مِنۡهُ

اور نہیں ہوتا تو کسی حال میں اور نہ پڑھتا ہے اس میں سے

مِنۡ قُرۡاٰنٍ وَّلَا تَعۡمَلُوۡنَ مِنۡ عَمَلٍ

کچھ قرآن اور نہیں کرتے ہو تم لوگ کچھ کام

اِلَّا كُنَّا عَلَيۡكُمۡ شُهُوۡدًا اِذۡ تُفِيۡضُوۡنَ

کہ ہم نہیں ہوتے حاضر تمھارے پاس جب تم مصروف ہوتے ہو

فِيۡهِ ؕ وَمَا يَعۡزُبُ عَنۡ رَّبِّكَ مِنۡ

اس میں اور غائب نہیں رہتا تیرے رب سے

مِّثۡقَالِ ذَرَّةٍ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ

ایک ذرہ بھر زمین میں اور نہ آسمان میں

وَلَاۤ اَصۡغَرَ مِنۡ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكۡبَرَ اِلَّا

اور نہ چھوٹا اس سے اور نہ بڑا

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ

جو نہیں ہے کھلی ہوئی کتاب میں ﴿٦١﴾ یادرکھو جو لوگ اللہ کے دوست ہیں

لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ج

نہ ڈر ہے ان پر اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٦٢﴾

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ط

جو لوگ کہ ایمان لائے اور ڈرتے رہے ﴿٦٣﴾

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

ان کے لیے خوش خبری دنیا کی زندگانی میں

وَفِي الْاٰخِرَةِ ط لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ

اور آخرت میں بدلتی نہیں

اللّٰهِ ط ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾ط

اللہ کی باتیں یہی ہے بڑی کامیابی ﴿٦٤﴾

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ م اِنَّ الْعِزَّةَ

اور رنج مت کر ان کی بات سے، اصل میں سب زور

وقف لازم

لِلّٰهِ جَمِيۡعًا ؕ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿٦٥﴾

اللہ کے لیے ہے وہی ہے سننے والا جاننے والا ﴿٦٥﴾

اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنۡ فِى

سنتا ہے اللہ کا ہے جو کوئی ہے آسمانوں میں اور جو کوئی ہے

الۡاَرۡضِ ؕ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ

زمین میں اور یہ جو پیچھے پڑے ہیں اللہ کے سوا

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنۡ يَّتَّبِعُوۡنَ

شریکوں کو پکارنے والے سو یہ کچھ نہیں مگر پیچھے پڑے ہیں

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنۡ هُمۡ اِلَّا يَخۡرُصُوۡنَ ﴿٦٦﴾

اپنے خیال کے اور کچھ نہیں مگر اٹکلیں دوڑاتے ہیں ﴿٦٦﴾

هُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ لَـكُمُ الَّيۡلَ لِتَسۡكُنُوۡا

وہی ہے جس نے بنایا تمہارے واسطے رات کو کہ چین حاصل کرو

فِيۡهِ وَالنَّهَارَ مُبۡصِرًا ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ

اس میں اور دن دیا دکھلانے والا بے شک اس میں

لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّسۡمَعُوۡنَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ

نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو سنتے ہیں ﴿٦٧﴾ کہتے ہیں ٹھہرا لیا

اللّٰهُ وَلَدًا سُبۡحٰنَهٗ ؕ هُوَ الۡغَنِىُّ ؕ

اللہ نے بیٹا وہ پاک ہے وہ بے نیاز ہے

لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ

اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور جو کچھ ہے زمین میں

اِنۡ عِنۡدَكُمۡ مِّنۡ سُلۡطٰنٍ ۢ بِهٰذَا ؕ

نہیں تمہارے پاس کوئی سند اس کی

اَتَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿٦٨﴾

کیوں جھوٹ کہتے ہو اللہ پر جب بات کی تم کو خبر نہیں ﴿٦٨﴾

قُلۡ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ

کہہ جو لوگ باندھتے ہیں اللہ پر

الۡكَذِبَ لَا يُفۡلِحُوۡنَ ﴿٦٩﴾ ؕ مَتَاعٌ فِى

جھوٹ بھلائی نہیں پاتے ﴿٦٩﴾ تھوڑا سا نفع اٹھا لینا

الدُّنۡيَا ثُمَّ اِلَيۡنَا مَرۡجِعُهُمۡ ثُمَّ

دنیا میں پھر ہماری طرف ہے ان کو لوٹنا پھر

نُذِيۡقُهُمُ الۡعَذَابَ الشَّدِيۡدَ بِمَا

چکھائیں گے ہم ان کو سخت عذاب بدلہ

كَانُوۡا يَكۡفُرُوۡنَ ﴿٧٠﴾ ع وَاتۡلُ عَلَيۡهِمۡ

الثلثۃ ع ١٢

ان کے کفر کا ﴿٧٠﴾ اور سنا ان کو

نَبَاَ نُوۡحٍ‌ ۘ اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهٖ يٰقَوۡمِ

وقف لازم

حال نوح کا جب کہا اپنی قوم کو اے قوم

اِنۡ كَانَ كَبُرَ عَلَيۡكُمۡ مَّقَامِىۡ وَتَذۡكِيۡرِىۡ

اگر بھاری ہوا ہے تم پر میرا کھڑا ہونا اور نصیحت کرنا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلۡتُ فَاَجۡمِعُوۡۤا

اللہ کی آیتوں سے تو میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اب تم سب مل کر مقرر کرو

اَمۡرَكُمۡ وَشُرَكَآءَكُمۡ ثُمَّ لَا يَكُنۡ

اپنا کام اور جمع کرو اپنے شریکوں کو پھر نہ رہے

اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا

تم کو اپنے کام میں شبہ پھر کر گزرو

اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿٧١﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

میرے ساتھ اور مجھ کو مہلت نہ دو ﴿٧١﴾ پھر اگر منہ پھیرو گے

فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ

تو میں نے نہیں چاہی تم سے مزدوری، میری مزدوری ہے

اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

اللہ پر اور مجھ کو حکم ہے کہ رہوں

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ

فرمانبردار ﴿٧٢﴾ پھر اس کو جھٹلایا سو ہم نے بچا لیا اس کو

وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ

اور جو اس کے ساتھ تھے کشتی میں اور ان کو قائم کردیا

خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

جگہ پر اور ڈبو دیا ان کو جو جھٹلاتے تھے

بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

ہماری باتوں کو، سو دیکھ لے کیسا ہوا انجام

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ

ان کا جن کو ڈرایا تھا ﴿٧٣﴾ پھر بھیجے ہم نے

بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ

نوح کے بعد کتنے پیغمبر ان کی قوم کی طرف پھر لائے ان کے پاس

بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا

کھلی دلیلیں سو ان سے یہ نہ ہوا کہ ایمان لے آئیں

كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ

اس بات پر جس کو جھٹلا چکے تھے پہلے سے اسی طرح ہم مہر لگا دیتے ہیں

عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا

دلوں پر حد سے نکل جانے والوں کے ﴿٧٤﴾ پھر بھیجا ہم نے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى

ان کے پیچھے موسیٰ اور ہارون کو

فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسۡتَكۡبَرُوۡا

فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس اپنی نشانیاں دے کر پھر تکبر کرنے لگے

وَكَانُوۡا قَوۡمًا مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا

اور وہ تھے لوگ گناہ گار ﴿٧٥﴾ پھر جب

جَآءَهُمُ الۡحَقُّ مِنۡ عِنۡدِنَا قَالُوۡۤا اِنَّ

پہنچی ان کو سچی بات ہمارے پاس سے کہنے لگے

هٰذَا لَسِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿٧٦﴾ قَالَ مُوۡسٰٓى

یہ تو جادو ہے کھلا ﴿٧٦﴾ کہا موسیٰ نے

اَتَقُوۡلُوۡنَ لِلۡحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمۡ‌ؕ اَسِحۡرٌ

کیا تم یہ کہتے ہو حق بات کو جب وہ پہنچے تمہارے پاس کیا یہ جادو ہے

هٰذَا ؕ وَلَا يُفۡلِحُ السّٰحِرُوۡنَ ﴿٧٧﴾ قَالُوۡۤا

اور نجات نہیں پاتے جادو کرنے والے ﴿٧٧﴾ بولے

اَجِئۡتَنَا لِتَلۡفِتَنَا عَمَّا وَجَدۡنَا عَلَيۡهِ

کیا تو آیا ہے کہ ہم کو پھیر دے اس راستہ سے جس پر پایا ہم نے

اٰبَآءَنَا وَتَكُوۡنَ لَكُمَا الۡكِبۡرِيَآءُ فِي

اپنے باپ دادوں کو اور تم دونوں کو سرداری مل جائے

الۡاَرۡضِ ؕ وَمَا نَحۡنُ لَكُمَا بِمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿٧٨﴾

اس ملک میں اور ہم نہیں ہیں تم کو ماننے والے ﴿٧٨﴾

وَقَالَ فِرۡعَوۡنُ ائۡتُوۡنِيۡ بِكُلِّ سٰحِرٍ

اور بولا فرعون لاؤ میرے پاس جو جادوگر ہو

عَلِيۡمٍ ﴿٧٩﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ

پڑھا ہوا ﴿٧٩﴾ پھر جب آئے جادوگر کہا

لَهُمۡ مُّوۡسٰٓى اَلۡقُوۡا مَآ اَنۡتُمۡ مُّلۡقُوۡنَ ﴿٨٠﴾

ان کو موسیٰ نے ڈالو جو تم ڈالتے ہو ﴿٨٠﴾

فَلَمَّآ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰى مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ

پھر جب انہوں نے ڈالا موسیٰ بولا کہ جو تم لائے ہو

السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبۡطِلُهٗ ؕ اِنَّ

سو جادو ہے اب اللہ اس کو بگاڑتا ہے بے شک

اللّٰهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿٨١﴾

اللہ نہیں سنوارتا شریروں کے کام ﴿٨١﴾

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ كَرِهَ

اور اللہ سچا کرتا ہے حق بات کو اپنے حکم سے اور پڑے برا مانیں

ع ٨ ١٢/١٣

الۡمُجۡرِمُوۡنَ ﴿٨٢﴾ فَمَاۤ اٰمَنَ لِمُوۡسٰٓى

گناہ گار ﴿٨٢﴾ پھر کوئی ایمان نہ لایا موسیٰ پر

اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنۡ قَوۡمِهٖ عَلٰى خَوۡفٍ

مگر کچھ لڑکے اس کی قوم کے ڈرتے ہوئے

مِّنۡ فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ئِهِمۡ اَنۡ يَّفۡتِنَهُمۡ‌ؕ

فرعون سے اور ان کے سرداروں سے کہ کہیں ان کو بچلا نہ دے

وَاِنَّ فِرۡعَوۡنَ لَعَالٍ فِى الۡاَرۡضِ‌ۚ

اور فرعون چڑھ رہا ہے ملک میں

وَاِنَّهٗ لَمِنَ الۡمُسۡرِفِيۡنَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ

اور اس نے ہاتھ چھوڑ رکھا ہے ﴿٨٣﴾ اور کہا

مُوۡسٰى يٰقَوۡمِ اِنۡ كُنۡتُمۡ اٰمَنۡتُمۡ بِاللّٰهِ

موسیٰ نے اے میری قوم اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر

فَعَلَيۡهِ تَوَكَّلُوۡۤا اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّسۡلِمِيۡنَ ﴿٨٤﴾

تو اسی پر بھروسہ کرو اگر ہو تم فرماں بردار ﴿٨٤﴾

فَقَالُوۡا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلۡنَا ۚ رَبَّنَا

تب وہ بولے ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا اے رب ہمارے

لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةً لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿٨٥﴾ۙ

نہ آزما ہم پر زور اس ظالم قوم کا ﴿٨٥﴾

وَنَجِّنَا بِرَحۡمَتِكَ مِنَ الۡقَوۡمِ

اور چھڑا دے ہم کو مہربانی فرما کر ان کافر

الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿٨٦﴾ وَاَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰى

لوگوں سے ﴿٨٦﴾ اور حکم بھیجا ہم نے موسیٰ کو

وَاَخِيۡهِ اَنۡ تَبَوَّاٰ لِقَوۡمِكُمَا بِمِصۡرَ

اور اس کے بھائی کو کہ مقرر کرو اپنی قوم کے واسطے مصر میں سے

بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً

گھر اور بناؤ اپنے گھر قبلہ رو

وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٧﴾

اور قائم کرو نماز اور خوشخبری دے ایمان والوں کو ﴿٨٧﴾

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ

اور کہا موسیٰ نے اے رب ہمارے تو نے دی ہے

فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي

فرعون کو اور اس کے سرداروں کو رونق اور مال

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ

دنیا کی زندگی میں اے رب اس واسطے کہ بہکائیں

سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ

تیری راہ سے اے رب مٹا دے ان کے مال

وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى

اور سخت کر دے ان کے دل کہ نہ ایمان لائیں جب تک

يَرَوُا الۡعَذَابَ الۡاَلِيۡمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ

دیکھ لیں عذاب دردناک ﴿۸۸﴾ فرمایا

قَدۡ اُجِيۡبَتۡ دَّعۡوَتُكُمَا فَاسۡتَقِيۡمَا

قبول ہوچکی دعا تمہاری سو تم دونوں ثابت رہو

وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيۡلَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿٨٩﴾

اور مت چلو راہ ان کی جو ناواقف ہیں ﴿۸۹﴾

وَجٰوَزۡنَا بِبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡبَحۡرَ

اور پار کردیا ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے

فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ وَجُنُوۡدُهٗ بَغۡيًا

پھر پیچھا کیا ان کا فرعون نے اور اس کے لشکر نے شرارت سے

وَّعَدۡوًا‌ ؕ حَتّٰٓى اِذَاۤ اَدۡرَكَهُ الۡغَرَقُ

اور تعدی سے یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا

قَالَ اٰمَنۡتُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِىۡۤ

بولا یقین کرلیا میں نے کہ کوئی معبود نہیں مگر جس پر

اٰمَنَتۡ بِهٖ بَنُوۡۤا اِسۡرَآءِيۡلَ وَاَنَا مِنَ

کہ ایمان لائے بنی اسرائیل اور میں ہوں

الۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿٩٠﴾ آٰلۡـٴٰنَ وَقَدۡ عَصَيۡتَ

فرمانبرداروں میں ﴿٩٠﴾ اب یہ کہتا ہے اور تو نافرمانی کرتا رہا

قَبۡلُ وَكُنۡتَ مِنَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ ﴿٩١﴾

اس سے پہلے اور رہا گمراہوں میں ﴿٩١﴾

فَالۡيَوۡمَ نُنَجِّيۡكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوۡنَ

سو آج بچائے دیتے ہیں ہم تیرے بدن کو تاکہ ہووے تو

لِمَنۡ خَلۡفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيۡرًا

اپنے پچھلوں کے واسطے نشانی اور بے شک بہت

ع ٩ ١٠ ١٤ مِّنَ النَّاسِ عَنۡ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوۡنَ ﴿٩٢﴾ ع

لوگ ہماری قدرتوں پر توجہ نہیں کرتے ﴿٩٢﴾

وَلَقَدۡ بَوَّاۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ مُبَوَّاَ

اور جگہ دی ہم نے بنی اسرائیل کو

صِدۡقٍ وَّ رَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ

پسندیدہ جگہ اور کھانے کو دیں ستھری چیزیں

فَمَا اخۡتَلَفُوۡا حَتّٰى جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ ؕ

سو ان میں پھوٹ نہیں پڑی یہاں تک کہ پہنچی ان کو خبر

اِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ

بے شک تیرا رب ان میں فیصلہ کرے گا قیامت کے دن

فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿٩٣﴾ فَاِنۡ

جس بات میں کہ ان میں پھوٹ پڑی ﴿٩٣﴾ سو اگر

كُنۡتَ فِىۡ شَكٍّ مِّمَّاۤ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ

تو ہے شک میں اس چیز سے کہ اتاری ہم نے تیری طرف

فَسۡـَٔلِ الَّذِيۡنَ يَقۡرَءُوۡنَ الۡكِتٰبَ مِنۡ

تو پوچھ ان سے جو پڑھتے ہیں کتاب

قَبۡلِكَ ۚ لَقَدۡ جَآءَكَ الۡحَـقُّ مِنۡ رَّبِّكَ

تجھ سے پہلے بیشک آئی ہے تیرے پاس حق بات تیرے رب سے

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُوْنَنَّ

سو تو ہرگز مت ہو شک کرنے والا ﴿٩٤﴾ اور مت ہو

مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ

ان میں جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی باتوں کو پھر تو بھی ہوجائے

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ

خرابی میں پڑنے والا ﴿٩٥﴾ جن پر ثابت ہوچکی

عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٩٦﴾

بات تیرے رب کی وہ ایمان نہ لائیں گے ﴿٩٦﴾

وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا

اگرچہ پہنچیں ان کو ساری نشانیاں جب تک نہ دیکھ لیں

الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٩٧﴾ فَلَوْلَا كَانَتْ

عذاب دردناک ﴿٩٧﴾ سو کیوں نہ ہوئی

قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ

کوئی بستی کہ ایمان لاتی پھر کام آتا ان کو ایمان لانا

اِلَّا قَوۡمَ يُوۡنُسَ ؕ لَمَّاۤ اٰمَنُوۡا كَشَفۡنَا

مگر یونس کی قوم جب وہ ایمان لائی اٹھا لیا ہم نے

عَنۡهُمۡ عَذَابَ الۡخِزۡىِ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا

ان پر سے ذلت کا عذاب دنیا کی زندگانی میں

وَمَتَّعۡنٰهُمۡ اِلٰى حِيۡنٍ ﴿۹۸﴾ وَلَوۡ شَآءَ

اور فائدہ پہنچایا ہم نے ان کو ایک وقت تک ﴿۹۸﴾ اور اگر

رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنۡ فِى الۡاَرۡضِ كُلُّهُمۡ

تیرا رب چاہتا بیشک ایمان لے آتے جتنے لوگ کہ زمین میں ہیں سارے

جَمِيۡعًا ؕ اَفَاَنۡتَ تُكۡرِهُ النَّاسَ حَتّٰى

تمام اب کیا تو زبردستی کرے گا لوگوں پر کہ

يَكُوۡنُوۡا مُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۹۹﴾ وَمَا كَانَ لِنَفۡسٍ

ہوجائیں باایمان ﴿۹۹﴾ اور کسی سے نہیں ہوسکتا

اَنۡ تُؤۡمِنَ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجۡعَلُ

کہ ایمان لائے مگر اللہ کے حکم سے اور وہ ڈالتا ہے

الرِّجۡسَ عَلَى الَّذِيۡنَ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾

گندگی ان پر جو نہیں سوچتے ﴿۱۰۰﴾

قُلِ انۡظُرُوۡا مَاذَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ

تو کہہ دیکھو تو کیا کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں

وَمَا تُغۡنِى الۡاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنۡ قَوۡمٍ

اور کچھ کام نہیں آتی نشانیاں اور ڈرانے والے ان لوگوں کو

لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ فَهَلۡ يَنۡتَظِرُوۡنَ

جو نہیں مانتے ﴿۱۰۱﴾ سو اب کچھ نہیں جس کا انتظار کریں

اِلَّا مِثۡلَ اَيَّامِ الَّذِيۡنَ خَلَوۡا مِنۡ

مگر انہی کے سے دن جو گزر چکے ہیں

قَبۡلِهِمۡ ؕ قُلۡ فَانۡتَظِرُوۡۤا اِنِّىۡ مَعَكُمۡ

ان سے پہلے تو کہہ اب راہ دیکھو میں بھی تمہارے ساتھ

مِّنَ الۡمُنۡتَظِرِيۡنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ نُنَجِّىۡ رُسُلَنَا

راہ دیکھتا ہوں ﴿۱۰۲﴾ پھر ہم بچا لیتے ہیں اپنے رسولوں کو

وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيۡنَا

اور ان کو جو ایمان لائے اسی طرح ذمہ ہے ہمارا

نُنۡجِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۰۳﴾ ع قُلۡ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ع ١١ ١٥

بچا لیں گے ایمان والوں کو ﴿۱۰۳﴾ کہہ دے اے لوگو!

اِنۡ كُنۡتُمۡ فِىۡ شَكٍّ مِّنۡ دِيۡنِىۡ فَلَاۤ

اگر تم شک میں ہو میرے دین سے تو

اَعۡبُدُ الَّذِيۡنَ تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

میں عبادت نہیں کرتا جن کی تم عبادت کرتے ہو اللہ کے سوا

وَلٰـكِنۡ اَعۡبُدُ اللّٰهَ الَّذِىۡ يَتَوَفّٰٮكُمۡ ۖۚ

اور لیکن میں عبادت کرتا ہوں اللہ کی جو کھینچ لیتا ہے تم کو

وَاُمِرۡتُ اَنۡ اَكُوۡنَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۰۴﴾ لا

اور مجھ کو حکم ہے کہ رہوں ایمان والوں میں ﴿۱۰۴﴾

وَاَنۡ اَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّيۡنِ حَنِيۡفًا ۚ

اور یہ کہ سیدھا کر منہ اپنا دین پر حنیف ہو کر

وَلَا تَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿١٠٥﴾

اور مت ہو شرک والوں میں ﴿١٠٥﴾

وَلَا تَدۡعُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنۡفَعُكَ

اور مت پکار اللہ کے سوا ایسے کو کہ نہ بھلا کرے تیرا

وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنۡ فَعَلۡتَ فَاِنَّكَ اِذًا

اور نہ برا پھر اگر تو ایسا کرے تو تو بھی اس وقت

مِّنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿١٠٦﴾ وَاِنۡ يَّمۡسَسۡكَ اللّٰهُ

ہو ظالموں میں ﴿١٠٦﴾ اور اگر پہنچا دیوے تجھ کو اللہ

بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنۡ يُّرِدۡكَ

کچھ تکلیف تو کوئی نہیں اس کو ہٹانے والا اسکے سوا اور اگر پہنچانا چاہے تجھ کو

بِخَيۡرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضۡلِهٖ ؕ يُصِيۡبُ بِهٖ

کچھ بھلائی تو کوئی پھیرنے والا نہیں اس کے فضل کو پہنچائے اپنا فضل

مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ

جس پر چاہے اپنے بندوں میں اور وہی ہے بخشنے والا

الرَّحِيۡمُ ﴿١٠٧﴾ قُلۡ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدۡ

مہربان ﴿١٠٧﴾ کہہ دے اے لوگو!

جَآءَكُمُ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّكُمۡ‌ۚ فَمَنِ

پہنچ چکا حق تم کو تمہارے رب سے اب جو کوئی

اهۡتَدٰى فَاِنَّمَا يَهۡتَدِىۡ لِنَفۡسِهٖ‌ۚ وَمَنۡ

راہ پر آئے سو وہ راہ پاتا ہے اپنے بھلے کو اور جو کوئی

ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيۡهَا‌ ۚ وَمَاۤ اَنَا۠

بہکا پھرے سو بہکا پھرے گا اپنے برے کو اور میں

عَلَيۡكُمۡ بِوَكِيۡلٍؕ ﴿١٠٨﴾ وَاتَّبِعۡ مَا يُوۡحٰۤى

تم پر نہیں ہوں مختار ﴿١٠٨﴾ اور تو چل اسی پر جو حکم پہنچے

اِلَيۡكَ وَاصۡبِرۡ حَتّٰى يَحۡكُمَ اللّٰهُ‌ۚ وَهُوَ

تیری طرف اور صبر کر جب تک فیصلہ کرے اللہ اور وہ ہے

خَيۡرُ الۡحٰكِمِيۡنَ ﴿١٠٩﴾ ع

سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ﴿١٠٩﴾

ع ١١ ١٦

(سورۂ ہود مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (١٢، ١٧ اور ١١٤) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (١٢٣) آیتیں اور (١٠) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٥٢) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (١١) نمبر پر ہے اور سورۂ یونس کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (١١٠٠) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٩٥٦٧) حروف ہیں

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ

الر یہ کتاب ہے کہ جانچ لیا ہے اس کی باتوں کو پھر کھولی گئی ہیں

مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ ﴿١﴾ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

ایک حکمت والے خبردار کے پاس سے ① کہ عبادت نہ کرو

اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ

مگر اللہ کی میں تم کو اسی کی طرف سے ڈر

وَّبَشِيْرٌ ۙ ﴿٢﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

اور خوش خبری سناتا ہوں ② اور یہ کہ گناہ بخشواؤ اپنے رب سے

ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا

پھر رجوع کرو اس کی طرف کہ فائدہ پہنچائے تم کو اچھا فائدہ

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ

ایک وقت مقرر تک اور دیوے ہر زیادتی والے کو

فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ

زیادتی اپنی اور اگر تم پھر جاؤ گے تو میں ڈرتا ہوں تم پر

عَذَابَ یَوْمٍ كَبِیْرٍ ﴿٣﴾ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ

ایک بڑے دن کے عذاب سے ③ اللہ کی طرف ہے تم کو لوٹ کر جانا

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿٤﴾ اَلَاۤ اِنَّهُمْ

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ④ سنتا ہے! وہ

یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ

دوہرے کرتے ہیں اپنے سینے تاکہ چھپائیں اس سے

اَلَا حِیْنَ یَسْتَغْشُوْنَ ثِیَابَهُمْ ۙ یَعْلَمُ

سنتا ہے جس وقت اوڑھتے ہیں اپنے کپڑے جانتا ہے

مَا یُسِرُّوْنَ وَمَا یُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ

جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں وہ تو جاننے والا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٥﴾

دلوں کی بات ⑤

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى
اور کوئی نہیں چلنے والا زمین پر مگر
اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا
اللہ پر ہے اس کی روزی اور جانتا ہے جہاں وہ ٹھہرتا ہے
وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ
اور جہاں سونپا جاتا ہے سب کچھ موجود ہے
مُّبِيْنٍ ﴿۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
کھلی کتاب میں ﴿۶﴾ اور وہی ہے جس نے بنائے آسمان
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ
اور زمین چھ دن میں اور تھا
عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ
اس کا تخت پانی پر تاکہ آزمائے تم کو کہ کون تم میں
اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ
اچھا کرتا ہے کام اور اگر تو کہے کہ تم

مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ

اٹھو گے مرنے کے بعد تو البتہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

کافر کہنے لگیں یہ کچھ نہیں مگر جادو ہے

مُّبِيْنٌ ⑦ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ

کھلا ہوا ⑦ اور اگر ہم روکے رکھیں ان سے

الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ

عذاب کو ایک مدت معلوم تک تو کہنے لگیں

مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ

کس چیز نے روک دیا عذاب کو، سنتا ہے جس دن آئے گا ان پر نہ

مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا

پھیرا جائے گا ان سے اور گھیر لے گی ان کو وہ چیز

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑧ ع وَلَئِنْ اَذَقْنَا ع ٨/١

جس پر ٹھٹھے کیا کرتے تھے ⑧ اور اگر ہم چکھا دیں

الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا

آدمی کو اپنی طرف سے رحمت پھر وہ چھین لیں

مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَئُوْسٌ كَفُوْرٌ ۹ وَلَئِنْ

اس سے تو وہ ناامید ناشکر ہوتا ہے ۹ اور اگر

اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ

ہم چکھاویں اس کو آرام بعد تکلیف کے جو پہنچی تھی اس کو

لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ

تو بول اٹھے دور ہوئیں برائیاں مجھ سے وہ تو

لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۱۰ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا

اترانے والا شیخی خورا ہے ۱۰ مگر جو لوگ صابر ہیں

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

اور کرتے ہیں نیکیاں ان کے واسطے

مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۱۱ فَلَعَلَّكَ

بخشش ہے اور ثواب بڑا ۱۱ سو کہیں تو

تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ

چھوڑ بیٹھے گا کچھ چیز اس میں سے جو وحی آئی تیری طرف اور تنگ ہوگا

بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ

اس سے تیرا جی اس بات پر کہ وہ کہتے ہیں کیوں نہ اترا

عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ

اس پر خزانہ یا کیوں نہ آیا اس کے ساتھ فرشتہ

اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ

تُو تو ڈرانے والا ہے اور اللہ ہے ہر چیز کا

وَّكِيْلٌ ؕ ﴿١٢﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ

ذمہ دار ﴿١٢﴾ کیا کہتے ہیں کہ بنا لایا ہے تو قرآن کو

قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ

کہہ دے تم بھی لے آؤ ایک دس سورتیں ایسی

مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ

بنا کر اور بلا لو جس کو بلا سکو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾

اللہ کے سوا اگر ہو تم سچے ﴿۱۳﴾

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ

پھر اگر نہ پورا کریں تمھارا کہنا تو جان لو کہ

اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

قرآن تو اترا ہے اللہ کی وحی سے اور یہ کہ کوئی حاکم نہیں اس کے سوا

فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ

پھر اب تم حکم مانتے ہو ﴿۱۴﴾ جو کوئی

يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ

چاہے دنیا کی زندگانی اور اس کی زینت بھگتا دیں گے ہم

اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا

ان کو ان کے عمل دنیا میں اور ان کو اس میں

لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

کچھ نقصان نہیں ﴿۱۵﴾ یہی ہیں

لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ
جن کے واسطے کچھ نہیں آخرت میں آگ کے سوا
وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ
اور برباد ہوا جو کچھ کیا تھا یہاں اور خراب گیا
مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى
جو کمایا تھا ﴿۱۶﴾ بھلا ایک شخص جو ہے
بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ
صاف راستہ پر اپنے رب کے اور اسکے ساتھ ساتھ ہے ایک گواہ اللہ کی طرف سے
وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا
اور اس سے پہلے گواہ تھی موسیٰ کی کتاب راستہ بتلاتی
وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ
اور بخشواتی (اوروں کی برابر ہے) یہی لوگ مانتے ہیں قرآن کو اور جو کوئی
يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ
منکر ہو اس سے سب فرقوں میں سے سو دوزخ ہے

مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۚ

ٹھکانا اس کا سو تو مت رہ شبہ میں اس سے

اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

بے شک وہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے اور پر بہت سے

النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ

لوگ یقین نہیں کرتے ﴿۱۷﴾ اور اس سے بڑھ کر ظالم

مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ

کون جو باندھے اللہ پر جھوٹ وہ لوگ

يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ

رُوبرو آئیں گے اپنے رب کے اور کہیں گے گواہی دینے والے

هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ

یہی ہیں جنہوں نے جھوٹ کہا تھا اپنے رب پر

اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ لا الَّذِيْنَ

سن لو پھٹکار ہے اللہ کی ناانصاف لوگوں پر ﴿۱۸﴾ جو کہ

يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا

روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور ڈھونڈھتے ہیں اس میں

عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

کجی اور وہی ہیں آخرت سے

كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا

منکر ﴿۱۹﴾ وہ لوگ نہیں تھکانے والے

مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ

زمین میں بھاگ کر اور نہیں ان کے واسطے

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ

اللہ کے سوا کوئی حمایتی دونا ہے ان کے لیے

وقف لازم

الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ

عذاب نہ طاقت رکھتے تھے سننے کی

وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

اور نہ دیکھتے تھے ﴿۲۰﴾ وہی ہیں جو

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

کھو بیٹھے اپنی جان اور گم ہوگیا ان سے

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢١﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ

جو جھوٹ باندھا تھا ﴿٢١﴾ اس میں شک نہیں کہ یہ لوگ

فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿٢٢﴾

آخرت میں یہی ہیں سب سے زیادہ نقصان میں ﴿٢٢﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

البتہ جو لوگ ایمان لائے اور کام کیے نیک

وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور عاجزی کی اپنے رب کے سامنے وہ ہیں

الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٣﴾

جنت کے رہنے والے وہ اسی میں رہا کریں گے ﴿٢٣﴾

مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ

مثال ان دونوں فرقوں کی جیسے ایک تو اندھا اور بہرا

وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ط هَلْ يَسْتَوِيٰنِ

اور دوسرا دیکھتا اور سنتا کیا برابر ہے

مَثَلًا ط اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ع ﴿٢٤﴾ وَلَقَدْ ع ٢/٦

دونوں کا حال پھر کیا تم غور نہیں کرتے ﴿٢٤﴾ اور

اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ز اِنِّيْ لَكُمْ

ہم نے بھیجا نوح کو اس کی قوم کی طرف کہ میں تم کو

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٥﴾ لا اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا

ڈر کی بات سناتا ہوں کھول کر ﴿٢٥﴾ کہ نہ پرستش کرو

اللّٰهَ ط اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ

اللہ کے سوا میں ڈرتا ہوں تم پر دردناک دن

اَلِيْمٍ ﴿٢٦﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کے عذاب سے ﴿٢٦﴾ پھر بولے سردار جو کافر تھے

مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا

اس کی قوم کے ہم کو تُو تو نظر نہیں آتا مگر ایک آدمی ہم جیسا

وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ

اور دیکھتے نہیں کوئی تابع ہوا ہو تیرا، مگر جو

اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَمَا نَرٰى

ہم میں پنچ قوم ہیں بلا تأمل اور ہم نہیں دیکھتے

لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ ۢ بَلْ نَظُنُّكُمْ

تم کو اوپر اپنے کچھ بڑائی بلکہ ہم کو تو خیال ہے کہ تم

كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ

سب جھوٹے ہو ﴿۲۷﴾ بولا اے قوم دیکھو تو

اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ

اگر میں ہوں صاف راستہ پر اپنے رب کے اور اس نے بھیجی مجھ پر

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ

رحمت اپنے پاس سے، پھر اس کو تمھاری آنکھ سے مخفی رکھا

اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾

تو کیا ہم تم کو مجبور کر سکتے ہیں اس پر اور تم اس سے بیزار ہو ﴿۲۸﴾

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ

اور اے میری قوم نہیں مانگتا میں تم سے اس پر کچھ مال

اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَمَآ اَنَاْ بِطَارِدِ

میری مزدوری نہیں مگر اللہ پر اور میں نہیں ہانکنے والا

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ

ایمان والوں کو ان کو ملنا ہے اپنے رب سے

وَلٰكِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿٢٩﴾

لیکن میں دیکھتا ہوں تم لوگ جاہل ہو ﴿٢٩﴾

وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِىْ مِنَ اللّٰهِ

اور اے قوم کون چھڑائے مجھ کو اللہ سے

اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٣٠﴾

اگر ان کو ہانک دوں کیا تم دھیان نہیں کرتے ﴿٣٠﴾

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِىْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ

اور میں نہیں کہتا تم کو کہ میرے پاس ہیں خزانے اللہ کے

وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّىْ مَلَكٌ

اور نہ میں خبر رکھوں غیب کی اور نہ کہوں کہ میں فرشتہ ہوں

وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ

اور نہ کہوں گا کہ جو لوگ تمھاری آنکھ میں حقیر ہیں

لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ

نہ دے گا ان کو اللہ بھلائی اللہ خوب جانتا ہے

بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۖۚ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ

جو کچھ ان کے جی میں ہے یہ کہوں تو میں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا

بے انصاف ہوں ﴿۳۱﴾ بولے اے نوح تو نے ہم سے جھگڑا کیا

فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ

اور بہت جھگڑ چکا اب لے آ جو تو وعدہ کرتا ہے ہم سے

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ

اگر تو سچا ہے ﴿۳۲﴾ کہا

اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ

کہ لائے گا تو اس کو اللہ ہی اگر چاہے گا

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ

اور تم نہ تھکا سکو گے بھاگ کر ﴿۳۳﴾ اور نہ کارگر ہوگی تم کو

نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ

میری نصیحت جو چاہوں کہ تم کو نصیحت کروں

اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ

اگر اللہ چاہتا ہوگا کہ تم کو گمراہ کرے

هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ ؕ اَمْ

وہی ہے رب تمھارا اور اسی کی طرف لوٹ جاؤ گے ﴿۳۴﴾ کیا

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ

کہتے ہیں کہ بنا لایا قرآن کو کہہ دے اگر میں بنا لایا ہوں

فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا

تو مجھ پر ہے میرا گناہ اور میرا ذمہ نہیں جو

ع‎ ۳ ۱۱ ۴

تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ

تم گناہ کرتے ہو ﴿۳۵﴾ اور حکم ہوا طرف نوح کی کہ

لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ

اب ایمان نہ لائے گا تیری قوم میں مگر جو

اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ج

ایمان لا چکا سو غمگین نہ رہ ان کاموں پر جو کر رہے ہیں ﴿۳۶﴾

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا

اور بنا کشتی روبرو ہمارے اور ہمارے حکم سے

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ج

اور نہ بات کر مجھ سے ظالموں کے حق میں

اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ قف

یہ بے شک غرق ہوں گے ﴿۳۷﴾ اور وہ کشتی بناتا تھا

وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ

اور جب گزرتے اس پر سردار اس کی قوم کے

سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا

ہنسی کرتے اس سے بولا اگر تم ہنستے ہو ہم سے

فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ؕ ﴿٣٨﴾

تو ہم ہنستے ہیں تم سے جیسے تم ہنستے ہو ﴿٣٨﴾

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

اب جلد جان لو گے کہ کس پر آتا ہے عذاب

يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ

کہ رسوا کرے اس کو اور اترتا ہے اس پر عذاب

مُّقِيْمٌ ﴿٣٩﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا

دائمی ﴿٣٩﴾ یہاں تک کہ جب پہنچا حکم ہمارا

وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ

اور جوش مارا تنور نے کہا ہم نے چڑھا لے کشتی میں

كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ

ہر قسم سے جوڑا دو عدد اور اپنے گھر کے لوگ مگر جس پر

سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ

پہلے ہو چکا ہے حکم اور سب ایمان والوں کو اور ایمان نہ لائے تھے

مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿٤٠﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا

اس کے ساتھ مگر تھوڑے ﴿٤٠﴾ اور بولا سوار ہو جاؤ

فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ

اس میں اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور ٹھہرنا

اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٤١﴾ وَهِيَ

تحقیق میرا رب ہے بخشنے والا مہربان ﴿٤١﴾ اور وہ

تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ قف

لیے جا رہی تھی ان کو لہروں میں جیسے پہاڑ

وَنَادٰى نُوْحُ ۨابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ

اور پکارا نوح نے اپنے بیٹے کو اور وہ ہو رہا تھا کنارے

يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ

اے بیٹے سوار ہو جا ساتھ ہمارے اور مت رہ ساتھ

◊ امام حفص کے نزدیک میم کے زبر اور را کے الف کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ

کافروں کے ﴿۴۲﴾ بولا جالگوں گا کسی پہاڑ کو

يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ

جو بچالے گا مجھ کو پانی سے کہا کوئی بچانے والا نہیں

الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ

آج اللہ کے حکم سے مگر جس پر وہی رحم کرے

وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ

اور حائل ہوگئی دونوں میں موج پھر ہوگیا

الْمُغْرَقِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ

ڈوبنے والوں میں ﴿۴۳﴾ اور حکم آیا اے زمین نگل جا

مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ

اپنا پانی اور اے آسمان تھم جا اور سکھا دیا گیا پانی

وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ

اور ہوچکا کام اور کشتی ٹھہری جودی پہاڑ پر

وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾

اور حکم ہوا کہ دور ہو قوم ظالم ﴿٤٤﴾

وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ

اور پکارا نوح نے اپنے رب کو کہا اے رب میرا بیٹا ہے

مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ

میرے گھر والوں میں اور بےشک تیرا وعدہ سچا ہے اور تو

اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ

سب سے بڑا حاکم ہے ﴿٤٥﴾ فرمایا اے نوح وہ

لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ

نہیں تیرے گھر والوں میں اس کے کام ہیں

صَالِحٍ ۫ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ

خراب سو مت پوچھ مجھ سے جو تجھ کو

بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ

معلوم نہیں میں نصیحت کرتا ہوں تجھ کو کہ نہ ہوجائے تو

الْجٰهِلِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

جاہلوں میں ﴿۴۶﴾ بولا اے رب میں پناہ لیتا ہوں تیری

اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ

اس سے کہ پوچھوں تجھ سے جو معلوم نہ ہو مجھ کو

وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ

اور اگر تو نہ بخشے مجھ کو اور رحم نہ کرے تو میں ہوں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ

نقصان والوں میں ﴿۴۷﴾ حکم ہوا اے نوح اتر

بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى

سلامتی کے ساتھ ہماری طرف سے اور برکتوں کے ساتھ تجھ پر اور

اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ

ان فرقوں پر جو تیرے ساتھ ہیں اور دوسرے فرقے ہیں کہ فائدہ دیں گے ان کو

ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾

پھر پہنچے گا ان کو ہماری طرف سے عذاب دردناک ﴿۴۸﴾

تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ

یہ باتیں منجملہ غیب کی خبروں کے ہیں کہ ہم بھیجتے ہیں

اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ

تیری طرف نہ تجھ کو ان کی خبر تھی

وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ؕۛ فَاصْبِرْ ؕۛ

اور نہ تیری قوم کو اس سے پہلے سو تو صبر کر

اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَاِلٰى عَادٍ

البتہ انجام بھلا ہے ڈرنے والوں کا ﴿۴۹﴾ اور عاد کی طرف ہم نے بھیجا

اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا

ان کے بھائی ہود کو بولا اے قوم بندگی کرو

اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ

اللہ کی کوئی نہیں تمہارا حاکم، سوائے

اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ

اس کے تم سب جھوٹ کہتے ہو ﴿۵۰﴾ اے قوم میں تم سے نہیں مانگتا

معانقة ۹

ع ۴

عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى

اس پر مزدوری میری مزدوری اسی پر ہے

الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

جس نے مجھ کو پیدا کیا پھر کیا تم نہیں سمجھتے ﴿۵۱﴾

وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ

اور اے قوم گناہ بخشواؤ اپنے رب سے پھر

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ

رجوع کرو اسی کی طرف چھوڑے گا تم پر آسمان سے

مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ

دھاریں اور زیادہ دے گا تم کو زور پر زور

وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ

اور روگردانی نہ کرو گناہ گار ہو کر ﴿۵۲﴾ بولے اے ہود

مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

تو ہمارے پاس کوئی سند لے کر نہیں آیا اور ہم نہیں چھوڑنے والے

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ

اپنے ٹھاکروں (معبودوں) کو تیرے کہنے سے اور ہم نہیں تجھ کو

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ

ماننے والے ﴿۵۳﴾ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ تجھ کو آسیب پہنچایا ہے

بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ

کسی ہمارے ٹھاکروں (معبودوں) نے بری طرح بولا میں

اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ

گواہ کرتا ہوں اللہ کو اور تم گواہ رہو کہ میں بیزار ہوں

مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ لا مِنْ دُوْنِهٖ

ان سے جن کو تم شریک کرتے ہو ﴿۵۴﴾ اس کے سوا

فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾

سو برائی کرو میرے حق میں تم سب مل کر پھر مجھ کو مہلت نہ دو ﴿۵۵﴾

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ

میں نے بھروسہ کیا اللہ پر جو رب ہے میرا اور تمہارا

مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ؕ

کوئی نہیں زمین پر پاؤں دھرنے والا مگر اللہ کے ہاتھ میں ہے چوٹی اس کی

اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۵۶﴾

بے شک میرا رب ہے سیدھی راہ پر ﴿۵۶﴾

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ

پھر اگر تم منہ پھیرو گے تو میں پہنچا چکا تم کو جو میرے ہاتھ بھیجا تھا

بِهٖٓ اِلَیْكُمْ ؕ وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا

تمہاری طرف اور قائم مقام کرے گا میرا رب

غَیْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ

اور لوگ اور نہ بگاڑ سکو گے اللہ کا کچھ، تحقیق

رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا

میرا رب ہے ہر چیز پر نگہبان ﴿۵۷﴾ اور جب

جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا هُوْدًا وَّالَّذِیْنَ

پہنچا ہمارا حکم بچا دیا ہم نے ہود کو اور جو لوگ

اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ

ایمان لائے تھے اس کے ساتھ اپنی رحمت سے اور بچا دیا ان کو

مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ عَادٌ

ایک بھاری عذاب سے ﴿٥٨﴾ اور یہ تھے عاد

جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ

کہ منکر ہوئے اپنے رب کی باتوں سے اور نہ مانا اس کے رسولوں کو

وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٥٩﴾

اور مانا حکم ان کا جو سرکش تھے مخالف ﴿٥٩﴾

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ

اور پیچھے سے آئی ان کو اس دنیا میں پھٹکار

الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ

قیامت کے دن بھی سن لو عاد منکر ہوئے اپنے رب سے

اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿٦٠﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ ٥ ع ١١ ٥

سن لو پھٹکار ہے عاد کو جو قوم تھی ہود کی ﴿٦٠﴾ اور ثمود کی طرف بھیجا

وقف لازم

اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا

ان کا بھائی صالح بولا اے قوم بندگی کرو

اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ

اللہ کی کوئی حاکم نہیں تمہارا اس کے سوا اسی نے

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ

بنایا تم کو زمین سے اور بسایا تم کو

فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ

اس میں سو گناہ بخشواؤ اس سے اور رجوع کرو اس کی طرف

اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا

تحقیق میرا رب نزدیک ہے قبول کرنے والا ﴿۶۱﴾ بولے

يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ

اے صالح تجھ سے تو ہم کو امید تھی اس سے پہلے

هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ

کیا تو ہم کو منع کرتا ہے کہ پرستش کریں جن کی پرستش کرتے رہے

اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ

ہمارے باپ دادے، اور ہم کو تو شبہ ہے اس میں جس کی طرف تو

اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ

بلاتا ہے ایسا کہ دل نہیں مانتا ﴿٦٢﴾ بولا اے قوم بھلا دیکھو تو

اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ

اگر مجھ کو سمجھ مل گئی اپنے رب کی طرف سے اور اس نے مجھ کو دی

مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ

رحمت اپنی طرف سے پھر کون بچائے مجھ کو

اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ قف فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ

اس سے اگر اس کی نافرمانی کروں سو تم کچھ نہیں بڑھاتے میرا

غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿٦٣﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ

سوائے نقصان کے ﴿٦٣﴾ اور اے قوم یہ اونٹنی ہے

اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ

اللہ کی تمھارے لیے نشانی سو چھوڑ دو اس کو کھاتی پھرے اللہ کی زمین

اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

میں اور مت ہاتھ لگاؤ اس کو بری طرح پھر تو آپکڑے گا تم کو

عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ

عذاب بہت جلد ﴿٦٤﴾ پھر اس کے پاؤں کاٹے تب کہا

تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ

فائدہ اٹھالو اپنے گھروں میں تین دن، یہ

وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿٦٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ

وعدہ ہے جو جھوٹا نہ ہوگا ﴿٦٥﴾ پھر جب پہنچا

اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

حکم ہمارا بچا دیا ہم نے صالح کو اور جو ایمان لائے

مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ

اس کے ساتھ اپنی رحمت سے اور اس دن کی رسوائی سے

يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ

بے شک تیرا رب وہی ہے زور والا

الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا

زبردست ﴿٦٦﴾ اور پکڑ لیا ان ظالموں کو

الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ

ہولناک آواز نے پھر صبح کو رہ گئے اپنے گھروں میں

جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ

اوندھے پڑے ہوئے ﴿٦٧﴾ جیسے کبھی رہے ہی نہ تھے وہاں

اَلَاۤ اِنَّ ثَمُوْدَاۡ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا

سن لو ثمود منکر ہوئے اپنے رب سے سن لو پھٹکار ہے

لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ ع وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَاۤ ‏ ع ٦ ‏ ٨

ثمود کو ﴿٦٨﴾ اور البتہ آچکے ہیں ہمارے بھیجے ہوئے

اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ

ابراہیم کے پاس خوش خبری لے کر بولے سلام

قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ

وہ بولا سلام ہے پھر دیر نہ کی لے آیا ایک بچھڑا

حَنِيۡذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَاٰۤ اَيۡدِيَهُمۡ لَا تَصِلُ

تلا ہوا ﴿۶۹﴾ پھر جب دیکھا ان کے ہاتھ نہیں آتے

اِلَيۡهِ نَكِرَهُمۡ وَاَوۡجَسَ مِنۡهُمۡ

کھانے پر تو کھٹکا اور دل میں ان سے

خِيۡفَةً ؕ قَالُوۡا لَا تَخَفۡ اِنَّاۤ اُرۡسِلۡنَاۤ

ڈرا وہ بولے مت ڈر ہم بھیجے ہوئے آئے ہیں

اِلٰى قَوۡمِ لُوۡطٍ ؕ ﴿۷۰﴾ وَامۡرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ

طرف قوم لوط کی ﴿۷۰﴾ اور اس کی عورت کھڑی تھی

فَضَحِكَتۡ فَبَشَّرۡنٰهَا بِاِسۡحٰقَ ۙ

تب وہ ہنس پڑی پھر ہم نے خوش خبری دی اس کو اسحاق کے پیدا ہونے کی

وَمِنۡ وَّرَآءِ اِسۡحٰقَ يَعۡقُوۡبَ ﴿۷۱﴾

اور اسحاق کے پیچھے یعقوب کی ﴿۷۱﴾

قَالَتۡ يٰوَيۡلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوۡزٌ

بولی اے خرابی کیا میں بچہ جنوں گی، اور میں بڑھیا ہوں

وَّ هٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ

اور یہ خاوند میرا ہے بوڑھا یہ تو ایک

عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ

عجیب بات ہے ﴿۷۲﴾ وہ بولے کیا تو تعجب کرتی ہے

اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ

اللہ کے حکم سے اللہ کی رحمت سے اور برکتیں تم پر

اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾

اے گھر والو تحقیق اللہ ہے تعریف کیا گیا بڑائیوں والا ﴿۷۳﴾

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ

پھر جب جاتا رہا ابراہیم سے ڈر

وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ

اور آئی اس کو خوش خبری، جھگڑنے لگا ہم سے قوم

لُوْطٍ ﴿۷۴﴾ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ

لوط کے حق میں ﴿۷۴﴾ البتہ ابراہیم تحمل والا

اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ

نرم دل ہے رجوع رہنے والا ﴿۷۵﴾ اے ابراہیم چھوڑ

عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ

یہ خیال وہ تو آچکا حکم تیرے رب کا

وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾

اور ان پر آتا ہے عذاب جو لوٹایا نہیں جاتا ﴿۷۶﴾

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ

اور جب پہنچے ہمارے بھیجے ہوئے لوط کے پاس غمگین ہوا

بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا

ان کے آنے سے اور تنگ ہوا دل میں اور بولا

يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ

آج دن بڑا سخت ہے ﴿۷۷﴾ اور آئی اس کے پاس قوم اس کی

يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا

دوڑتی بے اختیار اور آگے سے کر رہے تھے

يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ

برے کام بولا اے قوم

هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ

یہ میری بیٹیاں حاضر ہیں یہ پاک ہیں تم کو

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ

ان سے سو ڈرو تم اللہ سے اور مت رسوا کرو مجھ کو میرے مہمانوں میں

اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾

کیا تم میں ایک مرد بھی نہیں نیک چلن ﴿۷۸﴾

قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنَاتِكَ

بولے تُو تو جانتا ہے ہم کو تیری بیٹیوں سے

مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾

کچھ غرض نہیں اور تجھ کو تو معلوم ہے جو ہم چاہتے ہیں ﴿۷۹﴾

قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى

کہنے لگا کاش مجھ کو تمہارے مقابلہ میں زور ہوتا، یا جا بیٹھتا

رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿٨٠﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا

کسی مستحکم پناہ میں ﴿٨٠﴾ مہمان بولے اے لوط ہم

رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ

بھیجے ہوئے ہیں تیرے رب کے ہرگز نہ پہنچ سکیں گے تجھ تک سو لے نکل

بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ

اپنے لوگوں کو کچھ رات سے اور مڑ کر نہ دیکھے

مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ

تم میں کوئی مگر عورت تیری کہ اس کو

مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ

پہنچ کر رہے گا جو ان کو پہنچے گا ان کے وعدہ کا وقت ہے

الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿٨١﴾

صبح کیا صبح نہیں ہے نزدیک ﴿٨١﴾

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا

پھر جب پہنچا حکم ہمارا کر ڈالی ہم نے وہ بستی اوپر

سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً

نیچے اور برسائے ہم نے اس پر پتھر

مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ۸۲ مُّسَوَّمَةً

کنکر کے تہ بہ تہہ ۸۲ نشان کیے ہوئے

عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

تیرے رب کے پاس اور نہیں ہے وہ بستی ان ظالموں سے

بِبَعِيْدٍ ۸۳ ع وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ

کچھ دور ۸۳ اور مدین کی طرف بھیجا ان کے بھائی

شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

شعیب کو بولا اے میری قوم بندگی کرو اللہ کی

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا

کوئی نہیں تمھارا معبود اس کے سوا اور نہ گھٹاؤ

الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ

ناپ اور تول کو میں دیکھتا ہوں تم کو

ع ١٥ النصف

بِخَيۡرٍ وَّاِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ

آسودہ حال اور ڈرتا ہوں تم پر

عَذَابَ يَوۡمٍ مُّحِيۡطٍ ﴿۸۴﴾ وَيٰقَوۡمِ

عذاب سے ایک گھیر لینے والے دن کے ﴿۸۴﴾ اور اے قوم

اَوۡفُوا الۡمِكۡيَالَ وَالۡمِيۡزَانَ بِالۡقِسۡطِ

پورا کرو ناپ اور تول کو انصاف سے

وَلَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡيَآءَهُمۡ

اور نہ گھٹادو لوگوں کو ان کی چیزیں

وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ ﴿۸۵﴾

اور مت مچاؤ زمین میں فساد ﴿۸۵﴾

بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيۡرٌ لَّـكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ

جو بچ رہے اللہ کا دیا وہ بہتر ہے تم کو اگر ہو تم

مُّؤۡمِنِيۡنَ ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَيۡكُمۡ

ایمان والے اور میں نہیں ہوں تم پر

بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ

نگہبان ﴿۸۶﴾ بولے اے شعیب کیا تیرے نماز پڑھنے نے

تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ

تجھ کو یہ سکھایا کہ ہم چھوڑ دیں جن کو پوجتے رہے ہمارے باپ دادے

اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ

یا چھوڑ دیں کرنا جو کچھ کہ کرتے ہیں اپنے مالوں میں

اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾

تو ہی بڑا باوقار ہے نیک چلن ﴿۸۷﴾

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى

بولا اے قوم دیکھو تو اگر مجھ کو سمجھ آگئی

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا

اپنے رب کی طرف سے اور اس نے روزی دی مجھ کو

حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ

نیک روزی اور میں یہ نہیں چاہتا کہ بعد کو خود کروں وہ کام

اِلٰى مَاۤ اَنۡهٰىكُمۡ عَنۡهُ ؕ اِنۡ اُرِيۡدُ اِلَّا

جو تم سے چھڑاؤں میں تو چاہتا ہوں

الۡاِصۡلَاحَ مَا اسۡتَطَعۡتُ ؕ وَمَا تَوۡفِيۡقِىۡۤ

سنوارنا جہاں تک ہو سکے اور بن آنا ہے

اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَاِلَيۡهِ

اللہ کی مدد سے اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف

اُنِيۡبُ ﴿۸۸﴾ وَيٰقَوۡمِ لَا يَجۡرِمَنَّكُمۡ شِقَاقِىۡۤ

میرا رجوع ہے ﴿۸۸﴾ اور اے قوم نہ کمائیو میری ضد کر کے

اَنۡ يُّصِيۡبَكُمۡ مِّثۡلُ مَاۤ اَصَابَ قَوۡمَ

یہ کہ پڑے تم پر جیسا کچھ کہ پڑ چکا قوم

نُوۡحٍ اَوۡ قَوۡمَ هُوۡدٍ اَوۡ قَوۡمَ صٰلِحٍ ؕ

نوح پر یا قوم ہود پر یا قوم صالح پر

وَمَا قَوۡمُ لُوۡطٍ مِّنۡكُمۡ بِبَعِيۡدٍ ﴿۸۹﴾

اور قوم لوط تو تم سے کچھ دور ہی نہیں ﴿۸۹﴾

وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ

اور گناہ بخشواؤ اپنے رب سے اور رجوع کرو اس کی طرف

اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا

البتہ میرا رب ہے مہربان محبت والا ﴿۹۰﴾ بولے

يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا

اے شعیب ہم نہیں سمجھتے بہت باتیں جو

تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ

تو کہتا ہے اور ہم تو دیکھتے ہیں کہ تو ہم میں کمزور ہے

وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ؗ وَمَآ اَنْتَ

اور اگر نہ ہوتے تیرے بھائی بند تو تجھ کو ہم سنگسار کر ڈالتے اور

عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ

ہماری نگاہ میں تیری کچھ عزت نہیں ﴿۹۱﴾ بولا اے قوم کیا میرے بھائی بندوں

اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ

کا دباؤ تم پر زیادہ ہے اللہ سے اور اس کو ڈال رکھا تم نے

وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

پیٹھ پیچھے بھلا کر تحقیق میرے رب کے قابو میں ہے جو کچھ

مُحِیْطٌ ﴿٩٢﴾ وَیٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰی

کرتے ہو ﴿٩٢﴾ اور اے میری قوم کام کیے جاؤ

مَكَانَتِكُمْ اِنِّیْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ

اپنی جگہ میں بھی کام کرتا ہوں آگے معلوم کرلو گے

مَنْ یَّاْتِیْهِ عَذَابٌ یُّخْزِیْهِ وَمَنْ

کس پر آتا ہے عذاب رسوا کرنے والا اور کون ہے

هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ

جھوٹا اور تاکتے رہو میں بھی تمھارے ساتھ

رَقِیْبٌ ﴿٩٣﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا

تاک رہا ہوں ﴿٩٣﴾ اور جب پہنچا ہمارا حکم بچا دیا ہم نے

شُعَیْبًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ

شعیب کو اور جو ایمان لائے تھے اس کے ساتھ اپنی

مِّنَّا ۚ وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا

مہربانی سے اور آپکڑا ان ظالموں کو

الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ

کڑک نے پھر صبح کو رہ گئے اپنے گھروں میں

جٰثِمِيْنَ ﴿٩٤﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۗ

اوندھے پڑے ہوئے ﴿٩٤﴾ گویا کبھی وہاں بسے ہی نہ تھے

اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ

سن لو پھٹکار ہے مدین کو جیسے پھٹکار ہوئی تھی

ثَمُوْدُ ﴿٩٥﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا ع ۸ ۱۲ ۸

ثمود کو ﴿٩٥﴾ اور البتہ بھیج چکے ہیں ہم موسیٰ کو اپنی نشانیاں

وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٦﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ

اور واضح سند دے کر ﴿٩٦﴾ فرعون

وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ

اور اس کے سرداروں کے پاس پھر وہ چلے حکم پر فرعون کے

وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ

اور نہیں بات فرعون کی کچھ کام کی ﴿۹۷﴾ آگے ہوگا

قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ

اپنی قوم کے قیامت کے دن پھر پہنچائے گا ان کو آگ پر

وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا

اور برا گھاٹ ہے جس پر پہنچے ﴿۹۸﴾ اور پیچھے سے ملتی رہی

فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ

اس جہان میں لعنت اور دن قیامت کے بھی برا

الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

انعام ہے جو ان کو ملا ﴿۹۹﴾ یہ تھوڑے سے حالات ہیں

الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ

بستیوں کے کہ ہم سناتے ہیں تجھ کو بعض ان میں سے اب تک قائم ہیں

وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ

اور بعض کی جڑ کٹ گئی ﴿۱۰۰﴾ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ

ظلم کر گئے وہی اپنی جان پر پھر کچھ کام نہ آئے ان کے

اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

ٹھاکر (معبود) جن کو پکارتے تھے سوائے

اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ

اللہ کے کسی چیز میں جس وقت پہنچا حکم تیرے رب کا

وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿١٠١﴾

اور نہیں بڑھایا ان کے حق میں سوائے ہلاک کرنے کے ﴿١٠١﴾

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى

اور ایسی ہی ہے پکڑ تیرے رب کی جب پکڑتا ہے بستیوں کو

وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ

اور وہ ظلم کرتے ہوتے ہیں بے شک اس کی پکڑ دردناک ہے

شَدِيْدٌ ﴿١٠٢﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ

شدت (زور) کی ﴿١٠٢﴾ اس بات میں نشانی ہے اس کو جو

خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ

ڈرتا ہے آخرت کے عذاب سے وہ ایک دن ہے

مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ

جس میں جمع ہوں گے سب لوگ اور وہ دن ہے

مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ

سب کے پیش ہونے کا ﴿۱۰۳﴾ اور اس کو ہم دیر جو کرتے ہیں سو ایک وعدہ

مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ ؕ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ

کے لیے جو مقرر ہے ﴿۱۰۴﴾ جس دن وہ آئے گا بات نہ کر سکے گا کوئی جاندار

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾

مگر اس کے حکم سے، سو ان میں بعض بدبخت ہیں اور بعضے نیک بخت ﴿۱۰۵﴾

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ

سو جو لوگ بدبخت ہیں وہ تو آگ میں ہیں ان کو

فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ

وہاں چیخنا ہے اور دھاڑنا ﴿۱۰۶﴾ ہمیشہ رہیں

فِيۡهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالۡاَرۡضُ

اس میں جب تک رہے آسمان اور زمین

اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ

مگر جو چاہے تیرا رب بے شک تیرا رب کر ڈالتا ہے

لِّمَا يُرِيۡدُ ﴿۱۰۷﴾ وَاَمَّا الَّذِيۡنَ سُعِدُوۡا

جو چاہے ﴿۱۰۷﴾ اور جو لوگ نیک بخت ہیں

فَفِى الۡجَـنَّةِ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا مَا دَامَتِ

سو جنت میں ہیں ہمیشہ رہیں اس میں جب تک رہے

السَّمٰوٰتُ وَالۡاَرۡضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ

آسمان اور زمین مگر جو چاہے تیرا رب

عَطَآءً غَيۡرَ مَجۡذُوۡذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ

بخشش ہے بے انتہا ﴿۱۰۸﴾ سو تو نہ رہ

فِىۡ مِرۡيَةٍ مِّمَّا يَعۡبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ

دھوکے میں ان چیزوں سے جن کو پوجتے ہیں یہ لوگ

مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ

کچھ نہیں پوجتے مگر ویسا ہی جیسا کہ پوجتے تھے ان کے باپ دادے

مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ

اس سے پہلے اور ہم دینے والے ہیں ان کو ان کا حصہ یعنی عذاب سے

غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿١٠٩﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى ع ٩ ١٤

بلا نقصان ﴿١٠٩﴾ اور البتہ ہم نے دی تھی موسیٰ کو

الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ

کتاب پھر اس میں پھوٹ پڑگئی اور اگر نہ ہوتا ایک لفظ

سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ

کہ پہلے فرما چکا تھا تیرا رب تو فیصلہ ہوجاتا ان میں

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿١١٠﴾

اور ان کو اس میں شبہ ہے کہ مطمئن نہیں ہونے دیتا ﴿١١٠﴾

وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ

اور جتنے لوگ ہیں جب وقت آیا پورا دے گا رب تیرا ان کو

اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

ان کے اعمال اس کو سب

خَبِيْرٌ ﴿١١١﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ

خبر ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں ﴿١١١﴾ سو تو سیدھا چلا جا جیسا تجھ کو حکم ہوا

وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ

اور جس نے توبہ کی تیرے ساتھ اور حد سے نہ بڑھو بے شک وہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١١٢﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا

دیکھتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿١١٢﴾ اور مت جھکو

اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ

ان کی طرف جو ظالم ہیں پھر تم کو لگے گی

النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

آگ اور کوئی نہیں تمھارا اللہ کے سوا

مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿١١٣﴾

مددگار پھر کہیں مدد نہ پاؤ گے ﴿١١٣﴾

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا

اور قائم کر نماز کو دونوں طرف دن کے اور کچھ ٹکڑوں میں

مِّنَ الَّیْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ

رات کے البتہ نیکیاں دور کرتی ہیں

السَّیِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰی لِلذّٰكِرِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ ج

برائیوں کو یہ یادگاری ہے یاد رکھنے والوں کو ﴿۱۱۴﴾

وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ

اور صبر کر البتہ اللہ ضائع نہیں کرتا ثواب

الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ

نیکی کرنے والوں کا ﴿۱۱۵﴾ سو کیوں نہ ہوئے

الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِیَّةٍ

ان جماعتوں میں جو تم سے پہلے تھیں ایسے لوگ جن میں اثر خیر رہا ہو

یَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِی الْاَرْضِ

کہ منع کرتے رہتے بگاڑ کرنے سے ملک میں

اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّنْ اَنْجَیْنَا مِنْهُمْ ۚ

مگر تھوڑے کہ جن کو ہم نے بچا لیا ان میں سے

وَاتَّبَعَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا

اور چلے وہ لوگ جو ظالم تھے وہی راہ جس میں عیش سے

فِیْهِ وَ كَانُوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿١١٦﴾ وَمَا كَانَ

رہے تھے اور تھے گناہ گار ﴿١١٦﴾ اور تیرا رب

رَبُّكَ لِیُهْلِكَ الْقُرٰی بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا

ہرگز ایسا نہیں کہ ہلاک کرے بستیوں کو زبردستی سے اور لوگ وہاں کے

مُصْلِحُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ

نیک ہوں ﴿١١٧﴾ اور اگر چاہتا تیرا رب کر ڈالتا

النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا یَزَالُوْنَ

لوگوں کو ایک راستہ پر اور ہمیشہ رہتے ہیں

مُخْتَلِفِیْنَ ﴿١١٨﴾ لا اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ

اختلاف میں ﴿١١٨﴾ مگر جن پر رحم کیا تیرے رب نے

وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ

اور اسی واسطے ان کو پیدا کیا ہے اور پوری ہوئی بات تیرے رب کی

لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

کہ البتہ بھر دوں گا دوزخ جنوں سے اور آدمیوں سے

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ

اکٹھے ﴿۱۱۹﴾ اور سب چیز بیان کرتے ہیں ہم تیرے پاس

اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ

رسولوں کے احوال سے جس سے تسلی دیں تیرے دل کو

وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ

اور آئی تیرے پاس اس سورت میں تحقیق بات اور نصیحت

وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ

اور یادداشت ایمان والوں کو ﴿۱۲۰﴾ اور کہہ دے

لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى

ان کو جو ایمان نہیں لاتے کام کیے جاؤ

مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ۝۱۲۱ لا وَانْتَظِرُوْا ۚ

اپنی جگہ پر ہم بھی کام کرتے ہیں ۝۱۲۱ اور انتظار کرو

اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝۱۲۲ وَلِلّٰهِ غَيْبُ

ہم بھی منتظر ہیں ۝۱۲۲ اور اللہ کے پاس چھپی ہے بات

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ

آسمانوں کی اور زمین کی اور اسی کی طرف رجوع ہے

الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ

سب کام کا سو اسی کی بندگی کر اور اسی پر بھروسہ رکھ

وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۲۳ ع

اور تیرا رب بے خبر نہیں جو کام تم کرتے ہو ۝۱۲۳

ع ۱۰ / ۱۴

(سورہ یوسف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۱، ۲، ۳ اور ۷) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۱۱۱) آیتیں اور (۱۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۲) نمبر پر ہے اور سورہ ہود کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۱۶۰۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۱۶۶) حروف ہیں

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱ قف

الٓرٰ یہ آیتیں ہیں واضح کتاب کی ۝۱

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

ہم نے اس کو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا تاکہ تم

تَعْقِلُوْنَ ۝۲ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ

سمجھ لو ۝۲ ہم بیان کرتے ہیں تیرے پاس

اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

بہت اچھا بیان اس واسطے کہ بھیجا ہم نے تیری طرف

هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ

یہ قرآن اور تو تھا اس سے پہلے

لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝۳ اِذْ قَالَ يُوْسُفُ

البتہ بے خبروں میں ۝۳ جس وقت کہا یوسف نے

لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ

اپنے باپ سے اے باپ میں نے دیکھا خواب میں گیارہ

كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ

ستاروں کو اور سورج کو اور چاند کو دیکھا میں نے ان کو

لِيْ سٰجِدِيْنَ ﴿۴﴾ قَالَ يٰبُنَيَّ

اپنے واسطے سجدہ کرتے ہوئے ﴿۴﴾ کہا اے بیٹے

لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ

مت بیان کرنا خواب اپنا اپنے بھائیوں کے آگے

فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

پھر وہ بنائیں گے تیرے واسطے کچھ فریب، البتہ شیطان ہے

لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ

انسان کا صریح دشمن ﴿۵﴾ اور اسی طرح

يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ

برگزیدہ کرے گا تجھ کو تیرا رب اور سکھلائے گا تجھ کو

تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ

ٹھکانے پر لگانا باتوں کا اور پورا کرے گا اپنا انعام

عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا

تجھ پر اور یعقوب کے گھر پر جیسا پورا کیا ہے

عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ

تیرے دو باپ دادوں پر اس سے پہلے ابراہیم

وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦﴾ ع

اور اسحاق پر البتہ تیرا رب خبردار ہے حکمت والا ﴿٦﴾

ع ٦ ١١

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ

البتہ ہیں یوسف کے قصے میں اور اس کے بھائیوں کے قصہ میں نشانیاں

لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿٧﴾ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ

پوچھنے والوں کے لیے ﴿٧﴾ جب کہنے لگے البتہ یوسف

وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ

اور اس کا بھائی زیادہ پیارا ہے ہمارے باپ کو ہم سے اور ہم

عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ

ان سے قوت والے لوگ ہیں، البتہ ہمارا باپ صریح

مُّبِيْنِ ۨ ﴿٨﴾ لا صلے اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ

خطا پر ہے ﴿٨﴾ مار ڈالو یوسف کو یا پھینک دو

اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ

کسی ملک میں کہ خالص رہے تم پر توجہ تمھارے باپ کی

وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۹

اور ہو رہنا اس کے بعد نیک لوگ ۹

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ

بولا ایک بولنے والا ان میں مت مار ڈالو یوسف کو

وَاَلْقُوْهُ فِىْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ

اور ڈال دو اس کو گم نام کنوئیں میں کہ اٹھالے جائے اس کو

بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۱۰

کوئی مسافر اگر تم کو کرنا ہے ۱۰

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى

بولے اے باپ کیا بات ہے کہ تو اعتبار نہیں کرتا ہمارا

يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۱۱ اَرْسِلْهُ

یوسف پر اور ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں ۱۱ بھیج اس کو

٥ یہاں ادغام کے ساتھ اشمام کرنا واجب ہے۔

مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ

ہمارے ساتھ کل کو خوب کھائے اور کھیلے اور ہم تو اس کے

لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ

نگہبان ہیں ﴿۱۲﴾ بولا مجھ کو غم ہوتا ہے اس سے کہ

تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ

تم اس کو لے جاؤ اور ڈرتا ہوں اس سے کہ کھا جائے اس کو بھیڑیا

وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا لَئِنْ

اور تم اس سے بے خبر رہو ﴿۱۳﴾ بولے اگر

اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ

کھا گیا اس کو بھیڑیا اور ہم ایک جماعت ہیں قوت ور تو تو ہم نے

اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ

سب کچھ گنوا دیا ﴿۱۴﴾ پھر جب لے کر چلے اس کو

وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ

اور متفق ہوئے کہ ڈالیں اس کو گمنام

الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ

کنوئیں میں اور ہم نے اشارہ کردیا اس کو کہ تو جتائے گا ان کو

بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٥﴾

ان کا یہ کام اور وہ تجھ کو نہ جانیں گے ﴿١٥﴾

وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿١٦﴾ ط

اور آئے اپنے باپ کے پاس اندھیرا پڑے روتے ہوئے ﴿١٦﴾

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ

کہنے لگے اے باپ ہم لگے دوڑنے آگے نکلنے کو

وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ

اور چھوڑا یوسف کو اپنے اسباب کے پاس پھر اس کو کھا گیا

الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ

بھیڑیا اور تو باور نہ کرے گا ہمارا کہنا اور اگرچہ

الثلثة

كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ

ہم سچے ہوں ﴿١٧﴾ اور لائے اس کے کرتے پر

بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

لہو لگا کر جھوٹ، بولا یہ ہرگز نہیں بلکہ بنادی ہے تم کو

اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ

تمہارے جیوں نے ایک بات اب صبر ہی بہتر ہے

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰي مَا تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾

اور اللہ ہی سے مدد مانگتا ہوں اس بات پر جو تم ظاہر کرتے ہو ﴿١٨﴾

وَجَاۗءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ

اور آیا ایک قافلہ پھر بھیجا اپنا پانی بھرنے والا

فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا

اس نے لٹکایا اپنا ڈول، کہنے لگا کیا خوشی کی بات ہے یہ ہے

غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ

ایک لڑکا اور چھپالیا اس کو تجارت کا مال سمجھ کر اور اللہ

عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَشَرَوْهُ

خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں ﴿١٩﴾ اور بیچ آئے اس کو

بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ

بھائی ناقص قیمت کو گنتی کی چونیاں

وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ۲۰ ع

اور ہو رہے تھے اس سے بیزار ۲۰

ع ۲ ۱۲

وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ

اور کہا جس شخص نے خرید کیا اس کو مصر سے

لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى

اپنی عورت کو آبرو سے رکھ اس کو شاید

اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ

ہمارے کام آئے یا ہم کرلیں اس کو بیٹا

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ۡ

اور اسی طرح جگہ دی ہم نے یوسف کو اس ملک میں

وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ

اور اس واسطے کہ اس کو سکھائیں کچھ ٹھکانے پر بٹھانا باتوں کا

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

اور اللہ طاقتور رہتا ہے اپنے کام میں ولیکن اکثر

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَلَمَّا بَلَغَ

لوگ نہیں جانتے ﴿٢١﴾ اور جب پہنچ گیا

اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ

اپنی قوت کو دیا ہم نے اس کو حکم اور علم اور ایسا ہی

نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٢٢﴾ وَرَاوَدَتْهُ

بدلہ دیتے ہیں ہم نیکی والوں کو ﴿٢٢﴾ پھسلایا اس کو

الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ

اس کی عورت نے جس کے گھر میں تھا اپنا جی تھامنے سے

وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ

اور بند کردیے دروازے اور بولی شتابی کر

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّىْٓ اَحْسَنَ

کہا خدا کی پناہ عزیز مالک ہے میرا اچھی طرح رکھا ہے

مَثْوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾

مجھ کو، بے شک بھلائی نہیں پاتے جو لوگ کہ بے انصاف ہوں ﴿۲۳﴾

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا ۚ لَوْلَآ اَنْ

اور البتہ عورت نے فکر کیا اس کا اور اس نے فکر کیا عورت کا، اگر نہ ہوتا یہ کہ

رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ

دیکھے قدرت اپنے رب کی یوں ہی ہوا تاکہ ہٹائیں ہم اس سے

السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

برائی اور بے حیائی البتہ وہ ہے ہمارے

الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ

برگزیدہ بندوں میں ﴿۲۴﴾ اور دونوں دوڑے دروازے کو اور

قَمِیْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَیَا سَیِّدَهَا لَدَا

عورت نے چیر ڈالا اس کا کرتہ پیچھے سے اور دونوں مل گئے عورت کے خاوند سے

الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ

دروازے کے پاس بولی اور کچھ سزا نہیں ایسے شخص کی جو چاہے

بِاَهۡلِكَ سُوۡٓءًا اِلَّاۤ اَنۡ يُّسۡجَنَ اَوۡ

تیرے گھر میں برائی مگر یہی کہ قید میں ڈالا جائے یا

عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِىَ رَاوَدَتۡنِىۡ

عذاب دردناک ﴿۲۵﴾ یوسف بولا اسی نے خواہش کی مجھ سے کہ نہ تھاموں

عَنۡ نَّفۡسِىۡ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنۡ اَهۡلِهَا‌ ۚ

اپنے جی کو اور گواہی دی ایک گواہ نے عورت کے لوگوں میں سے

اِنۡ كَانَ قَمِيۡصُهٗ قُدَّ مِنۡ قُبُلٍ فَصَدَقَتۡ

اس میں (۲۰) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۷۰) حروف ہیں

تَبَّتۡ يَدَاۤ اَبِىۡ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ ﴿۱﴾ مَاۤ اَغۡنٰى

ٹوٹ گئے ہاتھ ابی لہب کے اور ٹوٹ گیا وہ آپ ﴿۱﴾ کام نہ آیا

عَنۡهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ؕ ﴿۲﴾ سَيَصۡلٰى نَارًا

اس کو مال اس کا اور نہ جو اس نے کمایا ﴿۲﴾ اب پڑے گا ڈیگ (لپٹیں) مارتی

ذَاتَ لَهَبٍ ۙ ﴿۳﴾ وَّامۡرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ

آگ میں ﴿۳﴾ اور اس کی جورو جو سر پر لیے پھرتی ہے

الۡحَطَبِ ۚ ﴿۴﴾ فِىۡ جِيۡدِهَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ﴿۵﴾ ع ع ۵/۳۶

ایندھن ﴿۴﴾ اس کی گردن میں رسی ہے مونجھ کی ﴿۵﴾

(سورۂ اخلاص مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۴) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۱۲) نمبر پر ہے اور سورۂ ناس کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۵) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۴۷) حروف ہیں

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿۲﴾

تو کہہ وہ اللہ ایک ہے ﴿۱﴾ اللہ بے نیاز ہے ﴿۲﴾

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ③ وَلَمْ يَكُنْ

نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا ③ اور نہیں

لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ ④

اس کے جوڑ کا کوئی ④

ع ۲۷

(سورۂ فلق مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۵) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۱۳) نمبر پر ہے اور سورۂ فیل کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۳) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۷۴) حروف ہیں

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ① مِنْ

تو کہہ میں پناہ میں آیا صبح کے رب کی ① ہر

شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ② وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ

چیز کی بدی سے جو اس نے بنائی ② اور بدی سے اندھیرے کی

اِذَا وَقَبَ ۙ ③ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

جب سمٹ آئے ③ اور بدی سے عورتوں کی جو گرہوں میں

فِي الْعُقَدِ ۙ ④ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

پھونک ماریں ④ اور بدی سے برا چاہنے والے کی

ع۵ ۲۸

اِذَا حَسَدَ ۝۵ ع

جب لگے ٹوک لگانے ۝۵

(سورۂ ناس مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اس میں (۶) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۱۴) نمبر پر ہے اور سورۂ فلق کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۰) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اس میں (۷۹) حروف ہیں

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ لا

تو کہہ میں پناہ میں آیا لوگوں کے رب کی ۝۱

مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ لا اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ لا

لوگوں کے بادشاہ کی ۝۲ لوگوں کے معبود کی ۝۳

مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ۵ الۡخَنَّاسِ ۝۴ لا

بدی سے اس کی جو پھسلائے اور چھپ جائے ۝۴

الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۝۵ لا

وہ جو خیال ڈالتا ہے لوگوں کے دل میں ۝۵

ع۶ ۲۹

مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶ ع

جنوں میں اور آدمیوں میں ۝۶

قرآن مجید کے پاروں کی فہرست

نمبر شمار	نام پارہ	صفحہ نمبر	نمبر شمار	نام پارہ	صفحہ نمبر
۱	الم	۳	۱۶	قال ألم	۱۰۶۳
۲	سيقول السفهاء	۷۱	۱۷	اقترب للناس	۱۱۳۷
۳	تلك الرسل	۱۳۹	۱۸	قد أفلح	۱۲۰۵
۴	لن تنالوا البر	۲۰۷	۱۹	وقال الذين	۱۲۷۹
۵	والمحصنات	۲۷۵	۲۰	أمن خلق	۱۳۵۳
۶	لا يحب الله	۳۴۵	۲۱	اتل ما اوحى	۱۴۲۱
۷	وإذا سمعوا	۴۱۵	۲۲	ومن يقنت	۱۴۹۳
۸	ولو أننا نزلنا	۴۸۷	۲۳	ومالى	۱۵۶۵
۹	قال الملأ	۵۵۷	۲۴	فمن أظلم	۱۶۴۳
۱۰	واعلموا	۶۲۹	۲۵	إليه يرد	۱۷۱۳
۱۱	يعتذرون	۶۹۹	۲۶	حم	۱۷۹۱
۱۲	ومامن دابة	۷۷۱	۲۷	قال فما خطبكم	۱۸۶۹
۱۳	وما أبرئ نفسى	۸۴۵	۲۸	قد سمع الله	۱۹۴۵
۱۴	ربما	۹۱۷	۲۹	تبارك الذى	۲۰۱۹
۱۵	سبحان الذى	۹۸۹	۳۰	عمّ يتساءلون	۲۰۹۵

قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست

نمبر	نام سورۃ	صفحہ	نمبر	نام سورۃ	صفحہ	نمبر	نام سورۃ	صفحہ	نمبر	نام سورۃ	صفحہ
۱	الفاتحة	۲	۳۰	الروم	۱۴۳۰	۵۹	الحشر	۱۹۵۷	۸۸	الغاشية	۲۱۳۲
۲	البقرة	۳	۳۱	لقمان	۱۴۵۳	۶۰	الممتحنة	۱۹۶۹	۸۹	الفجر	۲۱۳۵
۳	آل عمران	۱۶۵	۳۲	السجدة	۱۴۶۷	۶۱	الصف	۱۹۷۹	۹۰	البلد	۲۱۳۹
۴	النساء	۲۵۸	۳۳	الأحزاب	۱۴۷۸	۶۲	الجمعة	۱۹۸۶	۹۱	الشمس	۲۱۴۲
۵	المائدة	۳۶۰	۳۴	سبأ	۱۵۱۴	۶۳	المنافقون	۱۹۹۰	۹۲	الليل	۲۱۴۴
۶	الأنعام	۴۳۷	۳۵	فاطر	۱۵۳۸	۶۴	التغابن	۱۹۹۶	۹۳	الضحى	۲۱۴۶
۷	الأعراف	۵۱۷	۳۶	يس	۱۵۶۰	۶۵	الطلاق	۲۰۰۳	۹۴	الشرح	۲۱۴۸
۸	الأنفال	۶۱۲	۳۷	الصافات	۱۵۸۱	۶۶	التحريم	۲۰۱۲	۹۵	التين	۲۱۴۹
۹	التوبة	۶۴۷	۳۸	ص	۱۶۰۷	۶۷	الملك	۲۰۱۹	۹۶	العلق	۲۱۵۰
۱۰	يونس	۷۱۹	۳۹	الزمر	۱۶۲۸	۶۸	القلم	۲۰۲۸	۹۷	القدر	۲۱۵۲
۱۱	هود	۷۶۹	۴۰	المؤمن	۱۶۶۰	۶۹	الحاقة	۲۰۳۷	۹۸	البينة	۲۱۵۳
۱۲	يوسف	۸۲۱	۴۱	حم السجدة	۱۶۹۵	۷۰	المعارج	۲۰۴۴	۹۹	الزلزلة	۲۱۵۶
۱۳	الرعد	۸۶۹	۴۲	الشورى	۱۷۱۶	۷۱	نوح	۲۰۵۱	۱۰۰	العاديات	۲۱۵۷
۱۴	إبراهيم	۸۹۳	۴۳	الزخرف	۱۷۴۱	۷۲	الجن	۲۰۵۷	۱۰۱	القارعة	۲۱۵۹
۱۵	الحجر	۹۱۶	۴۴	الدخان	۱۷۶۶	۷۳	المزمل	۲۰۶۴	۱۰۲	التكاثر	۲۱۶۰
۱۶	النحل	۹۳۶	۴۵	الجاثية	۱۷۷۷	۷۴	المدثر	۲۰۷۰	۱۰۳	العصر	۲۱۶۱
۱۷	بنی إسرائيل	۹۸۹	۴۶	الأحقاف	۱۷۹۱	۷۵	القيامة	۲۰۷۷	۱۰۴	الهُمزة	۲۱۶۲
۱۸	الكهف	۱۰۳۲	۴۷	محمد	۱۸۰۹	۷۶	الإنسان	۲۰۸۲	۱۰۵	الفيل	۲۱۶۳
۱۹	مريم	۱۰۷۵	۴۸	الفتح	۱۸۲۶	۷۷	المرسلات	۲۰۸۹	۱۰۶	قريش	۲۱۶۴
۲۰	طه	۱۱۰۰	۴۹	الحجرات	۱۸۴۳	۷۸	النبأ	۲۰۹۵	۱۰۷	الماعون	۲۱۶۵
۲۱	الأنبياء	۱۱۳۷	۵۰	ق	۱۸۵۳	۷۹	النازعات	۲۱۰۰	۱۰۸	الكوثر	۲۱۶۶
۲۲	الحج	۱۱۷۰	۵۱	الذاريات	۱۸۶۴	۸۰	عبس	۲۱۰۵	۱۰۹	الكافرون	۲۱۶۶
۲۳	المؤمنون	۱۲۰۵	۵۲	الطور	۱۸۷۵	۸۱	التكوير	۲۱۱۰	۱۱۰	النصر	۲۱۶۷
۲۴	النور	۱۲۳۴	۵۳	النجم	۱۸۸۴	۸۲	الانفطار	۲۱۱۳	۱۱۱	المسد	۲۱۶۸
۲۵	الفرقان	۱۲۷۰	۵۴	القمر	۱۸۹۳	۸۳	المطففين	۲۱۱۶	۱۱۲	الإخلاص	۲۱۶۸
۲۶	الشعراء	۱۲۹۶	۵۵	الرحمن	۱۹۰۳	۸۴	الانشقاق	۲۱۲۱	۱۱۳	الفلق	۲۱۶۹
۲۷	النمل	۱۳۳۳	۵۶	الواقعة	۱۹۱۴	۸۵	البروج	۲۱۲۴	۱۱۴	الناس	۲۱۷۰
۲۸	القصص	۱۳۶۴	۵۷	الحديد	۱۹۲۷	۸۶	الطارق	۲۱۲۸			
۲۹	العنكبوت	۱۴۰۳	۵۸	المجادلة	۱۹۴۵	۸۷	الأعلى	۲۱۳۰			

مقدمہ

از شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا در انتظارِ حمدِ ما نیست — محمد چشم بر راہِ ثنا نیست
خدا مدح آفرینِ مصطفیٰ بس — محمد حامدِ حمدِ خدا بس
مناجاتے اگر باید بیاں کرد — بہ بیتے ہم قناعت می تواں کرد
محمد از تو می خواہم خدا را — خدایا از تو عشقِ مصطفیٰ را
دگر لب وا مکن مظہر فضولیست — سخن از حاجت افزوں تر فضولیست

امابعد! بندہ آثم وعاجز محمود ابن مولوی ذوالفقار علی دیوبند ضلع سہانپور کا رہنے والا غفر اللہ تعالیٰ لہٗ ولوالدیہ عرض کرتا ہے کہ بعض احباب اور مکرمین نے بندہ سے درخواست کی کہ قرآن شریف کا ترجمہ سلیس مطلب خیز اردو زبان میں مناسب حالِ اہل زمانہ کیا جائے جس سے دیکھنے والوں کو فائدہ پہنچے اور وہ نقصان اور خلل اور لفظی و معنوی اغلاط جو بعض آزادی پسند صاحبوں کے ترجمہ سے لوگوں میں پھیل رہی ہیں ان سے بچاؤ کی صورت نکل آئے۔ اس عاجز نے اس درخواست کے جواب میں اپنی بے بضاعتی کے علاوہ یہ عرض کیا کہ اول تو مقدسین اکابر کے فارسی اردو کے متعدّد تراجم موجود ہیں، اس کے علاوہ علمائے متدیّنین زمانۂ حال کے متعدّد تراجم یکے بعد دیگرے شائع ہو چکے ہیں جو لوگوں کو مذکورہ بالا خرابیوں سے بچانے کے لیے کافی ووافی وشافی ہیں۔ چنانچہ بندہ کے احباب میں بھی اوّل مولوی عاشق الٰہی صاحب سلّمہ ساکن میرٹھ نے ترجمہ کیا۔ اس کے بعد مولانا اشرف علی صاحب سلّمہ اللہ نے ترجمہ کیا۔ احقر نے دونوں ترجموں کو تفصیل سے دیکھا ہے جو ان خرابیوں سے پاک صاف ہیں اور عمدہ ترجمے ہیں۔ پھر اب کسی جدید اردو ترجمہ کی

کیا حاجت ہے بجز اس کے کہ اسمائے مترجمین میں ایک نام اور زیادہ ہو جائے اور کوئی نفع نہیں معلوم ہوتا۔ مگر مکرّمین احباب نے اس پر بھی بس نہ کی اور اسی اصرار پر قائم رہے تو مجبور ہو کر مجھ کو یہ عرض کرنا پڑا کہ اس وقت تک میرے خیال میں کوئی ایسا نفع نہیں آیا کہ جس کی وجہ سے جدید ترجمہ کی جرأت اور ہمت کروں۔ اب آپ کے اصرار پر احقر تراجم قدیمہ اور جدیدہ کو بنامِ خدا غور سے دیکھتا ہے، اس کے بعد اگر کوئی نفع سمجھ میں آیا تو اس کے موافق آپ صاحبوں کے فرمانے کی تعمیل کا ارادہ کروں گا ورنہ معذور ہوں۔ اس کے بعد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ اور مولانا شاہ رفیع الدین اور مولانا شاہ عبدالقادر قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے تراجم کو جو غور سے دیکھا تو یہ امر تو بے تامل معلوم ہو گیا کہ اگر یہ مقدسین اکابر قرآن شریف کی اس ضروری خدمت کو انجام نہ دے جاتے تو اس شدتِ ضرورت کے وقت میں ترجمہ کرنا بہت دشوار ہوتا۔ علماء کو صحیح اور معتبر ترجمہ کرنے کے لیے متعدّد تفاسیر کا مطالعہ کرنا پڑتا اور بہت ہی فکر کرنا ہوتا اور ان وقتوں کے بعد بھی شاید ایسا ترجمہ نہ کر سکتے جیسا اب کر سکتے ہیں۔ پھر بھی کوئی اللہ کا بندہ ایسا ہوتا تو ہوتا کہ کمال علم وتدیّن کے ساتھ اس مشقت کو گوارا کر کے اس خدمت کو کما ینبغی انجام دینے کے لئے موفق ہوتا۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھیے کہ اس بے نظیر علمی وعملی کمالات پر جو انہوں نے اپنے اوپر حق سبحانہ وتعالیٰ کے انعامات متعدّد رسالوں میں بیان فرمائے ہیں ان انعاماتِ عظیمہ میں یہ ترجمہ مسمی بہ فتح الرحمٰن بھی داخل ہے اور عاجز نے اپنے بعض مرحوم بزرگواروں سے سنا ہے کہ مولانا شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ جب موضح قرآن لکھ چکے تو فارسی کا ایک شعر تھوڑا سا تصرف کر کے اس طرح پڑھتے تھے۔ شعر

روزِ قیامت ہر کسے باخویش دارد نامۂ
من نیز حاضر می شوم تفسیرِ قرآں در بغل

اس سے اُن حضرات مرحومین کا کمال علم وتدیّن تو معلوم ہوتا ہی ہے اسی کے ساتھ قرآن شریف کے صحیح تراجم کے عظمت اور ضرورت بھی ظاہر ہوتی ہے۔

بالجملہ اگر اکابر مرحومین ہماری ضرورت اور منفعت کو احساس فرما کر پہلے ہی سے اس کا انتظام نہ کر جاتے تو آج اس

کثرت اور سہولت کے ساتھ ہم کو تراجم کلامِ الٰہی اچھے سے اچھے ہرگز میسر نہ ہوتے اور کچھ عجب نہ تھا کہ جیسے خود ہندوستان میں بہت سی زبانیں اور دیگر ممالک میں مسلمانوں کی بڑی بڑی قومیں اس نعمت اور عزت سے خالی یا مثل خالی کے ہیں ہم بھی اسی نکبت میں مبتلا ہوتے۔ فجزاهم الله عنا وعن جميع المسلمين احسن الجزاء وافضل الجزاء والحمدالله

اسی کے ساتھ یہ بات بھی دل نشین ہوگئی کہ ہرچند ترجمہ تحت لفظی میں بعض خاص فائدے ہیں مگر ترجمہ سے جو اصلی فائدہ اور بڑی غرض یہ ہے کہ ہندوستانیوں کو قرآن شریف کا سمجھنا آسان ہو جائے، یہ غرض جس قدر بامحاورہ ترجمہ سے حاصل ہوسکتی ہے تحت لفظی ترجمہ سے کسی طرح ممکن نہیں۔

چنانچہ شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ جو بامحاورہ ترجمہ کے بانی اور امام ہیں انہوں بامحاورہ ترجمہ کو اختیار فرمانے کی یہی وجہ بیان کی ہے۔ اور یہی وجہ ہے جو اسلاف ممدوحین کے بعد اس زمانہ میں جس نے اس میدان میں قدم رکھا اس نے جناب شاہ صاحب ممدوح کا اتباع کیا اور بامحاورہ ترجمہ کرنے کو اختیار کیا جس پر کسی کا شعر یاد آتا ہے۔ شعر

ہر مرغ کہ پرزد تمنائے اسیری
اول بشگوں گرد طواف قفس ما

اور یہ امر بھی خوب معلوم ہوگیا کہ جیسے حضرت شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ کا یہ کمال ہے کہ تحت لفظی ترجمہ کا التزام کرکے ایک ضروری حد تک سہولت اور مطلب خیزی کو بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ ایسے ہی حضرت مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کا یہ کمال ہے کہ بامحاورہ ترجمہ کا پورا پابند ہوکر پھر نظم و ترتیبِ کلماتِ قرآنی اور معانی لغویہ کو اس حد تک نباہا ہے کہ زیادہ کہتے ہوئے تو ڈرتا ہوں مگر اتنا ضرور کہتا ہوں کہ ہم جیسوں کا ہرگز کام نہیں۔ اگر ہم ان کے کلام کی خوبیوں کو اور ان اغراض اور اشارات کو جو ان کے سیدھے سیدھے مختصر الفاظ میں ہیں سمجھ جائیں تو ہم جیسوں کے فخر کے لیے یہ امر بھی کافی ہے۔

اس کے بعد اب ہم کو ضرور ہوا کہ خاص طور پر حضرت شاہ مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ بامحاورہ مسمی بہ

موضح قرآن کو دیکھ کر اول یہ سمجھیں کہ جناب شاہ صاحب ممدوح کا ترجمہ جس کا اپنی نوعیت میں اول وافضل ہونا جملہ اہل علم وفہم اور ارباب انصاف و دیانت کو مسلّم ہے، اس میں ایسے امور کیا ہیں جن کی وجہ سے ہم کو دوسرے کسی ترجمہ کی ضرورت ہو۔ پھر یہ دیکھیں کہ جو تراجم جدیدہ اس زمانہ میں شائع ہو چکے ہیں ان سے ہماری وہ ضرورت پوری ہوگئی یا اب تک کچھ باقی ہے کہ جس کے پورا کرنے کے لیے اور ترجمہ کی ابھی تک حاجت چلی جاتی ہے۔

امر اول کی بابت جہاں تک ہم نے ملاحظہ کیا اور دیگر حضرات نے بھی اس کی تصدیق فرمائی کل دو باتیں ایسی پائیں جس کی وجہ سے عام طور پر لوگ ترجمہ موصوف سے نفع اٹھانے میں قاصر ہیں:

۱. اول بعض کلمات محاورات کا اس زمانہ میں متروک یا قریب بمتروک ہو جانا۔

۲. دوسرے چونکہ حضرت شاہ صاحب مرحوم کلماتِ قرآنی کی موافقت اور مطابقت کا خیال زیادہ فرماتے ہیں اور شرائط ترجمہ کی پابندی بہت کرتے ہیں۔ اس لیے بعض مواقع میں بوجہ اختصار عبارت آج کل کی سہولت پسند طبائع کو مطلب سمجھنے میں بہت دقّت معلوم ہوتی ہے۔

باقی رہا امر ثانی تو یہ بات توسب جانتے ہیں کہ اس زمانہ میں اردو بامحاورہ طرز پر بکثرت تراجم یکے بعد دیگرے شائع ہو چکے ہیں۔ سو ان میں بالیقین بعض ایسے تراجم بھی ہیں جو علمائے معتبر اہل علم و دیانت کی بوجہ اللہ سعی کا نتیجہ ہے اور بعض بعض کو ہم نے بھی تفصیلی نظر سے دیکھا ہے۔ ہمارے نزدیک وہ تراجم بے شک ہماری اس حاجت کے پورا کرنے کے لئے کافی ہیں۔ جو اس زمانہ میں حضرت شاہ صاحب رحمہ کے بے نظیر ترجمہ میں اہل زمانہ کو پیش آ رہی تھی۔

جزاهم الله سبحانه عنا وعن جميع مسلمى الهند خيرا

اور ان اغلاط و مفاسد سے بچانے کے لئے بھی مفید ہیں جو بعض آزاد خیال صاحبوں کے تراجم میں موجود ہیں۔ اس لیے امر ثانی کی بابت اس عاجز کی یہ رائے ہے کہ وہ نزاکت و لطافت اور وہ ہر امر کی رعایت جو حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کے ترجمہ کے امتیازات اور خصوصیات میں شمار ہوتی ہیں ان کا تو ذکر نہیں۔ باقی وہ امر جو ترجمہ سے مقصود اصلی اور غرض ضروری ہے یعنی کلامِ الٰہی جل جلالہٗ کا صحیح مطلب سلف صالحین کے ارشادات کے موافق سہولت کے ساتھ

مسلمانانِ ہند کی سمجھ میں آسکے۔ اس امر کے لیے تراجم جدیدہ جو اہل علم و دیانت کی توجہ سے شائع ہو چکے ہیں وہ بالکل کافی اور وافی ہیں۔ ہم کو کسی جدید ترجمہ کی اس وقت حاجت نہیں رہی۔ شکر اللہ تعالیٰ مساعیہم

ہم فخر و مسرت کے ساتھ حق سبحانہ وتعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہمارے معتبر علماء کی حُسنِ سعی سے تراجم مفیدہ قدیمہ و جدیدہ اتنے شائع ہو چکے ہیں کہ ایسے اور اتنے تراجم ہم کو کسی عجمی زبان میں نظر نہیں آتے۔ ذالک من فضل اللہ علینا

اب اس کے بعد یہ بات تو بحمد اللہ ہم کو خوب محقق اور منقح ہو گئی کہ تراجم موجودہ صحیحہ معتبرہ کے ہوتے ہمارا جدید ترجمہ کرنا لہو لگا کر شہیدوں میں شامل ہونا ہے۔ جس سے نہ مسلمانوں کو کوئی نفع معتبر پہنچ سکتا ہے نہ ہم کو۔ بلکہ جب ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ ہمارا جدید ترجمہ کرنا گویا زبان حال سے یہ کہنا ہے کہ تراجم موجودہ میں کوئی خلل ہے جس کا تدارک کیا جاتا ہے یا ہمارے ترجمہ میں کوئی خوبی اور منفعت زائد ہے۔ جس کی وجہ سے جدید ترجمہ کی حاجت ہوئی تو ہم کو جدید ترجمہ کرنا فضول سے بڑھ کر نہایت مذموم اور مکروہ تک نظر آتا ہے۔ نعوذ باللہ من شرور انفسنا

خیر یہ بات تو خوب دلنشین ہو گئی، اور ظاہر ہے کہ اس کا مقتضیٰ یہ تھا کہ ترجمہ کلامِ الٰہی کے متعلق اب ہم کچھ ارادہ نہ کرتے مگر اس چھان بین اور دیکھ بھال میں تقدیر الٰہی سے یہ بات دل میں جم گئی کہ حضرت شاہ صاحب کا افضل و مقبول و مفید ترجمہ رفتہ رفتہ تقویم پارینہ نہ ہو جائے۔ یہ کس قدر ناقدردانی اور بدقسمتی بلکہ کفرانِ نعمت ہے۔ اور وہ بھی سرسری عذر کی وجہ سے اور عذر بھی وہ جس میں ترجمہ کا کوئی قصور نہیں۔ اگر قصور ہے تو لوگوں کی طلب کا قصور ہے۔ اگر دیکھنے والے غور سے دیکھیں اور جو غور کے بعد بھی سمجھ میں نہ آئے اس کو جاننے والوں سے دریافت کریں تو پھر سب کام سہل ہو جائے۔ چنانچہ حضرت ممدوح نے خود شروع میں لکھ دیا ہے کہ قرآن شریف کے معنی بغیر سند کے معتبر نہیں اور بغیر استاد کے معلوم نہیں ہوتے۔

علاوہ ازیں عوام کو یہ دشواری تو سب ترجموں میں پیش آتی ہے حضرت شاہ صاحب کے ترجمہ میں کچھ زیادہ سہی۔

اس لیے اس ننگِ خلائق کو یہ خیال ہوا کہ حضرت شاہ صاحب ممدوح کے مبارک مفید ترجمہ میں لوگوں کو جو کل دو

خلجان ہیں یعنی ایک بعض الفاظ و محاورات کا متروک ہو جانا۔ دوسرے بعض بعض مواقع میں ترجمہ کے الفاظ کا مختصر ہونا۔ جو اصل میں تو ترجمہ کی خوبی تھی مگر ابنائے زمانہ کی سہولت پسندی اور مذاق طبیعت کی بدولت اب یہاں تک نوبت آگئی کہ جس سے ایسے مفید و قابل قدر ترجمہ کے متروک ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ سو اگر غور و احتیاط کے ساتھ ان الفاظ متروکہ کی جگہ الفاظِ مستعملہ لے لیے جائیں اور اختصار و اجمال کے موقعوں کو تدبر کے ساتھ کوئی لفظ مختصر زائد کر کے کچھ کھول دیا جائے تو پھر ان شاء اللہ حضرت شاہ صاحب کا یہ صدقہ فاضلہ بھی جاری رہ سکتا ہے اور مسلمانانِ ہند بھی اس کے فوائد مخصوصہ سے خالی نہ رہ جائیں گے۔

اس مضمون کو سوچ سمجھ کر جو اپنے مکرمین مخلصین کی خدمت میں پیش کیا تو ان حضرات نے بھی اس عاجز کی رائے سے اتفاق ظاہر فرمایا۔ اور یہی بات دل نشین ہوگئی کہ مستقل ترجمہ سے یہ امر زیادہ مناسب اور مفید ہے کہ موضح قرآن میں جو شکایت پیدا ہوگئی ہے اس کے رفع کرنے میں کوشش کی جائے۔ جب یہاں تک نوبت پہنچ چکی تو یہ عاجز بنامِ خدا اس خدمت کے انجام دینے کے لیے تیار ہو بیٹھا۔ گویا دو شالا میں کمبل سے جگہ جگہ رفو کرنے کا ارادہ کر دیا۔ جب ایک ثلث قرآن کا ترجمہ کر چکا تو بوجہ بعض عوارض ایسا طول طویل حرج پیش آیا کہ ترجمہ کی تکمیل کی توقع بھی دشوار ہوگئی۔ مگر بتوفیق الٰہی عین ایام حرج میں اتنا اطمینان نصیب ہوگیا کہ ترجمہ موصوف بااطمینان ۱۳۳۶ھ میں پورا کر لیا۔ ان ربی لطیف لما یشاء، والحمد للہ

اب حق تعالیٰ کو منظور ہے تو انہی احباب مکرمین کی خدمت میں اس ترجمہ کو پیش کر کے تفصیلی نظر کی درخواست کریں گے۔ اگر ہماری یہ پیوند کاری ان حضرات کے نزدیک مفید و مناسب سمجھی گئی تو ان شاءاللہ شائع بھی ہو جائے گا۔ ورنہ مجبوراً جہاں ہے وہیں رہے گا۔ شعر

گو نالہ نارسا ہو نہ ہو آہ میں اثر
میں نے تو درگزر نہ کی جو مجھ سے ہو سکا

اب اس کے بعد مناسب ہے کہ حضرت شاہ صاحب کے اصل ترجمہ کی بابت اور نیز اپنی ترمیم کے متعلق چند

ضروری مفید باتیں عرض کر دی جائیں جن سے دیکھنے والوں کو بالاجمال دونوں ترجموں کی حالت اور کیفیت بھی معلوم ہوجائے اور بعض شبہات جن کے پیش آنے کا کھٹکا ہوتا ہے وہ بھی دفع ہوجائیں۔

سو حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے شروع میں اپنے ترجمہ کی نسبت اتنا مضمون تو خود فرمادیا ہے کہ ہندی اور عربی زبان کا محاورہ ہرگز موافق نہیں۔ اس لیے اگر قرآن شریف کی ترتیب کے موافق ہر ہر لفظ کا جدا جدا ترجمہ کیا جائے یعنی تحت لفظی، تو ہندیوں کی سمجھ میں آنا دشوار ہو۔ اس لیے ہم نے مجموعہ آیت کی پابندی کی ہے، ہر ہر لفظ کی پابندی نہیں کی۔ یعنی ہندی محاورہ کے موافق ترجمہ کیا ہے، تحت لفظی نہیں کیا۔

یہ حضرت ممدوح کے ارشاد کا خلاصہ ہے مگر اس میں اجمال بہت ہے۔ اس ارشاد سے یہ تو معلوم ہوگیا کہ حضرت ممدوح اپنے ترجمہ میں ہر ہر لفظ کی پابندی نہ کریں گے۔ ہاں آیت کی پابندی ضرور ہے مگر یہ معلوم نہیں ہوا کہ اس عدمِ پابندی کی کیا حد ہے اور کہاں تک اس عدمِ پابندی کو حضرت ممدوح نے اپنے ترجمہ میں اختیار اور استعمال فرمایا ہے اور کتنی تقدیم و تاخیر کو جائز رکھا ہے۔ یعنی بقدرِ ضرورت و حاجت کسی لفظ کو آگے یا پیچھے کرلیا ہے یا صرف آیت کے احاطہ میں رہ کر پھر کسی تقدیم و تاخیر کی پرواہ نہیں کی، تھوڑی ہو یا زیادہ ضروری ہو یا غیر ضروری ایک تغیر ہو یا متعدّد۔ اس کے سوا حضرت شاہ صاحب رحمہ نے یہ امر اجمالاً بھی نہیں بیان کیا کہ ہم نے اپنے ترجمہ میں کس کس امر کا خیال رکھا ہے اور اس میں کیا کیا خوبیاں اور فوائد ہیں۔ سو احقر ان دونوں باتوں کو مفید سمجھ کر ان کی نسبت کچھ کچھ عرض کرنا چاہتا ہے۔

سو یہ بات تو سب پر ظاہر ہے کہ احقر اس کے متعلق جو کچھ بھی عرض کرے گا وہ موضح قرآن ہی کی عبارت سے مستنبط ہوگا۔ اس کے سوا ہمارے لیے اور کیا امر ذریعہ علم ہو سکتا ہے۔ بعینہٖ جیسا کہ حضرات علماء کرام نے امیر المؤمنین فی الحدیث امام بخاری رحمہ اللہ کی خود کتاب صحیح بخاری سے استنباط کر کے ان کی شروط و قیود و اغراض کو بیان فرمادیا ہے۔

سو امرِ اول کی نسبت یہ عرض ہے کہ حضرت شاہ صاحب ترتیب قرآن کا بہت خیال رکھتے ہیں اور اصل ترجمہ کی مطابقت میں بہت زیادہ سعی فرماتے ہیں، مگر چونکہ ترجمہ با محاورہ کا التزام کیا ہے اس لیے بضرورت توضیح و تسہیل بعض مواقع میں تقدیم و تاخیر لازم ہے۔ مگر جیسا کہ آٹے میں نمک یہ نہیں کہ آخر کا ترجمہ اول اور اول کا آخر ہو جائے۔

الغرض فصل بعید سے احتراز رکھتے ہیں۔ الا ماشاء اللہ۔ کسی خاص ضرورت کے وقت میں دو تین کلموں کا فصل ہو جائے اور وہ بھی النادر کالمعدوم۔ دیکھیے عربی زبان میں مضاف کو مقدم ذکر کرتے ہیں۔ اور اردو کا محاورہ یہ ہے کہ مضاف الیہ کو مقدم کرتے ہیں۔ وہ "غلامُ زیدٍ" کہتے ہیں۔ تو ان کے محاورہ میں "زید کا غلام" کہیں گے۔ ترتیب تو بدل گئی مگر دونوں کلمے متّصل ہی رہے فاصلہ اور فرق کچھ نہیں ہوا۔ اس لیے حاجت کے وقت یہ تغیر کچھ تغیر نہیں سمجھا جاتا۔ اس قسم کی مثالیں شاہ صاحب کے ترجمہ میں کثرت سے ملیں گی۔ مثلاً: "علیٰ قلوبہم وعلیٰ سمعھم وعلیٰ ابصارھم "کا ترجمہ بامحاورہ کریں گے تو: ”ان کے دل پر اور ان کے کان پر اور ان کی آنکھوں پر“ کیا جائے گا۔ اور ترجمہ تحت لفظی میں ”اوپر دلوں ان کے کے اور اوپر کانوں ان کے کے اور اوپر آنکھوں ان کی کے “ کہنا پڑے گا۔ مگر سب جانتے ہیں کہ ایسے اختلاف جتنے بھی ہوں ان میں کوئی حرج نہیں بلکہ ضروری ہیں۔ بامحاورہ ترجمہ کرنے والے کو اس سے مفر نہیں۔

لیکن حضرت شاہ صاحب کی احتیاط قابل تحسین اور لائق قدر ہے کہ اس پر بھی ہر جگہ مضاف الیہ کو مقدم نہیں کرتے۔ بلکہ جہاں ترجمہ میں ذرا گنجائش مل جاتی ہے وہاں اتنے قلیل تغیر کو بھی پسند نہیں کرتے۔ ترتیب قرآنی ہی کو اختیار فرماتے ہیں۔ دیکھو "الحمد للہ رب العالمین" میں چونکہ "رب العالمین" کا ترجمہ اصلی ترتیب پر رکھا اور "مالک یوم الدین" بھی صفت واقع ہوا ہے مگر اس میں دو اضافتیں مجتمع ہیں۔ اول اضافت میں اصلی ترتیب باقی رکھنے کی گنجائش ہے۔ دوسری اضافت میں نہیں۔ اس لیے ترجمہ میں "مالک" کا ترجمہ حاصل کے موافق مقدم رکھا اور "یوم" کے ترجمہ کو محاورہ اردو کے موافق "دین" سے مؤخر کر دیا۔ چنانچہ سب پر ظاہر ہے اس میں کسی کو تردد نہیں، صرف توضیح اور تسہیل کی غرض سے ہم نے عرض کر دیا۔ لیکن بعض مقامات ایسے بھی ہیں کہ وہاں محاورہ اردو کے ساتھ ترتیب قرآنی کا لحاظ رکھنا دشوار ہے۔ حضرت شاہ صاحب ان مقامات میں بھی اپنی غائر اور باریک بین نظر سے ایسا اسلوب اختیار فرماتے ہیں کہ محاورہ کی پابندی کے ساتھ ترتیب بھی باقی رہے، یا فرق آئے تو خفیف و لطیف۔

بعینہٖ یہی حال ہے فعل اور فاعل اور مفعول اور جمیع متعلقات فعل کا۔ اور صفت موصوف، حال، تمیز وغیرہ کا کہ اکثر مواقع میں ترتیب کی موافقت فرماتے ہیں اور بہت سے مواقع میں اسی تغیر لطیف مذکورہ بالا سے کام لیتے ہیں۔

اور سنیے حروفِ روابط جن کو حروفِ جر بھی کہتے ہیں۔ جیسے ل، ب، علیٰ، الیٰ، من، عن، فی بہت کثرت سے مستعمل ہیں۔ مگر کلامِ عرب میں یہ حروف ہمیشہ اپنے معمول پر مقدم ہوتے ہیں۔ اور ہمارے محاورہ میں علی العموم مؤخر بولے جاتے ہیں، مگر شاذ ونادر لیکن ان میں بعض تو ایسے ہیں کہ ان کا مؤخر ہونا ضروری ہے۔ ہماری زبان میں ان کو مقدم لانے کی کوئی صورت ہی نہیں۔ جیسے من اور عن سب کو معلوم ہے کہ "مما رزقنٰھم" کے ترجمہ میں اردو زبان کے اندر ممکن نہیں کہ من کا ترجمہ مقدم ہو سکے اور ترتیب قرآنی کی موافقت کی جا سکے۔

ایسے ہی "لا تجزی نفسٌ عن نفسٍ" کے ترجمہ میں کوئی صورت نہیں کہ "عن" کا ترجمہ "نفس" کے ترجمہ سے مقدم ہو سکے اسی وجہ سے تحت لفظی ترجمہ میں بھی یہ تغیر گوارا کرنا ہوتا ہے اور اس میں کسی کو تامل نہیں ہو سکتا۔ اور بعض ایسے ہیں کہ ان کو مقدم کرنا تو درست ہے مگر محاورہ کے خلاف ہے۔ سو تحت لفظی ترجمہ میں ان کو نظم قرآنی کے موافق مقدم لا سکتے ہیں مگر بامحاورہ ترجمہ کے لیے ان کو بھی مؤخر کرنا ضروری ہوگا۔ جیسے علیٰ، الیٰ، وغیرہ حروفِ مذکورہ۔ دیکھیے " ختم الله علی قلوبهم " کے تحت لفظی ترجمہ میں "مہر کردی اللہ نے اوپر دلوں ان کے کے" کہنا مناسب ہوگا اور بامحاورہ ترجمہ میں "مہر کردی اللہ نے ان کے دلوں پر" کہنا ٹھیک سمجھا جائے گا۔ پہلی صورت میں لفظ علیٰ اپنی اصلی ترتیب پر رہا۔ دوسری صورت میں تھوڑا سا بقدر ضرورت اپنی جگہ سے ہٹ گیا۔ اسی پر دیگر حروف کو قیاس فرمالیجیے، سو اول تو یہ حروف فی نفسہٖ غیر مستقل اور دوسروں کے تابع ہیں، ان کا تقدم و تاخر چنداں قابل اعتبار نہیں۔ دوسرے بے وجہ نہیں بلکہ ضرورت اور حاجت اور نفع کی وجہ سے کرنا ہوا۔ تیسرے اتنا لطیف وخفیف کہ ترجمہ تحت لفظی میں بھی بعض مواقع میں قابلِ قبول اور ضروری سمجھا جاتا ہے۔

ان سب کے بعد پھر وہی بات ہے جو پہلے عرض کر چکا ہوں یعنی جہاں کچھ گنجائش نکل آتی ہے وہاں حضرت شاہ

صاحب علیہ الرحمہ اس خفیف قابلِ قبول تغیر کو بھی چھوڑ کر اصلی ترتیب کو قائم رکھتے ہیں۔ اور ایسا ترجمہ کرتے ہیں جو ترتیب قرآنی کی پابندی کے ساتھ محاورہ کے بھی مخالف نہ ہونے پائے۔ اس کی مثالیں حروف مذکورہ کے متعلق جگہ جگہ موجود ہیں مثلا " الا علی الخاشعین "کا ترجمہ یہ فرمایا ہے "مگر انہی پر جن کے دل پگھلے ہیں" یعنی اللہ سے ڈرتے ہیں اور عاجزی کرتے ہیں۔ دیکھ لیجیے لفظ علیٰ کے ترجمہ کو مقدم رکھا خاشعین پر اور محاورہ کے مخالف بھی نہیں ہوا۔

الحاصل حضرت شاہ صاحب جگہ جگہ ترتیب میں تصرف کرتے ہیں مگر جچا تلا، بقدر ضرورت اور عند الحاجت نہایت غور اور احتیاط کے ساتھ جس کی وجہ سے حضرت ممدوح علیہ الرحمۃ کا ترجمہ جیسے استعمال محاورات میں بے نظیر سمجھا جاتا ہے ویسا ہی باوجود پابندئ محاورہ قلتِ تغیر اور خفتِ تبدیل میں بھی بے مثل ہے۔ فللّٰہ درّہ ثم للّٰہ درّہ

اس کے سوا بعض بعض تصرفاتِ خفیفہ مفیدہ اور بھی کر جاتے ہیں۔ مثلاً ترجمہ میں کوئی لفظ مختصر بڑھا دیتے ہیں جس سے مطلب واضح ہو جائے یا مرادِ خداوندی معین ہو جائے سو یہ امر ایسا ہے کہ ترجمہ تحت لفظی میں بھی اس کی نظائر موجود ہیں۔ ایسا ہی ترجمہ میں بعض الفاظ کو چھوڑ بھی جاتے ہیں۔ مثلاً بعض مواقع میں "اِنَّ" کا ترجمہ نہیں کرتے۔ یَااَبتِ کے ترجمہ میں "اے میرے باپ "نہیں کہتے صرف " اے باپ " پر قناعت کر جاتے ہیں "یَا بُنیّ " کا ترجمہ "اے میرے چھوٹے بیٹے" کی جگہ فقط "اے بیٹے" فرمایا ہے۔ ایسا ہی یَارَبّ کا ترجمہ "اے رب" متعدّد مواقع میں اختیار فرمایا ہے۔ سو اس قسم کے تصرفات میں کچھ حرج نہیں۔ ترجمہ لفظی تک میں ان کی گنجائش ہے۔

اب باقی رہی دوسری بات کہ حضرت شاہ صاحب نے اپنے ترجمہ میں کن کن امور کا خیال رکھا ہے اور اس میں کیا کیا فائدے ہیں۔ سو یہ بات تو ظاہر نظر آتی ہے کہ حضرت ممدوح عامۃً چند باتوں کا بہت لحاظ رکھتے ہیں۔ ترجمہ میں اختصار وسہولت اور الفاظِ قرآنی کی لفظی اور معنوی موافقت اور صرف لغوی معنی پر بس نہیں بلکہ معنیٰ مرادی اور غرض اصلی کا ہر موقع میں بہت لحاظ رکھتے ہیں۔ اور ترجمہ میں کبھی ایسا لفظ لاتے ہیں جس کی وجہ سے اگر کسی قسم کا اجمال اور اشکال ہو تو زائل ہو جاتا ہے۔ بسا اوقات ایک لفظ کا ترجمہ ایک جگہ کچھ فرماتے ہیں دوسری جگہ کچھ۔ اور حالانکہ معنیٰ لغوی اس لفظ

کے ایک ہی ہیں مگر ہر مقام کے مناسب جُدے جُدے عنوان سے بیان فرماتے ہیں۔ جس سے قرآن کی غرض اور مراد ملنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔

اسی سہولت اور وضاحت کی رعایت سے کبھی مضمون ایجابی کو عنوانِ سلبی میں ادا کرتے ہیں اور اکثر مواقع میں نفی اور استثناء کا جدا جدا ترجمہ نہیں کرتے بلکہ حصر جو اس سے مقصود ہے اس کو مختصر ہلکے لفظوں میں محاورہ کے موافق بیان کر جاتے ہیں۔ حال، تمیز، بدل وغیرہ حتی کہ مفعول مطلق کے عنوانات کی رعایت رکھتے ہیں اور خوبی یہ ہے کہ اردو کے محاورہ کے موافق بالجملہ الفاظ اور معنیٰ دونوں کے متعلق بوجوہ متعدّدہ بہت غور اور رعایت سے کام لیا گیا ہے۔ اور مطالب و مقاصد کی تسہیل اور توضیح میں پورے خوض اور احتیاط کو ملحوظ رکھا ہے۔ ہم نے بغرض تنبیہ یہ چند باتیں مختصر طور سے عرض کر دی ہیں۔ اہل فہم توجہ فرمائیں گے تو ان شاء اللہ ان کو ہماری عرض کی صداقت جگہ جگہ برابر ملے گی۔ ہم کو کسی طول کی حاجت نہیں۔

اور حاشا وکلّا ہمارا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ فوائد مذکورہ کا اور کسی نے خیال نہیں فرمایا۔ فضلائے معتبرین مشہورہ وغیرہ علماء کے تراجم میں ہر ایک نے اس قسم کے فوائد کا اپنی اپنی فہم اور رائے اور مصلحت اور گنجائش کے موافق ضرور خیال فرمایا ہے مگر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت شاہ صاحب ممدوح نے چونکہ ہر موقع پر ان چھوٹے بڑے فوائد متعدّدہ کی طرف توجہ فرمائی ہے۔ اور ترجمہ میں ہر موقع پر ان کا اہتمام رکھا ہے۔ اس لئے کمّاً اور کیفاً دونوں طرح یہ امور موضح قرآن میں زائد ہیں جن کی وجہ سے ترجمہ موصوف جملہ تراجم میں ممتاز اور مفید تر نظر آتا ہے اور بنظرِ فہم وانصاف اس کا مستحق ہے کہ سہل ممتنع کے ساتھ ملقب ہو۔ یہ حضرت ممدوح کا کمال ہے کہ ہر موقع پر جملہ امور پیش نظر رہتے ہیں۔ اور ترجمہ میں حسب حاجت ان کی رعایت کرتے ہیں اور اسی کے مطابق الفاظ بھی ان کو بسہولت مل جاتے ہیں۔ گویا محاورات ولغات اردو بھی سب سامنے رہتے ہیں جس کو مناسب سمجھا بے تکلف لے لیا۔ اور اس پر ترجمہ اپنے محدود احاطہ سے ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتا۔ فبارک اللہ فی حسناتہ وافاض علینا من برکاتہ

یہ بات کس قدر قابل قدر اور مفید ہے کہ حضرات مفسرین اور شراحِ حدیث کے مبسوط ارشادات کا خلاصہ

بسہولت ہر درجہ کے مسلمانوں کو ایک لفظ سے سمجھ میں آسکے بلکہ بعض مواقع میں تو حضرت شاہ صاحب صاحب کا ایک دو لفظ وہ کام دیتا ہے کہ مبسوط ارشادات سے احق بالقبول معلوم ہوتا ہے۔اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ للعٰلمين

اس موقع پر ارشاد خداوندی "ففهمنها سليمان وكلا آتينا حكما وعلما" کا نقشہ اور نمونہ ناخواستہ سامنے آگیا۔ دیکھیے حضرت سلیمان علیہ السلام لڑکے تھے مگر حق سبحانہٗ نے اپنی رحمت سے ان کو وہ بات سجھا دی کہ حضرت داوٗد علیہ السلام نے بھی تسلیم فرمالیا اور اپنے حکم کو واپس کر لیا۔ اور اس سے کسی کے علم وفہم میں کوئی نقصان اور اعتراض بھی نہ ہوا۔ شعر

این سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

حق تعالیٰ کے غیر متناہی خزانے ہیں جس کو جس میں سے چاہتے ہیں حصّہ معین عنایت فرما دیتے ہیں۔ وَإِنْ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا عِنْدَنَا خَزَائِنُهُ وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَعْلُومٍ

اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جیسے یہ چند فوائد عرض کیے ہیں ایسی ہی چند مثالیں بھی کسی موقع سے عرض کر دی جائیں۔ جن سے ہمارے معروضات کی تصدیق ہو جائے اور ناظرین کے لیے تسکین اور اطمینان کا باعث ہو۔ سو اول ہی سے لیجیے۔ دیکھیے بسم اللہ کا ترجمہ محاورہ کے موافق کیا جس میں توضیح اور اختصار دونوں کی بقدرِ مناسبت رعایت ہے۔ اس سے بہتر اور خوبصورت ترجمہ اردو میں سمجھ میں نہیں آتا۔ اور رحمٰن اور رحیم جو مبالغہ کے صیغے ہیں ان کے مبالغہ کو بھی ظاہر فرما دیا اور لطیف اشارہ دونوں کے فرقِ مراتب کی طرف بھی کر گئے۔ جتنے تراجم سابقہ ہیں ان میں مبالغہ سے تعرض نہیں فرمایا۔ اس کے بعد سورہ فاتحہ میں بھی رحمٰن اور رحیم کا ترجمہ ایسا ہی کیا گیا۔ یوم الدین کا ترجمہ جملہ حضرات نے "روزِ جزا" یا "دن جزا کا" فرمایا ہے۔ مگر حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے صاف لکھ دیا ہے کہ میں نے عوام کی زبان میں ترجمہ کیا ہے اور عوام کے کلام میں جزا کا لفظ شائع اور مستعمل نہیں۔ دوسرے اہل لغت اور حضرات مفسرین نے دین کے معنی جزا اور حساب دونوں فرمائے ہیں۔ ان وجوہ سے غالباً حضرت ممدوح نے جزا کے

بدلے "انصاف" کا لفظ اختیار فرمایا کہ عوام میں بھی شائع ہے۔ اور اس ایک لفظ میں جزا اور حساب دونوں آ گئے۔

"اھدنا الصراط المستقیم" جملہ حضرات ہدایت کا ترجمہ کبھی تو لفظ ہدایت ہی سے کر جاتے ہیں۔ اس لیے کہ لفظ ہدایت فارسی اردو میں برابر مستعمل ہے۔ اور کبھی اپنی زبان میں ترجمہ کرتے ہیں تو ہدایت کا ترجمہ رستہ دکھانے اور راہنمائی کے ساتھ کرتے ہیں۔ مگر حضرت ممدوح علی العموم ہدایت کا ترجمہ اپنی ہی زبان میں فرماتے ہیں۔ الا ماشاء اللہ۔ لیکن ہر موقع پر اس کا بھی لحاظ رکھتے ہیں کہ ہدایت کے کون سے معنی اس موقع کے مناسب ہیں کیونکہ ہدایت کے لغت عرب میں دو معنٰی ہیں:

۱. ایک صرف راستہ دکھلا دینا۔

۲. دوسرے مقصود تک پہنچا دینا۔

اول کو "اراءت" دوسرے کو "ایصال" کہتے ہیں۔ اس لیے اوروں نے "اھدنا" کا ترجمہ "دکھا ہم کو" فرمایا ہے۔ اور شاہ صاحب "چلا ہم کو" فرماتے ہیں۔ جس سے ایصال کی طرف اشارہ کرنا مفہوم ہوتا ہے۔ اسی طرح پر "ھدی للمتقین" میں اور حضرات نے ھدی کے ترجمہ میں "رہنما" یا "راہ دکھاتی" ہے فرمایا ہے اور حضرت ممدوح نے "راہ بتلاتی ہے" فرمایا ہے۔ چونکہ اھدنا میں ہدایت حق تعالیٰ کی صفت ہے تو وہاں "چلانے" کا لفظ لائے ہیں۔ اور اس موقع میں ہدایت قرآن کی صفت ہے تو اس لیے راہ بتانے کا لفظ بیان فرمایا ورنہ دونوں جگہ مقصود ایصال کی طرف اشارہ کرنا معلوم ہوتا ہے۔ فرحمہ اللہ ما ادق نظرہ وارق الفاظہ

متقین میں تقویٰ کا ترجمہ سب حضرات مرحومین نے پرہیزگاری فرمایا ہے جو تفاسیر کثیرہ کے موافق ہے۔ پھر حضرات مفسرین نے اس پر شبہ کیا کہ ہدایت کے محتاج گمراہ ہیں نہ متقی۔ اس لیے ھدی للضالین فرمانا چاہیے تھا۔ بعض حضرات نے متقین کے معنی صائرین الی التقوی کے لے کر جواب دیا۔ بعض نے دیگر جوابات دے کر شبہ کا قلع قمع کیا۔ حضرت شاہ صاحب کی طبع لطیف اور باریک بین نظر اس طرف گئی کہ تقویٰ کا ترجمہ ڈر اور خوف کے

ساتھ کرنا پسند کیا۔ جو تقویٰ کے اصلی اور لغوی معنی ہیں۔ اور متقین سے وہ لوگ مراد لیے جن کے دل میں اللہ تعالیٰ کا ڈر ہے اس لئے ھدی للمتقین کا ظاہر اور معروف ترجمہ یعنی "راہ دکھاتی ہے پرہیزگاروں کو" اس کو چھوڑ کر "راہ بتلاتی ہے ڈر والوں کو" اختیار فرمایا یا جس سے شبہ مذکورہ کے خطور کا موقع ہی نہ رہا جو کسی جواب کی حاجت ہو۔ اور اگر ہدایت سے ایصال مراد لیں جیسا کہ ترجمہ میں اس کی طرف اشارہ مفہوم ہوتا ہے۔ تو پھر تو شبہ کیا کسی وہمی کے توہم کی بھی گنجائش نہیں۔

آگے دیکھیے "یؤمنون بالغیب" کے ترجمہ میں "ایمان لاتے ہیں ساتھ غیب کے" یا "غیب پر" کہا جائے تو بہت صحیح اور ظاہر کے موافق ترجمہ ہے۔ اور لفظ ایمان اور غیب دونوں ایسے مشہور ہیں کہ دوسرے لفظوں سے ان کے ترجمے کرنے کی ضرورت نہیں لیکن لفظ ایمان اصطلاح شرع میں دو معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ ایک نفس تصدیق اور یقین قلبی جو ضروریاتِ دین کے ساتھ متعلق ہو۔ جس کو حقیقتِ ایمانی سے بھی تعبیر کرتے ہیں اور معنی لغوی کے بالکل مطابق ہے۔ دوسرے تصدیق اور اعمالِ ایمانی کا مجموعہ جس کو ایمانِ کامل بھی کہتے ہیں۔ سو اول تو حضرت شاہ صاحب کی عام عادت ہے کہ حتی الوسع ترجمہ میں اردو کے لفظ کو اختیار فرماتے ہیں۔ دوسرے لفظ ایمان جب دو دو معنوں میں مستعمل ہے تو حضرت ممدوح کے اصول کے موافق ضرور ہوا کہ ترجمہ میں ایسا لفظ لائیں کہ ایمان کے جو معنیٰ اس جگہ مراد ہیں ان کی تعیین ہو جائے اور دوسرا احتمال نہ رہے۔ علیٰ ہٰذا لفظ غیب میں اجمال ہے معلوم نہیں کس چیز سے غائب ہونا مراد ہے۔ ان وجوہ سے وہ صحیح اور ظاہر ترجمہ جس کا پہلے ذکر ہو چکا اس کو چھوڑ کر یہ ترجمہ اختیار فرمایا "یقین کرتے ہیں بن دیکھے" جس سے یہ معلوم ہو گیا کہ آیت میں ایمان کے اول معنیٰ مراد ہیں نہ دوسرے۔ اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ غیب کے یہ معنی ہیں کہ جن چیزوں کو انہوں نے نہیں دیکھا اور ان کے علم و ادراک سے غائب ہیں جیسے دوزخ، بہشت، پل صراط، وزن اعمال، عذاب قبر، فرشتے، جنات۔ سو وہ لوگ ان سب چیزوں کا اللہ اور رسول کے فرمانے سے یقین کرتے ہیں۔ مع ہٰذا حضرات مفسرین رحمہم اللہ نے جو بالغیب میں چند احتمال ذکر فرمائے ہیں ان میں سے ایک معنی ظاہر اور راجح ہیں اس ترجمہ سے وہ بھی متعین ہو گئے جیسا کہ کتب تفسیر میں مذکور ہے۔

تنبیہ

ایمان کا ذکر قرآن شریف میں ماضی، مضارع، امر، اسم فاعل مختلف صیغوں کے ضمن میں بہت کثرت سے موجود ہے۔ سو حضرات مترجمین تو اکثر مواقع میں اس کا حسب ظاہر ترجمہ ایمان یا اسلام سے فرماجاتے ہیں۔ اور حضرت ممدوح ایمان، اسلام، یقین، ماننا، جو لفظ جو موقع کے مناسب اور مفید سمجھتے ہیں اس کو اختیار کرتے ہیں۔ اور اس کی وجہ سے ترجمہ کے متعلق کار آمد باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ جیسا کہ یؤمنون بالغیب کے ترجمہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں۔ اور انہیں چھوٹے فرقوں اور ہلکی ہلکی رعایتوں کی وجہ سے بعض مواقع میں بڑے بڑے شبہے بسہولت دفع ہوجاتے ہیں۔ اور تحقیقی باتیں معلوم ہوجاتی ہیں۔ دیکھیے احادیث میں وارد ہے کہ جب آیت کریمہ: "الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولَئِكَ" نازل ہوئی تو صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو بہت ہی شاق گزرا۔ آخر آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: "أينا لم يظلم نفسه" یعنی یا رسول اللہ! ہم میں ایسا کون ہے جس نے اپنے نفس پر ظلم یعنی گناہ نہ کیا ہو۔ تو پھر اب تو سب عذاب الٰہی سے غیر مامون اور ہدایت سے محروم ہوگئے۔ آپ نے فرمایا: "ليس ذلك، إنما هو الشرك، ألم تسمعوا قول لقمان لابنه يَابُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ "یعنی "لم يلبسوا إيمانهم بظلم" میں ظلم سے مراد شرک ہے، مطلق گناہ نہیں جو یہ دشواری پیش آئے۔ حضرات مفسرین اور شراحِ حدیث کے اقوال اس جواب کی تقریر میں مختلف ہوگئے۔ جیسا کہ اہل علم کو معلوم ہے۔ سو ایک خلجان تو "لم يلبسوا إيمانهم بظلم" میں تھا جو حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کو پیش آیا تھا۔ دوسرا اختلاف خلجان مذکور کے جواب میں مفسرین وغیرہ علمائے کرام کو پیش آگیا کہ جواب کا مقصد اور اس کا ماخذ کیا ہے۔ سو خلجان معروضہ اصحاب کرام تو آپ ﷺ کے ارشاد سے جاتا رہا مگر آپ ﷺ کے ارشاد کے مقصد و ماخذ میں علماء کو جو اختلاف پیش آگیا وہ موجود ہے۔

اس پر حضرات مترجمین نے تو ان لمبی لمبی بحثوں کو دیکھا کہ ترجمہ ان کو متحمل نہیں ہو سکتا اور نہ اس کے مناسب

اس لئے ترجمہ میں اس سے قطع نظر کر کے ظاہر کے موافق ترجمہ فرمادیا اور لمبی بحثوں کے لیے دوسرا موقع ہے۔ اور حضرت شاہ صاحب کی دقیق نظر نے دیکھا کہ جب ہم کو ترجمہ میں کوئی زیادتی اور طول کرنا نہیں پڑتا صرف ایک لفظ کی جگہ دوسرا ویسا ہی لفظ بول دینے سے سب امور طے ہوئے جاتے ہیں تو پھر اس میں کیوں کوتاہی کی جائے اور کام کی بات سے کیوں محروم رکھا جائے۔ تو انہوں نے اپنی عادت کے موافق یہ کیا کہ "الذين آمنوا ولم يلبسوا ايمانهم بظلم " کے ترجمہ میں یہ الفاظ فرمائے ''جو لوگ یقین لائے اور ملائی نہیں اپنے یقین میں کچھ تقصیر'' جس سے معلوم ہو گیا کہ ایمان سے حقیقتِ ایمانی یعنی تصدیق قلبی مراد ہے۔ حسب معروضہ سابق جس کو ایمان بالمعنٰی الاول کہتے ہیں۔ اہل فہم وانصاف کو تو بس یہی کافی ہے مگر اس پر اتنا اور کیا کہ "ظلم " کے ترجمہ میں لفظ تقصیر بیان فرمایا جس سے اور بھی وضاحت اور تکمیل ہوگئی۔ اب اس میں غور کرنے سے نہ آیت میں کوئی خلجان ہوتا ہے نہ آپ کے ارشاد میں اختلاف باقی رہتا ہے۔ دو لفظوں میں ایسی تحقیق فرمادی کہ لمبی لمبی بحثوں کی ضرورت نہ رہی اور طرفہ یہ کہ یہ تحقیق دو لفظی سب سے احق بالقبول معلوم ہوتی ہے۔

اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے خلجان کا منشاء کیا تھا اور ارشاد نبوی علیہ الصلاۃ والسلام کا منشاء کیا ہے۔ اور ترجمہ میں جو لفظ کچھ داخل فرمایا ہے جو اور ترجموں میں نہیں۔ وہ یہ صاف بتلاتا ہے کہ حضرت شاہ صاحب اقوال علماء کو پیش نظر رکھ کر جو بات محقق اور راجح ہے اس کو بیان فرمانا چاہتے ہیں۔ یہاں تمثیلات کے ذیل میں یہ ذکر استطراداً آ گیا اس سے زائد بسط کا موقع نہیں اور حضرات اہل علم خود بھی جانتے ہیں۔ البتہ سورہ انعام میں اس آیت کے متعلق حاشیہ پر کچھ بسط سے عرض کر دیا جائے گا۔ ان شاءاللہ

اس کے بعد "مما رزقنهم" کے ترجمہ میں "مِنْ" تبعیضیہ کا ترجمہ لفظ کچھ سے بیان فرما کر ممانعت اسراف کی طرف اشارہ کر دیا جیسا کہ تفسیر بیضاوی وغیرہ میں مذکور ہے۔ یخادعون اللہ کے ترجمہ میں فرماتے ہیں ''دغابازی کرتے ہیں اللہ سے'' جو نہایت صاف اور مناسب ترجمہ ہے اور کوئی خلجان اور وہم اس میں نہیں ہو سکتا۔ " عذابٌ

اَلیم " کے ترجمہ میں "”دکھ کی مار“ فرما کر اشارہ کر دیا کہ فعیل بمعنی مفعول ہے جو استعمال مفرد اور راجح ہے اور محاورہ کے موافق۔ "بما کانوا یکذبون" میں یکذبون کا ترجمہ ظاہر کے خلاف ”جھوٹ کہتے تھے“ فرماتے ہیں۔ ”جھوٹ بولتے تھے“ نہیں فرمایا جو سہل اور ظاہر کے موافق تھا۔ اس کی وجہ ان شاءاللہ یہی ہے کہ ”جھوٹ بولتے تھے“ بظاہر اس سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ان لوگوں کا کاذب ہونا بیان کرنا مقصود ہے۔ اور اس کی وجہ سے ان پر "عذابٌ الیم" ہوگا۔ حالانکہ یہ بات نہیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ وہ لوگ "آمنا باللہ وبالیوم الآخر" جھوٹ کہا کرتے تھے یعنی منافق تھے۔ اور "عذابٌ اَلیم" اس نفاق کے بدلے میں ہوگا۔ فللہ درہ ماالطف طبعه واسلم ذوقه واحد نظره

اور سنیے "ما یشعرون" اور "لا یشعرون" جو ان آیات میں مذکور ہیں دونوں جگہ "یشعرون" ایک لفظ ہے کوئی فرق نہیں۔ اس لیے حضرات مترجمین دونوں کے ترجمہ میں کچھ فرق نہیں فرماتے تھے مگر حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ اول کا ترجمہ "نہیں بوجھتے" اور دوسرے کا "نہیں سمجھتے" فرماتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ جہاں تامل اور فکر کی حاجت ہوتی ہے۔ اس کے سمجھنے میں کچھ تامل کی حاجت ہے اور امرِ ثانی یعنی منافقوں کا مفسد ہونا بالکل ایک امرِ ظاہر ہے۔ ادنی تامل کی بھی حاجت نہیں۔ قاضی بیضاوی رحمہ اللہ نے اس موقع میں "لا یشعرون" اور "لا یعلمون" کا فرق بیان کیا ہے۔ شاہ صاحب نے یہ کیا کہ ایک لفظ "یشعرون" کو دو موقعوں میں لانے سے بوجہ اختلاف محل جو باریک فرق نکلتا تھا اس کی طرف اشارہ فرما گئے۔

اس کے بعد عرض ہے کہ ہم نے یہ چند نظائر چھوٹی بڑی جو شروع قرآن مجید کے صفحہ ڈیڑھ صفحہ کے متعلق ہیں موضح القرآن سے بطور نمونہ اور تنبیہ عرض کر دیے ہیں۔ اس کو دیکھ کر ترجمہ موصوف کی خوبی اور کیفیت بھی معلوم ہو سکتی ہے۔ اور ہمارے معروضات سابقہ کی تصدیق کے لیے ان شاء اللہ کافی ہیں۔ اور ترجمہ مذکور کا اول سے آخر تک یہی رنگ ہے۔ چنانچہ اہل علم پر واضح ہے مگر ہم اس امر سے معذور ہیں کہ جیسا ہم نے بطور نمونہ اس مقام کے متعلق

چند نظائر عرض کی ہیں اس طرح پر تمام ترجمہ کے نظائر اور فوائد کو بیان کریں اور نہ اس کی حاجت۔ البتہ جو بات قابل تنبیہ ہوگی اس کو اپنے اپنے موقع پر بالاجمال یا بالتفصیل حاشیہ پر فوائد کے ذیل میں ان شاءاللہ عرض کر دیں گے اور اہل فہم کو ایک دو جزو غور سے سمجھ لینے کے بعد ان امور کے سمجھنے میں سہولت ہو جائے گی۔

یہ امر بھی عرض کر دینے کے قابل ہے کہ حضرت حجۃ اللہ علی العالمین شاہ ولی اللہ قدس سرّہٗ نے جب قرآن شریف کا ترجمہ فرمایا تو حاشیہ پر ضروری فوائد بھی کچھ تحریر فرمائے۔ مگر نہایت مختصر اور مجمل اور بہت کم موقعوں پر جو عام مسلمانوں کو کسی مرتبہ میں بھی کافی نہیں ہوسکتے۔ اس کے بعد حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ نے ترجمہ فرمایا تو حضرت ممدوح نے فوائد کو بھی ایک مقدار کافی ضروری تک بڑھا دیا۔ جو نہایت مفید اور کارآمد ہیں۔ مگر مختصر عبارت اور سادہ الفاظ میں کہ بعض مواقع میں ہر کوئی سہوت سے نہیں سمجھ سکتا۔

اب اصل ترجمہ کی کیفیت بیان کرنے کے بعد اپنی ترمیم کے متعلق عرض ہے کہ یہ تو پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ ترمیم صرف دو امر کے متعلق ہے:

۱. لفظ متروک کو بدل دینا۔
۲. اور کہیں کہیں حسب ضرورت اجمال کو کھول دینا۔

اس کے بعد اتنا اور عرض ہے کہ جس موقع پر ہم کو لفظ بدلنے کی نوبت آئی ہے وہاں ہم نے یہ نہیں کیا کہ اپنی طرف سے جو مناسب سمجھا بڑھا دیا نہیں بلکہ حضرات اکابر کے تراجم میں سے لینے کی کوشش کی ہے۔ خود موضح قرآن میں دوسری جگہ کوئی لفظ مل گیا یا حضرت شاہ عبدالقادر صاحب کی اردو تفسیر میں یا حضرت مولانا رفیع الدین کے ترجمہ میں یا حضرت مولانا رفیع الدین کے ترجمہ میں یا "فتح الرحمٰن" میں۔ حتی الوسع ان میں سے لینے کو پسند کیا ہے۔ البتہ کچھ مواقع ایسے بھی نکلیں گے جہاں کسی وجہ سے ہم نے اپنے خیال کے موافق کوئی لفظ داخل کر دیا ہے۔ اور جہاں ہم نے کوئی لفظ بدلا ہے وہاں دونوں باتوں کا خیال رکھا۔ یعنی لفظ ہلکا، سہل، محاورہ کے موافق بھی اور مطابق غرض اور موافق مقام بھی پورا ہو اور جس جگہ ایسا لفظ ہم کو نہیں ملا وہاں جانب معنٰی کو ترجیح دی ہے۔ یعنی لفظ موافق مراد اور مناسب مقام کو اختیار کیا

ہے۔ گواس میں کسی قدر طول ہویالفظ بہت مشہور نہ ہو۔ اور ہم نے جس جگہ کسی مصلحت سے ترتیب کو بدلا ہے یااور کوئی تغیر کیا ہے تو یہ ضرور لحاظ رکھا ہے کہ اس کی نظیر حضرات اکابر کے تراجم میں موجود ہونی چاہیے۔ ایسا تغیر جس کی نظیر مقدس حضرات کے تراجم میں نہ ہو ہم نے کل ترجمہ میں جائز نہیں رکھا۔ اتفاق سے اگر کوئی موقع اس غرض کے خلاف ہو تو وہ یقیناً ہمارا سہو ہے یا خطا۔ بالقصد جان بوجھ کر ہم نے ایسا کہیں نہیں کیا۔

حضرات علماء میں بعض کلماتِ قرآنی کے ترجمہ میں باہم کچھ خلاف ہوا ہے۔ اور بعض آیات کے مطلب میں بھی کچھ نزاع ہے سوایسے مواقع میں ہم نے حضرت شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ ہی کا اتباع کیا ہے۔ الا ماشاء اللہ کہ کسی موقع پر حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرّہٗ کی متابعت اختیار کی ہے۔

فوائد کے متعلق یہ عرض ہے کہ موضح القرآن کے جملہ فوائد کے لینے کا انتظام کیا گیا ہے۔ مگر شاذونادر کے کسی وجہ سے اس کے بیان کرنے کی حاجت نہیں سمجھی اور فوائد میں چونکہ ہر طرح سے گنجائش اور وسعت ہے ترجمہ کی طرح قید اور تنگی نہیں تواس لیے ہم نے اکثر یہ کیا ہے کہ حضرت ممدوح کے فوائد کو اپنی عبارت میں بیان کیا ہے اور تقدیم و تاخیر تغیر و تبدل اجمال و تفصیل وغیرہ امور سے احتراز نہیں کیا۔ اور بہت سے فوائد بالاستقلال مفید اور نافع سمجھ کر مختلف موقعوں سے لے کر اپنی رائے سے بڑھادیے ہیں۔

اور حضرت شاہ صاحب کی تقلید کی وجہ سے ترجمہ میں اگر کسی جگہ قدرے تنگی رہ گئی تواس کے بدلے میں مکافات سے بھی زائد فوائد میں اس کو واضح کر دیا گیا ہے۔ اور بغرض تشریح و تسہیل و تکمیل فوائد کی تفسیر کو ہم نے اختیار کیا۔ فوائد میں طول ہو جانے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جو کوئی مترجم فوائد لکھتا ہے وہ صرف کلامِ مجید کے متعلق لکھتا ہے۔ اور احقر کواس کے علاوہ حضرت شاہ صاحب کے ترجمہ کے متعلق بھی بعض مواقع میں کچھ کچھ عرض کرنے کی نوبت آتی ہے۔ کیونکہ ہماری تمام سعی کا لب لباب دراصل ترجمہ موصوف کی خدمت گزاری ہے۔ بس کیونکہ بعض بعض مقامات پر کچھ کچھ ترمیم کرنے سے حقیقت میں یہ دوسرا ترجمہ نہیں ہوگیا۔ اس لئے اس کا کوئی نام مستقل مقرر کرنا بھی ٹھیک نہیں تھا۔ مگر صرف دفع التباس اور رفع اشتباہ کی مصلحت سے مناسب معلوم ہوا کہ اگر اصل ترجمہ کے نام کے علاوہ اس کا بھی کچھ نام

رکھ دیا جائے تو التباس واشتباہ سے پورا بچاؤ رہے گا۔ اُس کا نام "موضح قرآن" ہے اِس کا نام "موضح فرقان" بہت مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ایک کے ہیں ایک، اور ہیں دو کے دو، کہنے کو دو اور حقیقت میں ہیں ایک، مگر موضح قرآن میں یہ خوبی ہے کہ تاریخی بھی ہے۔ موضح فرقان تاریخی نہیں، ہاں گھٹا بڑھا کر کچھ تکلف کے بعد تاریخی بھی ہو سکتا ہے۔

قطعہ

یادگارِ شہِ عبد القادر ترجمہ موضح قرآن مجید

وہ کہ آں معدن صد خوبی را کرد ترمیم اقل العبید

بے شش و پنج بگفتہ محمود سال او موضح فرقان حمید

(۱۳۳۶ھ)

اس کے بعد یہ عرض ہے کہ سب مسلمانوں پر فرض ہے کہ اپنے رب کو پہچانیں اور اس کی صفات اور اس کے احکام کو معلوم کریں۔ اور تحقیق کریں کہ حق تعالیٰ کون سی باتوں سے خوش ہوتا ہے اور کون سی باتوں سے غصہ ہوتا ہے۔ اور اس کے خوشی کے کاموں کو کرنا اور اس کی ناخوشی کے کاموں سے بچنا اسی کا نام بندگی ہے اور جو بندگی نہ کرے وہ بندہ نہیں۔ اور سب کو معلوم ہے کہ آدمی جب پیدا ہوتا ہے سب چیزوں سے ناواقف اور محض انجان ہوتا ہے۔ پھر سکھلانے سے سب کچھ سیکھ لیتا ہے اور بتلانے سے ہر چیز جان لیتا ہے۔ اسی طرح حق کا پہچاننا اور اس کی صفات اور احکام کا جاننا بھی بتلانے اور سکھانے سے آتا ہے۔ لیکن جیسا کہ حق تعالیٰ نے ان باتوں کو قرآن شریف میں خود بتلایا ہے ویسا کوئی نہیں بتلا سکتا اور جو اثر اور برکت اور ہدایت خدائے تعالیٰ کے کلام پاک میں ہے وہ کسی کے کلام میں نہیں۔ اس لیے عام خاص جملہ اہل اسلام کو لازم ہے کہ اپنے اپنے درجہ کے موافق کلام اللہ کے سمجھنے میں غفلت اور کوتاہی نہ کریں۔

سو قرآن شریف کے اوپر کے درجہ کے مطالب اور خوبیاں تو عالموں کے سمجھنے کی بات ہے مگر جو لوگ کہ علم عربی سے ناواقف ہیں ان کو بھی کم سے کم اتنا ضرور کرنا چاہیے کہ علمائے دین نے جو سلیس ترجمے ان کی زبان میں عوام کی

واقفیت اور ہدایت کے لیے کردیے ہیں ان کے ذریعہ سے اپنے معبودِ حقیقی کے کلام کے سمجھنے میں ہرگز کاہلی نہ کریں اور اس نعمتِ لازوال سے بالکل محروم نہ رہیں کہ بہت بڑی بدبختی اور کم قسمتی ہے، مگر اس میں اتنا اندیشہ ضرور ہے صرف فارسی خواں یا اردو داں جو محاورات عرب سے ناواقف ہے محض سلیس ترجمہ کو دیکھ کر کچھ کا کچھ سمجھ جائے گا۔ کیونکہ پچھلی بات کا پہلی بات سے ملنا یا جدا ہوجانا اکثر مواقع میں بدوں بتلائے ناواقف کی سمجھ میں نہیں آتا۔ اور کسی مضمون مجمل اور مبہم میں کچھ کا کچھ سمجھ جانا عوام سے کچھ بعید نہیں۔ یہاں تک کہ بعض آیتوں میں ضمیر کے مرجع میں غلطی کھا کر خرابی میں پڑنے کا اندیشہ ہے۔ نیز یہ امر بھی ضروری ہے کہ کلامِ الٰہی کے معنیٰ بلا سند معتبر نہیں اور سلف صالحین کے مخالف کسی آیت کے معنیٰ لینے جہل اور گمراہی ہے۔ بالخصوص موضح القرآن کے ان فوائد کو سمجھنا جو کہ جگہ جگہ حضرت شاہ صاحب نے اشارۃً ارشاد فرمائے ہیں، بدوں بتلائے عالم واقف کے ممکن جیسا کہ ابھی معروض کر آیا ہوں۔ سو ان وجوہ سے لازم ہے کہ استاد سے سیکھنے میں مسلمان کاہلی اور کوتاہی نہ کریں اور محض اپنی رائے پر اعتماد کر کے ثواب کے بدلے اللہ کا غصہ نہ کمائیں۔ واللہ الموفق وھو یھدی السبیل

یہ مضمون حضرت شاہ صاحب کا ہے جو تھوڑی سی تفصیل اور تغیر کے ساتھ ہم نے مفید سمجھ کر عرض کر دیا ہے۔ اگر کاش مسلمانانِ ہند اس مفید قابل اہتمام مضمون کی پابندی کرتے تو آج ترجمہ موضح القرآن کے سمجھ میں نہ آنے کی شکایت نہ کرتے۔ اور جو حضرات ترجمہ موصوف کے سمجھنے میں آج سست اور کاہل نظر آتے ہیں وہ دوسروں کے سمجھانے میں چست اور مستعد نظر آتے۔

حضرات علماء عام اہلِ اسلام کی بہبودی اور نفع رسانی کی غرض سے سہل سے سہل نئے نئے ترجمے شائع کرتے رہتے ہیں۔ مگر انصاف سے اس وقت تک نفع مذکور باوجود کثرت تراجم عام اور شائع طور پر اہلِ اسلام میں نہیں پھیلا۔ جب تک خود اہل اسلام ترجمہ قرآن شریف کو ضروری اور مفید سمجھ کر اپنے شوق اور توجہ سے سیکھنا اور سمجھنا نہ چاہیں گے اس وقت تک تکثیر تراجم سے عوام کو کیا نفع پہنچا سکتا ہے۔ شیخ علیہ الرحمۃ نے کیا خوب فرمایا ہے:

قطعہ

فہم سخن تا نکند مستمع قوت طبع از متکلّم مجوئے
فسحتِ میدانِ ارادت بیار تا بزند مرد سخن گوئی گوئے

حضرات علماء نے عوام کی بہبودی کی غرض سے جیسے سہل اور آسان متعدّد ترجمے شائع فرمادیے ہیں ایسے ہی اس کی بھی حاجت ہے کہ علی العموم مسلمانوں کو ان ترجموں کے سیکھنے اور ان کے سمجھنے کی طرف رغبت بھی دلائی جائے۔ علمائے کرام اہل اسلام کو خاص طور سے ترجموں کے سمجھنے اور پڑھنے کی ضرورت اور اس کی منفعت دل نشین کرنے میں کوتاہی نہ فرمائیں۔ بلکہ ترجمہ کی تعلیم کے لیے ایسے سلسلے بھی قائم فرمادیں کہ جو چاہے بسہولت اپنی حالت کے مناسب اور فرصت کے موافق حاصل کرسکے۔ واللہ الموفق والمعین

التماس اخیر

حضرت شاہ صاحب کے اصل ترجمہ کا احسن التراجم اور انفع التراجم ہونا تو ان شاءاللہ ایسا نہیں کہ اہل علم و دیانت میں کوئی اس کا منکر ہو۔ ہاں احقر نے جو اس کی خدمت اور ترمیم کی ہے اس کی نسبت ضرور ہم کو خلجان ہے۔ اس لئے اہل علم وانصاف کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر یہ ترجمہ شائع ہوکر کسی وقت آپ حضرات تک پہنچے تو اس کی حاجت ہے کہ ایک نظر اس کو ملاحظہ فرماکر جو امور قابلِ اصلاح معلوم ہوں ان سے ہم کو مطلع فرمانے میں تامل نہ فرمائیں۔ اور اگر کوئی صاحب بالاستقلال ترمیم فرمانا زیادہ پسند کریں تو وہ بالاستقلال اس خدمت کو انجام دینے میں سعی فرمائیں۔ ہماری غرض صرف یہ ہے کہ یہ عمدہ اور مفید ترجمہ جو اہل علم اور عوام دونوں کو مفید ہے ایک تھوڑے سے بہانہ سے نظروں سے نہ گر جائے۔ اور ہم اس کے فیض سے محروم نہ رہ جائیں۔ اور ایک صدقہ جاریہ میں خلل اور نقصان نہ آجائے۔ جس طرح ہو اور جو کوئی اس کی تلافی اور تدارک بہتر سے بہتر کرسکے وہ اس میں کوتاہی نہ کرے۔

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لیے


إن أكرمكم عند الله أتقاكم
القرآن الكريم